★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 18 رمضان المبارک 1446ھ، 19 مارچ 2025ء، 5 چیت 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 142

2018 والی نااہل حکومت نے دہشتگردی کیخلاف جنگ کے ثمرات کو ضائع کیا، وزیراعظم

جو ملک، قوم، افواج پاکستان، شہیدوں و غازیوں کے ساتھ نہیں وہ دہشت گردوں کا ساتھی اور ان کا اتحادی ہے، اہم اجلاس میں حزب اختلاف کی عدم شرکت کو افسوسناک اور غیر سنجیدہ طرز عمل ہے: شہباز شریف

دہشت گردی کے خلاف سب کو متحد ہو کر آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی حفاظت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے فوجی جوان اور ان کے اہل خانہ ہماری طرف دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 2018 میں بننے والی نااہل حکومت نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں حاصل ہونے والے ثمرات کو ضائع کیا۔ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے قومی نوعیت کے اہم اجلاس میں حزب اختلاف کی عدم شرکت کو افسوسناک اور غیر سنجیدہ طرز عمل قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپوزیشن کی اجلاس میں عدم شرکت قومی ذمے داریوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

LAHORE PRESS CLUB

لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کو پریس کلب دورے کے موقع پر پھول پیش کر رہے ہیں

پرویز الٰہی کے گھر پر چھاپے کے دوران گرفتار 15 ملزمان کیخلاف ٹرائل کی کارروائی ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

شہباز شریف 19 تا 22 مارچ سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے

دفتر خارجہ نے وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب کے مقاصد بتا دیے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف 19 تا 22 مارچ سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دورے کا مقصد دو طرفہ تعلقات مضبوط بنانا، اقتصادی تعاون کو فروغ اور سرمایہ کاری کے مواقع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

حکومت آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے پر کامل یقین رکھتی ہے، عطا تارڑ

صحافی برادری ملک کا اہم ستون ہے، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کی نیشنل پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار

وفاقی سیکریٹری اطلاعات عنبرین جان اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن کی بھی نیشنل پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے نیشنل پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات کی اظہر جتوئی کو صدر، نیئر علی کو سیکریٹری، وقار عباسی کو سیکریٹری خزانہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے دیگر نومنتخب عہدیداران کو بھی مبارکبادی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ حکومت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پی ٹی آئی کا مقصد پاکستان کیخلاف کام کرنیوالی فورسز کو سپورٹ کرنا ہے، عظمیٰ بخاری

ملک وقوم کی سلامتی کی بات ہو تو یہ بائیکاٹ پر چلے جاتے ہیں، ان کو شاید پاکستان، عوام کے جان و مال سے کوئی غرض نہیں: صوبائی وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

صوبہ خیبر پختونخوا کو 600 ارب روپے دہشتگردی کیخلاف لڑنے کے لئے دیئے گئے وہ سارا پیسہ کہاں خرچ کیا گیا، ان کے لئے اہم یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو مٹن ملا ہے یا نہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا مقصد پاکستان کے خلاف کام کرنے والی فورسز کو سپورٹ کرنا ہے، ملک وقوم کی سلامتی کی بات ہو تو یہ بائیکاٹ پر چلے جاتے ہیں، ان کو شاید پاکستان اور عوام کے جان و مال سے کوئی غرض نہیں، ان کا ایجنڈا پاکستان، ملک کے خلاف ہونے والی سازشیں، ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس

دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کا فیصلہ

ملکی سلامتی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کا اجلاس منعقد ہوا جو 6 گھنٹے سے زائد جاری رہا، دہشت گردوں کی کسی بھی قسم کی مدد، سوشل میڈیا ترویج اور پروپیگنڈے پر تشویش کا اظہار

کمیٹی نے کیورٹی فورسز و قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کو اس کی تمام شکلوں میں ختم کرنے کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا، آرمی چیف نے اختتام پر دعا کرائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی سلامتی کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کا اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا جو 6 گھنٹے سے زائد جاری رہا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس میں قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی نے دہشت گردی کی حالیہ کارروائیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)


Prime Minister's National Hepatitis C Elimination Programme
Successful Completion of the Pilot Project in Gilgit Baltistan
Recognition Ceremony, March 17, 2025
Hepatitis C Free Pakistan by 2030
INTEGRAL GLOBAL

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے بحرین کے کمانڈر نیشنل گارڈ کی ملاقات

علاقائی سیکیورٹی صورتحال، دو طرفہ عسکری تعاون کو مزید فروغ دینے کے مواقع پر بھی بات چیت

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے بحرین کے کمانڈر نیشنل گارڈ جنرل شیخ محمد بن عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ نے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق بحرین کے نیشنل گارڈ کے کمانڈر جنرل شیخ محمد بن عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آئی ایم ایف نے پاکستان کو مقامی بینکوں سے قرض لینے کی اجازت دے دی

پاکستانی اور آئی ایم ایف حکام کے درمیان پالیسی مذاکرات کے اختتام کے بعد فیصلہ سامنے آیا

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کو مقامی بینکوں سے 12 کھرب 50 ارب روپے قرض لینے کی اجازت دے دی۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کو سرکاری قرضوں میں اضافہ کئے بغیر گردشی قرضے کو کم کرنے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

9 مئی کیسز، بانی پی ٹی آئی کی ضمانتوں پر سماعت 24 مارچ تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی جناح ہاؤس سمیت نومئی کے آٹھ مقدمات میں ضمانتوں پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان سے سوزوکی کے سی ای او ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری وسائل پر پسماندہ علاقوں کے عوام کا پورا پورا حق ہے، مریم نواز

دو سال سے کم عمر بچوں کی ماؤں اور حاملہ خواتین ''آغوش'' پروگرام کے تحت 23 ہزار روپے کیش ایجنٹ سے حاصل کر سکیں گی

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت اپنی نوعیت کے پہلے اور منفرد ''آغوش'' پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر دو سال سے کم عمر بچوں کی ماؤں اور حاملہ خواتین کو ''آغوش'' پروگرام کے تحت 23 ہزار روپے ملیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور سے وزیراعظم کی معاون خصوصی رومینہ خورشید ملاقات کر رہی ہیں

سلامتی کونسل افغانستان سے پاکستان میں ہونیوالی دہشتگردی کیخلاف کارروائی کرے، منیر اکرم

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

آئی پی پیز کے ٹیرف میں کمی کے حوالے سے درخواست نیپرا میں جمع کروادی گئی

لاہور (این این آئی) آئی پی پیز کے ٹیرف میں کمی کے حوالے سے درخواست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اس وقت تمام ڈیپارٹمنٹ کسی اور طاقتوں کے ہاتھ میں ہیں، اے ٹی سی جج

اسلام آباد کے پراسیکیوٹر بہت ضدی ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ہم جج کے برابر ہیں، جج طاہر عباس سپرا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی ایم پی اے علی شاہ کی درخواست ضمانت بعد از گرفتاری پر سماعت کے دوران انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ اس وقت تمام ڈیپارٹمنٹ کسی اور طاقتوں کے ہاتھ میں ہیں۔ کیس کی سماعت شروع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پی ٹی آئی نے پھر قومی سلامتی کے معاملے پر سیاست کو ترجیح دی، نیئر حسین بخاری

قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی میں شرکت نہ کرنا طالبانائزیشن کی حمایت کے مترادف ہے' اظہار مایوسی

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی نیئر حسین بخاری نے پی ٹی آئی کے قومی سلامتی اجلاس میں عدم شرکت کے فیصلے پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ نیئر حسین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

جعلی ویڈیو کیخلاف صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کی درخواست نمٹا دی گئی

عدالت نے ایف آئی اے کی رپورٹ پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جعلی ویڈیو کیخلاف وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی درخواست ایف آئی اے رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی۔ چیف جسٹس لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

The Federation of Pakistan Chambers of Commerce & Industry

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا پاکستان چیمبر آف کامرس کے صدر عاطف اکرام و دیگر کیساتھ گروپ فوٹو

ملک میں قوانین موجود مگر عملدرآمد نہیں ہوتا، سپریم کورٹ

بچوں کے اغوا کے خلاف ازخود نوٹس کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بینچ نے کی

بچوں کے اغوا سے متعلق کیس میں عدالت نے قومی کمیشن برائے تحفظ اطفال کے نمائندے کو طلب کر لیا: کورٹ ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس جمال خان مندوخیل نے بچوں کے اغوا سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ ملک میں قوانین تو موجود ہیں مگر ان پر عمل نہیں ہوتا۔ ملک بھر میں بچوں کے اغوا کے خلاف ازخود نوٹس کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بینچ نے کی، جس میں عدالت نے قومی کمیشن برائے تحفظ اطفال کے متعلقہ نمائندے کو آئندہ سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

چینی کی قیمتوں کا آج کوئی حل نکل آئے گا' ہارون اختر

چینی برآمد کی مشروط اجازت صرف پچھلے سیزن کیلئے تھی، چینی 130 روپے کلو دی جا رہی، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر کا کہنا ہے کہ چینی کی قیمتوں کا آج کوئی حل نکل آئے گا اور چینی کی قیمت ساری عمر کے لیے مقرر نہیں ہوئی تھی۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں ہارون اختر نے کہا کہ مشروب ساز کمپنیاں مہنگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

30 سے زائد ملک یوکرین میں امن فوج بھیجنے کے لیے تیار ہیں، برطانیہ

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر کے ترجمان نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری میں 150 افراد جاں بحق

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے منگل کو علی الصبح غزہ کی پٹی کے متعدد علاقوں پر شدید فضائی بمباری کی۔ اس کے نتیجے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

بازارِ حصص میں مثبت رجحان، 643 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج صبح کاروبار کے آغاز میں مثبت رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازارِ حصص (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

کاشتکاروں کو 1 ہزار ٹریکٹرز بذریعہ شفاف قرعہ اندازی مفت فراہم کئے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر زراعت

مکوآنہ (این این آئی) وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب زیادہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے ترکمانستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ایم کیو ایم کے ایم این اے محمد اقبال کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری

محمد اقبال کو گورنر سندھ کامران ٹیسوری پر تنقید کرنے پر ایم کیو ایم نے نوٹس جاری کیا ہے

کراچی (این این آئی) رکن قومی اسمبلی ایم کیو ایم محمد اقبال خان کو اظہار وجوہ کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ محمد اقبال کو گورنر سندھ کامران ٹیسوری پر تنقید کرنے پر ایم کیو ایم نے نوٹس جاری کیا ہے۔ نوٹس کے مطابق محمد اقبال خان کو 24 مارچ کو بہادر آباد میں پیش ہو کر جواب جمع کرانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ڈی ایس پیز سے ملاقات کے دوران ان کے پروموشن کیسز بارے مسائل سن رہے ہیں

تحریک انصاف کا قومی سلامتی کمیٹی اجلاس میں شرکت سے انکار

پی ٹی آئی کا کوئی نمائندہ اجلاس میں نہیں جائیگا' علی امین گنڈاپور بطور وزیراعلیٰ شریک ہوں گے' مرکزی رہنما سلمان اکرم راجہ

ملکی سلامتی کیلئے بلائی گئی کسی بھی میٹنگ میں ہر سیاسی جماعت کے نمائندوں کو بلایا جائے، محمود اچکزئی' پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے قومی سلامتی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت سے انکار کر دیا۔ اسلام آباد میں تحریک تحفظ آئین کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہم نے اس اجلاس میں شریک ہونے سے انکار کر دیا ہے، یہ فیصلہ ہم نے گزشتہ روز سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں کیا، تحریک انصاف کا کوئی نمائندہ اجلاس میں نہیں جائے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جج صاحب انصاف دیں، قانون کا تماشہ نہیں بننا چاہیے' علیمہ خان

ہم ملزم ہیں اسلام آباد سے آئے ہیں، پیش نہ ہوں تو کہتے ہیں گرفتار کر لیں گے، لاہور میں گفتگو

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ جج صاحب کی ذمے داری ہے کہ انصاف دیں، قانون کا تماشہ نہیں بننا چاہیے۔ لاہور میں میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

دہشت گردی نامنظور۔۔۔
مذمت مذمت

اسلام آباد: ایکس سروس مین سوسائٹی کی جانب سے دہشتگردی کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

65ء کی جنگ کے ہیرو ایم ایم عالم کی 12 ویں برسی منائی گئی

لاہور (این این آئی) 1965 کی جنگ کے ہیرو ایم ایم عالم کی 12 ویں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے پر بروقت تجدید کرائیں، ترجمان

مکوآنہ (این این آئی) شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے پر بروقت تجدید کرائیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پنجاب میں لیڈی رینجرز کی پاسنگ آؤٹ پریڈ، 23 ریکروٹس نے حلف اٹھالیا

لاہور (این این آئی) پاکستان رینجرز پنجاب میں لیڈی رینجرز ریکروٹس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: ڈنمارک کے سفیر وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال سے ملاقات کر رہے ہیں

آئی پی پیز کے ٹیرف میں کمی کی درخواست، سماعت 24 مارچ کو مقرر

7 آئی پی پیز اور سی پی پی اے نے ٹیرف پر نظر ثانی کے لیے مشترکہ درخواستیں دائر کیں

اسلام آباد (این این آئی) آئی پی پیز کے ٹیرف میں کمی سے متعلق درخواست نیپرا میں جمع کرا دی گئی، نیپرا اتھارٹی درخواست پر 24 مارچ کو سماعت کرے گی۔ 7 آئی پی پیز اور سی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

پشاور کینٹ میں وکلاء کے داخلے پر پابندی کیخلاف انتظامیہ کو نوٹس جاری

4 دن میں کینٹ انتظامیہ سے جواب طلب کرتے ہیں، انہیں بھی سنیں گے' جسٹس صاحبزادہ اسد

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے کینٹ میں وکلاء کے داخلے پر پابندی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

خیبر پختونخوا میں ادویات اسکینڈل میں 1 ارب 25 کروڑ کی خورد برد کا انکشاف

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ادویات اسکینڈل میں 1 ارب 25 کروڑ کی خورد برد کا انکشاف سامنے آیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لیہ: ڈپٹی کمشنر امیرا بیدار اوپن ڈور پالیسی کے تحت خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

میو اسپتال ہلاکتیں، محکمہ صحت پنجاب اور پرنسپل میو اسپتال سے جواب طلب

لاہور ہائیکورٹ میں انجکشن سے ہونے والی ہلاکتوں کی انکوائری رپورٹ طلب کرنے کی درخواست کی سماعت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں میو اسپتال میں انجکشن سے ہونے والی ہلاکتوں پر محکمہ صحت پنجاب اور پرنسپل میو اسپتال سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں میو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پاک فوج فتنہ خوارج کو جڑ سے ختم کر کے رہے گی، میاں خالد پرویز انجم

دشمن جان لے ان شاء اللہ پاکستان قائم رہنے کیلئے بنا ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک قائم و دائم رہے گا

اٹلی (این این آئی) چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن لمبارڈیا اٹلی میاں خالد پرویز انجم نے کہا پاک فوج فتنہ خوارج کو جڑ سے ختم کر کے رہے گی۔ دہشت گردوں کا سر کچلنے کیلئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لاہور ہائیکورٹ نے نجی کالج واقعہ سے متعلق درخواستیں نمٹا دیں

سوشل میڈیا پر جھوٹا پراپیگنڈا کیا گیا، کالج میں کسی بچی کے ساتھ نہ تو زیادتی ہوئی نہ ہراساں کرنے کا کوئی واقعہ پیش آیا' ڈپٹی اٹارنی جنرل

دیگر تعلیمی اداروں میں طالبات کی ہراسگی کے مبینہ واقعات کی تحقیقات کیلئے درخواستگزاروں کو چیف سیکرٹری پنجاب سے رجوع کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے فل بینچ نے نجی کالج واقعہ سے متعلق درخواستیں نمٹا دیں جبکہ دیگر تعلیمی اداروں میں طالبات کی ہراسگی کے مبینہ واقعات کی تحقیقات کے لئے درخواست گزاروں کو چیف سیکرٹری پنجاب سے رجوع کرنے کا حکم دیدیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ نے نجی کالج کے واقعہ سے متعلق کیس کی سماعت کی، فل بینچ میں جسٹس علی ضیا باجوہ اور جسٹس عبہر گل خان شامل تھیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: سینئر ممبر پاکستان ٹیکس ایڈوائزر ایسوسی ایشن چوہدری امانت بشیر و دیگر کا افطار پارٹی کے موقع پر گروپ فوٹو

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

چین نے منصفانہ مارکیٹ مسابقت کے لئے نئے اقدامات متعارف کروادیئے

بیجنگ (شنہوا) چین نے اپنے منصفانہ مسابقت کے جائزے کے ضوابط پر عملدرآمد بہتر بنانے کے لئے اقدامات متعارف کرائے ہیں، اس کا مقصد تمام مارکیٹ شراکت داروں کو یکساں مواقع فراہم کرنا اور علاقائی تحفظ پسندانہ طریقوں سے آزاد ایک یکساں قومی مارکیٹ بنانا ہے۔ ریاستی انتظامیہ برائے مارکیٹ ضابطہ کار نے کہا ہے کہ یہ 48-دفعات پر مشتمل اقدامات 20 اپریل سے نافذ العمل ہوں گے، اس میں مجموعی جائزہ لینے کی ضروریات، محکمہ جاتی ذمہ داریوں، جائزہ کے معیار، میکانزم اور طریقہ کے ساتھ ساتھ نگرانی کے اقدامات کی تفصیلات مہیا کی گئی ہیں۔ منصفانہ مقابلہ جائزے کے بارے میں ضوابط گزشتہ سال نافذ کیے گئے تھے تاکہ حکام کو ایسے اقدامات ترتیب دینے سے روکا جا سکے جو مارکیٹ میں مقابلے کو خارج یا محدود کریں۔

واکس ویگن اور ایف اے ڈبلیو 2026 سے چین میں 11 نئے ماڈلز متعارف کرائیں گے ولفسبرگ

جرمنی (شنہوا) واکس ویگن گروپ اور چین کے فرسٹ آٹوموبائل ورکس (ایف اے ڈبلیو) نے ایک اسٹریٹجک معاہدے پر دستخط کئے ہیں، اس کے تحت 2026 سے چین میں 11 نئے ماڈلز متعارف کرائے جائیں گے جس میں 10 نئی توانائی کی گاڑیاں (این ای ویز) بھی شامل ہیں۔ واکس ویگن کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق نئے ماڈلز میں 6 بیٹری الیکٹرک گاڑیاں (بی ای ویز)، 2 پلگ-ان ہائبرڈز اور 2 رینج-ایکسٹینڈڈ الیکٹرک گاڑیاں شامل ہیں۔ یہ اقدام کمپنی کی ”چین میں، چین کے لئے“ حکمت عملی کا حصہ ہے تاکہ دنیا کی سب سے بڑی گاڑیوں کی منڈی میں اپنی جگہ کو مضبوط کیا جا سکے۔ واکس ویگن نے کہا کہ جیٹا برانڈ بھی 2026 تک اپنا پہلا الیکٹرک ماڈل متعارف کرائے گا جو چین میں بڑھتی ہوئی موجودگی میں بی ای وی حصے کو ہدف بنائے گا۔

چینی معیشت کا ترقی کی رفتار میں اضافے کے ساتھ 2025 میں اچھا آغاز

بیجنگ (شنہوا) چینی معیشت نے ترقی کی اچھی رفتار برقرار رکھتے ہوئے مستحکم صنعتی کارکردگی اور موثر میکرو پالیسیوں کے ساتھ سال کا مستحکم انداز میں آغاز کیا ہے۔ قومی ادارہ شماریات (این بی ایس) کے مطابق جنوری اور فروری 2025 کے دوران بہت سے کلیدی اشاریوں میں ٹھوس اضافہ دیکھا گیا ہے، روزگار عمومی طور پر مستحکم رہا اور نئی پیداواری قوتوں نے ترقی جاری رکھی۔ این بی ایس کے ترجمان فو لنگ ہوئی نے پریس کانفرنس میں کہا کہ پہلے 2 ماہ میں معیشت کی مستحکم کارکردگی کی بدولت چین کے پاس 2025 کے لئے تقریباً 5 فیصد کی سالانہ ترقی کے ہدف کو حاصل کرنے کے لئے زیادہ سازگار حالات ہیں۔ 2025 کے پہلے 2 ماہ میں چین کی ویلیو ایڈڈ صنعتی پیداوار میں سالانہ بنیاد پر 9.5 فیصد کا اضافہ ہوا جو اہم معاشی اشاریہ ہے۔ فروری میں صنعتی پیداوار میں جنوری کے مقابلے میں 51.0 فیصد کا اضافہ ہوا۔

اسرائیلی فضائی حملوں میں حماس کے سینئر عہدیداران جاں بحق

غزہ (شنہوا) فلسطینی سکیورٹی اور طبی ذرائع نے کہا ہے کہ منگل کو علی الصبح غزہ کی پٹی پر بڑے پیمانے پر اسرائیلی فضائی حملوں کے دوران حماس کے زیر انتظام حکومت کے کئی اعلیٰ عہدیدار جاں بحق ہو گئے ہیں۔ حماس حکومت کے سکیورٹی ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں کم از کم 5 اعلیٰ عہدیداران اور ان کے خاندان کے افراد شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق عہدیداران میں حماس کے سیاسی بیورو کے رکن اور غزہ میں حکومت کی عملدرآمد نگران کمیٹی کے سربراہ عصام الجلیس، حماس کی وزارت انصاف کے نائب وزیر احمد عمر الحطہ، حماس کے نائب وزیر داخلہ محمود ابو وطفہ، حماس کی داخلی سکیورٹی سروس کے ڈائریکٹر جنرل بہجت حسن ابو سلطان اور سیاسی بیورو کے رکن اور غزہ میں ہنگامی کمیٹی کے سربراہ ابوعبیدہ الجماسی شامل ہیں۔

چینی شہروں نے اسمارٹ نظم ونسق میں پیشرفت کے لئے ڈیپ سیک سے چلنے والی خدمات کو اپنا لیا

بیجنگ (شنہوا) چین میں ڈیجیٹل تبدیلی کی کوششوں کے دوران ملک کے کئی شہروں نے نظم ونسق اور شہری انتظام کو بہتر بنانے کے لئے ڈیپ سیک پر مبنی اے آئی خدمات کو اپنا لیا ہے۔ یہ اقدام چین کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے تاکہ ایک ڈیجیٹل نظم ونسق قائم کرتے ہوئے اعلیٰ کارکردگی کی حامل انتظامیہ کی جانب منتقلی کو تیز کیا جاسکے، اس کا مقصد بہتر زندگی کے لئے عوام کی بڑھتی ہوئی خواہشات کو پورا کرنا ہے۔ چین کا جنوبی ٹیکنالوجی مرکز شین زین، حکومتی خدمات میں ڈیپ سیک ماڈل کا اطلاق کرنے والا ملک کا پہلا شہر بن گیا ہے۔ شہر کے ضلع لونگ گانگ کی مقامی حکومت نے فروری کے اوائل میں اپنی ڈیجیٹل بنیادی سہولیات میں ڈیپ سیک-آر آئی ماڈل کی مقامی سطح پر تنصیب کا عمل مکمل کر لیا ہے، اس نے 20 ہزار سے زائد سرکاری ملازمین کو ذہین معاونت فراہم کی ہے۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا اور ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ڈاکٹر محمد عابد خان موجود تھے۔ پنجاب کے مختلف اضلاع، یونٹس اور ونگز میں خدمات انجام دینے والے ڈی ایس پیز نے شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ اجلاس میں حالیہ پروموشن بورڈ میں ترقی سے محروم رہ جانے والے افسران نے گزارشات پیش کیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس میں میرٹ، سنیارٹی اور شفافیت کی بنیاد پر پروموشنز کا عمل بلاتعطل جاری ہے۔

آئی پی پی کے مرکزی وصوبائی قائدین پارٹی سیکرٹریٹ میں دیئے گئے افطار ڈنر اور ملک میں حالیہ دہشت گردی کے خلاف عوام کو متحد کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

استحکام پاکستان پارٹی کے زیر اہتمام افطار ڈنر، دہشت گردی کیخلاف قوم کو متحد کرنے کیلئے اہم اجلاس

پاک فوج، قومی سلامتی کے اداروں کی قربانیاں پوشیدہ نہیں، فوج کے خلاف بولنے والے محب وطن نہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا صوبے میں برق رفتار ترقی کا ویژن آنے والوں کے لئے سنہری مثال ہو گا

لاہور (خبرنگار) استحکام پاکستان پارٹی کے زیر انتظام مرکزی سیکرٹریٹ میں دیئے گئے افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی قائدین کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور سہولت کاروں کو انجام تک پہنچانے کے حوالے سے آئی پی پی کا موقف انتہائی واضح ہے۔ پاکستان کو امن و استحکام کی منزل تک پہنچا جائیں گے۔ آج ملک میں موجود افراتفری اور خوف کے سائے مزید گہرے نہیں ہونے دیں گے، قوم کو دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لئے برسر پیکار پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں میڈیا نمائندگان کو دیئے گئے افطار ڈنر اور حالیہ دہشت گردی کے خلاف قوم کو متحد کرنے کیلئے استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں کے اہم اجلاس میں سید صمصام علی بخاری، رانا نذیر احمد خان، ایم پی اے شعیب صدیقی، ملک زمان نصیب، رانا جاوید اقبال، ڈاکٹر جویریہ سہروردی سمیت دیگر نے شرکت کی۔ آئی پی پی رہنماؤں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا دہشت گردی پر قابو پانے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ بہترین اور بروقت ہے۔ آئی پی پی اس حوالے سے قومی اسمبلی میں ہونے والے پارلیمانی کمیٹیوں کے اجلاس میں بھر پور حصہ لے گی۔ آئی پی پی دہشت گردی کے واقعات کی بھر پور مذمت کرتی ہے جبکہ سوچی سمجھی سازش کے تحت ملکی امن تباہ کیا جارہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ چند عاقبت نا اندیش بہکاوے میں آ کر سوشل میڈیا پر فوج مخالف پراپیگنڈہ کر رہے جو دشمن عناصر کو مضبوط کر رہا۔ قیام امن کے بغیر استحکام ناممکن، سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کی تمام کاوشوں کے باوجود دہشت گردی کا خاتمہ ضروری۔ پاک فوج اور قومی سلامتی کے اداروں کی قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں، فوج کے خلاف بولنے والے محب وطن نہیں ہو سکتے۔ پارٹی رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے شہداء ارض وطن کی حرمت کی خاطر کسی صلے کے بغیر جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں۔ استحکام پاکستان پارٹی پنجاب اور وفاق میں بطور اتحادی جماعت بہترین سیاسی رداد ادا کر رہی ہے۔ گفتگو میں پنجاب حکومت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پارٹی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا صوبے میں برق رفتار ترقی کا ویژن آنے والوں کے لئے سنہری مثال ہو گا۔ دیگر صوبوں کی نسبت پنجاب میں خوشحالی مسلم لیگ ن کی تیس سالہ سیاسی تدبر اور بہترین حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی منزل امن واستحکام ہے اور آئی پی پی پاکستان کو اسی منزل تک پہنچانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کر رہی ہے۔ اس وقت ہمیں ایک قوم کی صورت متحد ہو کر سازشوں کا مقابلہ کرنا ہو گا اور سازشی عناصر کو بے نقاب کر کے انہیں کیفر کردار تک پہنچانا ہوگا۔ جعفر ایکسپریس کا حالیہ واقعہ ہمارا لئے میدان عمل میں متحرک ہونے کا پیغام ہے کہ اس وقت ہمیں بغیر کسی تفریق کے پاک فوج اور ریاست کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ انہیں نے سوشل میڈیا کے استعمال کے دوران جذبہ حب الوطنی کو ملحوظ خاطر رکھنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ آخر میں استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی وصوبائی رہنماؤں کی جانب سے ریاست میں میڈیا کے کردار پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا اور اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا گیا کہ بلا شبہ میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے جس کی وجہ سے عوام میں فہم وشعور اور حالات سے آگاہی پہنچ رہی ہے۔ میڈیا کے کردار کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اجلاس کے ابتدا میں بلوچستان سمیت ملک بھر میں ہونے والی دہشت گردی کے نتیجے میں شہادت پانے والوں کے ایصال ثواب اور بلندی درجات کے لئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی اور پاک فوج کے ساتھ بھر پور اظہار یکجہتی کیا گیا۔

تعمیر - ترقی - خوشحالی



نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈی جی ایل ڈی اے سے ہاؤسنگ ونگ کے افسران کی ملاقات، ڈی جی ایل ڈی اے نے چارج سنبھالنے والے افسران کو ٹاسک سونپے

شہریوں کو ریلیف دینا اولین ترجیح ہے، سروس ڈیلیوری بہتر بنانا ہوگی، درخواستوں کی پراسیسنگ بروقت یقینی بنائی جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت

ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے، قبضہ وتجاوزات کسی صورت قابل قبول نہیں ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

اپنے ایریاز کی باقاعدگی سے سرویلنس یقینی بنائیں، افسران فیلڈ میں نظر آئیں، اپنی سکیموں کی بہتری کے لیے اقدامات کریں۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق سے ایل ڈی اے ہاؤسنگ ونگ کے افسران کی ملاقات ہوئی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ٹرانسفر پوسٹنگ کے بعد چارج سنبھالنے والے افسران کو ٹاسک سونپے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف دینا اولین ترجیح ہے، سروس ڈیلیوری بہتر بنانا ہوگی۔ سیٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر پر آئی درخواستوں کی پراسیسنگ بروقت یقینی بنائی جائے۔ ریکارڈ کی سفٹنگ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی، تاخیری حربے قابل قبول نہیں ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے افسران کو ہدایت کی کہ ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی پر قبضہ وتجاوزات کسی صورت قابل قبول نہیں ہیں۔ ہر ڈائریکٹر اپنے ایریاز کی باقاعدگی سے سرویلنس یقینی بنائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ افسران کی ٹرانسفر پوسٹنگ ان کی کارکردگی سے مشروط ہو گی۔ ہاؤسنگ افسران فیلڈ میں نظر آئیں، اپنی سکیموں کی بہتری کے لیے اقدامات کریں۔ افسران کی کارکردگی جانچنے کے لیے ”کے پی آئیز“ مرتب کیے جائیں گے۔ نئے تعینات ہونے والے افسران کی کارکردگی کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈی جی یو پی، ڈائریکٹر ایڈمن، ڈائریکٹر انفورسمنٹ، ڈائریکٹر انوائرنمنٹ، ڈائریکٹر سیٹیزن فیسلیٹیشن سنٹر اور ہاؤسنگ کے افسران نے شرکت کی

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس

سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے اجلاس میں شرکت کی: اجلاس کے دوران اپ گریڈیشن منصوبے اور ریکروٹمنٹ کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اپ گریڈیشن منصوبے اور ریکروٹمنٹ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں جاری ری ویمپنگ منصوبوں کو برق رفتاری سے مکمل کر رہے ہیں۔ کوشش ہے کہ کسی مریض کو سرکاری ہسپتالوں میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی وزیر صحت نے ڈی سی ضلع مری و دیگر افسران کو مقررہ وقت پر اپ گریڈیشن منصوبے کو مکمل کروانے کیلئے دو شفٹوں میں کام کو بڑھانے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر نے ریکروٹمنٹ کے عمل کو بھی بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ سپیشل سیکرٹریز طارق محمود رحمانی اور ذیشان شبیر رانا، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر وحید اصغر، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی اور ایڈیشنل سیکرٹری انور بریار نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے ڈی سی ضلع مری آغا ظہیر عباس شیرازی، ایم ایس سید احمد حسین گورنمنٹ جنرل کم ٹی بی ہسپتال مری ڈاکٹر قیصر عباسی اور ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگ ڈویژن راولپنڈی نے شرکت کی۔

Specialized Healthcare & Medical Education Department

پاکستان کی پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن کی طرف پیش قدمی

پاکستان صنعتی ترقی کے مشترکہ منصوبوں میں دلچسپی رکھتا ہے، جو نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں: ہارون اختر خان

لاہور/اسلام آباد (صابرغوری) وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے پاک سوزوکی کے سی ای او ہیروشی کاوامورا سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور جاپان کے درمیان صنعتی اور تجارتی تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران، ہیروشی کاوامورا نے ہارون اختر خان کو وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی بننے پر مبارکباد دی اور دونوں ممالک کے درمیان معاشی وصنعتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ہارون اختر خان نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان، پاک سوزوکی کے لیے ایک بڑی اور اہم مارکیٹ ہے اور آٹو انڈسٹری میں مسلسل تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان صنعتی ترقی کے مشترکہ منصوبوں میں دلچسپی رکھتا ہے، جو نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ گفتگو کا اہم موضوع پاکستان کی پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن کی طرف پیش قدمی تھا، جو وزیر اعظم کے ”اڑان“ وژن سے ہم آہنگ ہے اور ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ معاونِ خصوصی نے پاک سوزوکی کے مانگا منڈی میں بائیو گیس پلانٹ کے قیام کے منصوبے کو سراہا اور اسے گرین انرجی حل کی ایک بڑی پیش رفت قرار دیا۔ ملاقات میں گاڑیوں میں ایتھنول ایندھن کے استعمال، انجن کی مطابقت، اور مقامی سطح پر آٹو پارٹس کی تیاری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ پاکستان کی آٹو انڈسٹری کو فروغ دیا جا سکے۔ ہارون اختر خان نے پاکستان میں آٹو مینوفیکچرنگ کی لوکلائزیشن اور مقامی مواد کے استعمال کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے جاپان کے ساتھ بائیو گیس اور الیکٹرک وہیکلز (EV) منصوبوں کی اہمیت پر بھی زور دیا، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی جدت اور کلین انرجی حل میں تعاون کو مزید تقویت ملے گی۔ ”پاکستان اور جاپان مل کر صنعتی ترقی میں نئے مواقع تلاش کر سکتے ہیں،“ ہارون اختر خان نے کہا۔ یہ مذاکرات پاکستان اور جاپان کے صنعتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب ایک اور قدم ہیں، جو دونوں ممالک کی مشترکہ ترقی اور تکنیکی پیشرفت کو یقینی بنائیں گے۔

ماہ رمضان میں عوام کو 24 گھنٹے ریسکیو سروسز فراہم کی جارہی ہیں۔ خواجہ سلمان

اٹک سے رحیم یار خان تک موٹروے پر ایمرجنسی سروسز فراہم کی جارہی ہیں

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے ریسکیو ہیڈکوارٹر کا دورہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محسن درانی اور ہیڈ آف انفارمیشن دیبا شہناز نے مختلف پراجیکٹس بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے فائر سروس، ایمبولینس اور موٹر بائیک ریسکیو سروس کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر محکمہ صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ موٹر بائیک ریسکیو سروس کا رسپانس ٹائم انتہائی شاندار ہے۔ ایئر ایمبولینس سروس کے ذریعے ابھی تک 90 مریضوں کو علاج کیلئے مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر چکے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ماہ رمضان میں عوام کو 24 گھنٹے ریسکیو سروسز فراہم کی جارہی ہیں۔

اوقاف کے تحقیقی مجلہ ”معارفِ اولیاء“ کی ہائر ایجوکیشن میں بطور ریسرچ جرنل رجسٹریشن پر تقریب کا انعقاد

تقریب میں سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، خالد محمود سندھو، ڈاکٹر سلطان شاہ، مفتی محمد رمضان سیالوی ودیگر کی خصوصی شرکت

لاہور (صابرغوری) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے اوقاف کے تحقیقی مجلہ XX معارفِ اولیاء XX کی ہائر ایجوکیشن میں بطور ریسرچ جرنل رجسٹریشن پر داتا دربار میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقی رویوں کی ترویج ہی سے ترقی ممکن ہے۔ نسل نو کا جدید افکار سے روشناس ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کتاب سے دوستی انسانی شخصیات کی تشکیل میں کلیدی کردار کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عصر حاضر میں انتہا پسندی کے تدارک کیلئے، صوفیاء کی تعلیمات سے استفادہ لازم ہے۔ تشدد اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے ان کی تعلیمات کو اپنانا ہوگا۔ مفاہمت، مکالمہ اور صلح و امن کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ خانقاہیں علمی و دینی مراکز ہیں، ان سے وابستگی انتہا پسندی کے خاتمے کا ذریعہ ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور اوقاف خالد محمود سندھو، ڈین فیکلٹی آف لینگوئجز جی سی یونیورسٹی ڈاکٹر سلطان شاہ، خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی و دیگر مقررین نے کہا کہ علم وتحقیق کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کرسکتی۔ صوفیاء کے طرز زیست نے ہمارے معاشرے کو امن و محبت کا پیغام دیا۔ فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے صوفیاء کے افکار و تعلیمات سے روشنی حاصل کی جانی چاہیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل، زونل خطباء اوقاف ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان، مولانا عمران نظامی، پرنسپل جامعہ ہجویریہ (ر) صاحبزادہ بدرالزمان قادری، پرنسپل جامعہ ہجویریہ مولانا مفتی محمد عارف، ریسرچ فیلو مرکز معارف اولیاء مشتاق احمد، لینگوئج ٹیچر جامعہ ہجویریہ مولانا قاری ابوالخیر زوار حسین نعیمی اور مدرسہ جامعہ ہجویریہ کے اساتذہ وطلباء سمیت دیگر علمی، دینی اور تدریسی حلقوں کی ممتاز شخصیات بھی موجود تھیں۔ واضح رہے کہ وفاقی وزارتِ مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی حکومت پاکستان کی طرف سے محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے تحقیقی مجلہ ”معارفِ اولیاء“ کے خصوصی ”سیرت نمبر“ پر، مجلّہ کے مدیر ڈاکٹر طاہر رضا بخاری سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب کو پانچ مرتبہ ”سیرت ایوارڈ“ اور سند امتیاز بھی عطا ہو چکی ہے۔

تقریبِ تحسین

ریلویز پولیس پشاور ڈویژن بذریعہ ٹرین جعلی کرنسی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام

لاہور (صابر غوری) ریلویز پولیس پشاور ڈویژن نے بذریعہ ٹرین جعلی کرنسی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ ریلویز پولیس پشاور نے ریلوے اسٹیشن پشاور کینٹ پر کارروائی کرتے ہوئے بذریعہ ٹرین جعلی پاکستانی کرنسی کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ ریلوے مسافر مدثر اقبال کی ریلوے اسٹیشن پشاور کینٹ میں تلاشی لی گئی جس کے قبضے سے 1 لاکھ روپے کی جعلی پاکستانی کرنسی برآمد ہوئی۔ ملزم حافظ آباد کا رہائشی تھا اور جعلی کرنسی کو بذریعہ ٹرین خیبر میل پشاور سے لاہور اسمگل کرنا چاہتا تھا۔ ملزم کو موقع پر گرفتار کرکے تھانہ ریلویز پولیس پشاور کینٹ میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

ماڈل جمخانہ نے سٹرنگ کرکٹ کلب کو یکطرف مقابلے کے بعد 23 رنز سے شکست دیدی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) عمران یوسف میموریل ٹورنامنٹ ٹوئنٹی ٹوئنٹی ماڈل جمخانہ نے پہلے کھیلتے ہوئے 175 رنز بنائے، جبکہ سٹرنگ کرکٹ کلب کی جانب سے فراز نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ماڈل جمخانہ کی طرف سے حسنین اکمل شاہ نے شاندار 77 رنز کی اننگز کھیلی جمیل اور ارسلان نے 29 انفرادی سکور کئے۔ سٹرنگ کرکٹ کلب کی ٹیم ہدف کا تعاقب کرنے میں ناکام رہی اور پوری ٹیم مقررہ اوورز سے قبل ہی آل آؤٹ ہوگئی۔ ماڈل جمخانہ کی طرف سے محمد احسن نے اور محمد سعد نے 4,4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا اور ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔

کلین مشن جاری/ڈی سی لاہور کے تحصیل وائز دورے جاری

لاہور (خبرنگار) کلین مشن کے حوالے سے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل رائیونڈ کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ انہوں نے جیا بگا روڈ، صوبے آصل، ، رائیونڈ بائی پاس، بستی آمین پورہ پر صفائی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر رائیونڈ اور ایل ڈبلیو ایم سی حکام نے صفائی اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ایل ڈبلیو ایم سی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک نظر آئیں اور گندگی کے پوائنٹس کلیئر کریں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی مشن کامیاب بنانے کے لئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ گلی محلوں و کوچوں میں صفائی میکانزم کو بہتر بنانے کے لئے خصوصی فوکس کریں۔ انہوں نے کہا کہ بصری آلودگی کا سبب بننے والی اشیاء کو فی الفور ہٹایا جائے اور بینرز، پوسٹرز، ہورڈنگز و فلیکسز کو اتروایا جائے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ شہر بھر سے تجاوزات کے خاتمہ، جھگیوں و مویشیوں کے انخلاء کے لئے آپریشنز جاری رکھے جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات مافیا کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے۔

آن لائن خریداری کا جھانسہ دینے والا گروہ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار

تھانہ وحدت کالونی کے علاقہ سے آن لائن خریداری کا بہانہ بنا کر ملزمان شہری کا قیمتی موبائل لے کر فرار

ملزمان نے جعلی آن لائن ٹرانزیکشن کا دعویٰ کرکے شہری کو دھوکہ دیا

سیف سٹی اور پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں ملزمان گرفتار، مقدمہ درج

لاہور (خبرنگار) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی جدید سرویلنس سسٹم کی مدد سے لاہور کے علاقے تھانہ وحدت کالونی میں آن لائن خریداری کا جھانسہ دینے والے گروہ کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک شہری نے اپنا قیمتی موبائل فون فروخت کرنے کے لیے آن لائن اشتہار دیا، جس پر ملزمان نے رابطہ کیا اور موبائل خریدنے کے بہانے اس کے دیے گئے پتے پر پہنچ گئے۔ ملزمان نے جعلی آن لائن ٹرانزیکشن کا دعویٰ کرتے ہوئے شہری کو قریبی اے ٹی ایم جا کر رقم چیک کرنے کا کہا، اور اسی دوران وہ موبائل فون لے کر فرار ہو گئے۔ شہری نے فوری طور پر واقعے کی اطلاع قریبی تھانے میں درج کروائی اور سیف سٹی اتھارٹی کی مدد حاصل کی۔ سیف سٹی کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے کیمروں کی مدد سے کیس کو فوری طور پر ٹریک کرنا شروع کر دیا اور ملزمان کو شہر کی مختلف شاہراہوں پر سفر کرتے ہوئے شناخت کیا گیا۔ سیف سٹی اور پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا اور ان کے قبضے سے قیمتی موبائل فونز، نقدی اور دیگر ڈیجیٹل ڈیوائسز برآمد کر لی گئیں۔ تفتیش کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ یہ گروہ مختلف طریقوں سے شہریوں کو لوٹنے میں ملوث تھا اور متعدد فراڈ کے کیسز میں مطلوب تھے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ترجمان نے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ آن لائن خرید وفروخت کرتے وقت انتہائی محتاط رہیں اور ہمیشہ مکمل تصدیق اور رقم کی وصولی کے بعد ہی اپنی قیمتی اشیا کسی کو فروخت کریں۔ کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی صورت میں فوری طور پر ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں تاکہ مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔

پانی کے بحران کے حل، کالاباغ ڈیم کی تعمیر اور چولستان کینال کی تکمیل کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائیں: لاہور چیمبر

پاکستان میں ہر سال تقریباً 35 ملین ایکڑ فٹ پانی ضائع ہو کر سمندر میں گر رہا ہے کیونکہ اسے ذخیرہ کرنے کے لیے ڈیم نہیں ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے پاکستان میں پانی کے بڑھتے ہوئے بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا ہے کہ فوری اقدامات اٹھائے جائیں، کالاباغ ڈیم کی تعمیر اور چولستان کینال کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال تقریباً 35 ملین ایکڑ فٹ پانی ضائع ہو کر سمندر میں گر رہا ہے کیونکہ اسے ذخیرہ کرنے کے لیے ڈیم نہیں ہیں۔ اس سنگین صورتحال کے باعث پاکستان کو ایک تباہ کن بحران کا سامنا ہے جس کے حل کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت خطرناک حد تک کم ہو کر صرف 30 دن کی ضروریات پوری کرنے کے قابل رہ گئی ہے جبکہ عالمی معیار کے مطابق کم از کم 120 دن کے ذخائر ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کالا باغ ڈیم کی تعمیر میں مزید تاخیر کی گئی تو ملک کو پانی کی شدید قلت، زرعی پیداوار میں نمایاں کمی اور توانائی بحران جیسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میاں ابوذر شاد اور شاہد نذیر چوہدری نے کہا کہ کالا باغ ڈیم پورے ملک کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اس ڈیم کی تعمیر سے 1.6 ملین ایکڑ فٹ سے زائد پانی ذخیرہ کیا جا سکے گا اور 600,3 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی جس سے مہنگی تھرمل توانائی پر انحصار کم ہوگا۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے چولستان میں شدید پانی کی قلت پر بھی روشنی ڈالی جہاں مسلسل خشک سالی اور آبی وسائل کی عدم دستیابی سے ہزاروں انسانوں اور مویشیوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں۔ انہوں نے حکومت سے چولستان کینال منصوبے کی فوری تکمیل کا مطالبہ کیا تاکہ پانی کی مستقل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے، صحرائی علاقوں کو بنجر ہونے سے بچایا جاسکے اور وہاں کی مقامی آبادی اور معیشت کو سہارا دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو فوری اقدامات کرتے ہوئے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا تاکہ زراعت اور لائیو سٹاک کا شعبہ ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے۔

جوہر ٹاؤن، جوبلی ٹاؤن اور مصطفی ٹاؤن میں واقع کمرشل ورہائشی پلاٹوں کی قرعہ اندازی کردی گئی، 794 کامیاب درخواست گزاروں کی شرکت

ایل ڈی اے نے پی آئی ٹی بی کے تعاون سے مکمل طور پر ٹرانسپیرنٹ قرعہ اندازی کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (خبرنگار) ایل ڈی اے کے زیر اہتمام رہائشی وکمرشل پلاٹوں کی کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کا انعقاد پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے ایل ڈی اے سپورٹس کمپلیکس جوہر ٹاؤن میں کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے قرعہ اندازی کی تقریب میں شرکت کی۔ جوہر ٹاؤن، جوبلی ٹاؤن اور مصطفی ٹاؤن میں واقع کمرشل ورہائشی پلاٹوں کی قرعہ اندازی کی گئی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ قرعہ اندازی میں جن خوش نصیبوں کے پلاٹ نکلے ہیں انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ایل ڈی اے نے پی آئی ٹی بی کے تعاون سے مکمل طور پر ٹرانسپیرنٹ قرعہ اندازی کی۔ قرعہ اندازی میں جوہر ٹاؤن کے 7 مرلے اور ایک کنال، مصطفی ٹاؤن کے دو مرلے اور جوبلی ٹاؤن کے دس مرلہ کے رہائشی وکمرشل پلاٹس رکھے گئے۔ ڈی جی طاہر فاروق نے کہا کہ شہریوں کو سستی اور بہترین رہائشی منصوبوں کی فراہمی کیلئے ایل ڈی اے بھرپور کام کر رہا ہے۔ ایل ڈی اے شہریوں کو اپنی سکیموں میں واقع پلاٹ تین سال کی آسان اقساط میں دے رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت عام آدمی کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں۔ قرعہ اندازی میں 794 کامیاب درخواست گزاروں نے شمولیت کی۔ جوبلی ٹاؤن کے لیے 275، جوہر ٹاؤن 7 مرلہ کے لیے 127, ایک کنال کے لیے 107 اور مصطفی ٹاؤن کے لیے 285 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے بتایا کہ پی آئی ٹی بی نے سوڈو کوڈ کے ذریعے مکمل ٹرانسپیرنٹ طریقے سے قرعہ اندازی کی۔ قرعہ اندازی میں کامیاب شہری تین سال کی 12 مساوی اقساط پر ادائیگی کریں گے۔ ایل ڈی اے نے مزید رہائشی وکمرشل پلاٹس قرعہ اندازی کے لیے مارکیٹ میں پیش کیے ہیں۔ قرعہ اندازی میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے شہری ایل ڈی اے ویب سائٹ lda.gop.pk پر اپنا نام چیک کر سکتے ہیں۔ قرعہ اندازی میں ایڈیشنل ڈی جی ہاؤسنگ، ایڈیشنل ڈی جی سپیشل انیشیٹیو، چیف ٹاؤن پلانر، چیف آئی ٹی آفیسر، ڈائریکٹر آکشن اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ملک یوتھ کمیونٹی ہیلپ سینٹر کے زیر اہتمام ٹی ایچ کیو ہسپتال میں سحری کا اہتمام

آئیں ہمارا ساتھ دیں اور اپنے عطیات ملک یوتھ کمیونٹی کو دیں ہم انشاللہ تعالی عطیہ کی جانے والی رقوم مستحق نادار بچیوں سکول طلبا، طالبات کے تعلیمی اخراجات پر لگائیں گے: ڈاکٹر فیصل

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ملک یوتھ کمیونٹی ہیلپ سینٹر کی طرف سے ٹی ایچ کیو ہسپتال شکرگڑھ میں بے سہارا شخصیات مریضوں مریضوں کے وارثان ،ہسپتال عملہ میں سحری کا اہتمام۔ جس میں روح رواں انسان دوست شخصیت سابق سی ای او ہیلتھ گجرات ،قصور ڈاکٹر محمد افضل لطیف، ملک ثاقب سرور، ملک عقیل بابر، ملک جاوید، ملک نصیب، حاجی کبیر، ذیشان اسوی نے تمام مریضوں کو اپنے ہاتھوں سے سحری کروائی۔ یاد رہے یہ سلسلہ یکم رمضان المبارک سے جاری ہے اور اختتام رمضان المبارک تک جاری رہے گا ڈاکٹر محمد افضل لطیف صاحب کا مزید کہنا تھا کہ آئیں ہمارا ساتھ دیں اور اپنے عطیات ملک یوتھ کمیونٹی کو دیں ہم انشاللہ تعالی عطیہ کی جانے والی رقوم مستحق نادار بچیوں سکول طلبا، طالبات کے تعلیمی اخراجات پر لگائیں گے۔

الفیصل گرامر ہائی اسکول: سالانہ رزلٹ ڈے میں شاندار کامیابیوں کا جشن

تقریب میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو سرٹیفکیٹس، شیلڈز اور انعامات سے نوازا گیا

فیصل آباد (نامہ نگار) الفیصل گرامر ہائی اسکول کی سالانہ رزلٹ ڈے کی پروقار تقریب 17 مارچ 2025 کو منعقد ہوئی، جس میں طلبہ کی غیر معمولی کامیابیوں کا جشن منایا گیا۔ اسکول نے تعلیمی میدان میں شاندار کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے ضلع فیصل آباد میں ایس ایس سی کے نتائج میں مسلسل پہلی پوزیشن حاصل کرنے کا اعزاز برقرار رکھا۔ تقریب میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو سرٹیفکیٹس، شیلڈز اور انعامات سے نوازا گیا، جبکہ ایس ایس سی 2023-24 کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کو پرنسپل گولڈ میڈل اور لیپ ٹاپ دیے گئے مہمان خصوصی، چیئرمین سرفراز احمد چوہدری نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے طلبہ، والدین اور اساتذہ کی محنت کو سراہا اور تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم ہی ایک روشن مستقبل کی ضمانت ہے اور یہ معاشرے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ تقریب کا اختتام قومی ترانے کے ساتھ ہوا، جو حب الوطنی اور اجتماعی عزم کی علامت ہے۔ الفیصل گرامر ہائی اسکول کی یہ کامیابیاں دیگر تعلیمی اداروں کے لیے ایک مشعل راہ ہیں۔

مقدس ماہ میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں: ایس ای فیسکو

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں روزہ داروں کو سحری اور افطاری کے اوقات میں بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے فیسکو افسران فیلڈ میں رہیں گزشتہ روز فیسکو افسران سے میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریکوری اور لائن لاسز کو ہر صورت کنٹرول کریں خلوص نیت سے صارفین کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔

وزیر اعلی پنجاب کے رمضان نگہبان پیکج میں بڑے پیمانے پہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

نجی دکان کے مالک نے پیسے لینے آئے شہریوں کی بائیومیٹرک کرکے رقم ہڑپ کرگیا شہریوں کو پیسے وصول نا ہونے کی نوید سناتا رہا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق ظفروال میں نجی پاکستان جنرل سٹور کے مالک عرفان علی آرائیں نے وزیر اعلی رمضان نگہبان پیکج کی امدادی رقم لینے آئے سادہ لوح افراد کو لوٹنا شروع کر دیا دکاندار شہریوں کے بائیومیٹرک کر کے پیسے نکال لیتا ہے اور شہریوں کو پیسے وصول نا ہونے کی امید سنا دیتا ہے جبکہ شہریوں کو بینک کی جانب سے پیسے وصول ہونے کے میسیج موصول ہونا شروع ہو گ×یں ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دکاندار روزانہ کی بنیاد کئی لوگوں کے ساتھ اس طرح نوسربازی کرتا ہے اور ہمارے پیسے بھی نکال کے ہمیں کہتا ہے کہ آپ کی رقم موصول نہیں ہوئی ہے جبکہ بینک کی جانب سے موصول ہونے والے میسیج میں واضع لکھا ہے کہ ہماری رقم وصول ہو گئی ہے متاثرہ افراد نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز۔ ڈپٹی کمشنر نارووال سے مطالبہ کیا ہے کہ اس دکاندار کے خلاف کارروائی کی جائے ار ان کی امدادی رقم انہیں واپس دلوائی جائے۔

کسوکے روڈ پر نالے کی صفائی تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ شدید پریشان ہوکر رہ گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) کسوکے روڈ پر نالے کی صفائی تاخیر کا شکار ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ شدید پریشان ہو کر رہ گئے۔ تفصیل کے مطابق حافظ آباد کے کسوکے روڈ پر تقریباً دو ہفتے قبل نالے کی صفائی کے لیے پختہ سلیب اکھاڑ دی گئی تھی، تاہم ابھی تک صفائی مکمل نہیں کی گئی اور کچرا بھی نہیں اٹھایا گیا۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے تاکہ سڑک اور علاقے میں نکاسی آب کے مسائل حل ہوسکیں۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کے مختلف امتحانی سنٹرز کے اچانک دورے

ڈی سی نے کیو آر کوڈ سکین کر کے امیدواروں کی شناخت چیک کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کے مختلف امتحانی سنٹرز کے اچانک دورے، ڈی سی نے کیو آر کوڈ سکین کر کے امیدواروں کی شناخت چیک کی، ڈپٹی کمشنر نے نگران عملے کی حاضری، نقل کی روک تھام، سیکورٹی سمیت روشنی کے انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے دوران چیکنگ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نقل اور دھوکہ دہی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی، کیو آر کوڈ سکین ٹیکنالوجی سے نقل اور دھوکہ دہی کا راستہ بند کر دیا ہے، اب کوئی امیدوار کسی کی جگہ پرچہ نہیں دے سکتا۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ جعل سازی کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں یقینی بنائی جا رہی ہیں، اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر متعلقہ ضلعی افسران بھی امتحانی مراکز کی سخت مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

موٹر سائیکل سوار کراسنگ کرنے کے دوران بس سے ٹکرا کر جانجق ہوگیا

ریسکیو 1122 دیپالپور کالر کے مطابق ڈی پی ایس سکول کے پاس کراسنگ کرنے کے دوران موٹر سائیکل بس سے ٹکرا گیا

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور ڈی پی ایس سکول کے پاس موٹر سائیکل سوار کراسنگ کرنے کے دوران بس سے ٹکرا کر جانجق ہو گیا، ریسکیو ٹیم نے نعش ہسپتال منتقل کر دی۔ ریسکیو 1122 دیپالپور کالر کے مطابق ڈی پی ایس سکول کے پاس کراسنگ کرنے کے دوران موٹر سائیکل بس سے ٹکرا گیا۔ ریسکیو 1122 دیپالپور حادثہ میں موٹر سائیکل پر سوار نوجوان جانجق ہو گیا۔ ریسکیو دیپالپور اطلاع ملنے پر موٹر بائیک سروس اور ایمبولینس فوراً جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو 1122 دیپالپور جانجق ہونے والے نوجوان کی نعش کو ضروری کارروائی کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 دیپالپور جانجق ہونے والے نوجوان کی شناخت مصطفیٰ رمضان ولد محمد رمضان (24 سال تقریباً) سکنہ ڈولہ پختہ کے نام سے ہوئی۔

مصطفی آباد للیانی میں آوارہ کتوں کی بھر مار، راہ گیروں کا گزرنا محال

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) مصطفی آباد للیانی میں آوارہ کتوں کی بھرمار، راہ گیروں کا گزرنا محال، بچے سکول جانے سے خوف زدہ، کتوں کے کاٹنے سے متعدد افراد ہسپتال پہنچ چکے، شہریوں کا اصلاح احوال کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد للیانی میں آوارہ کتوں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی، آوارہ کتے سر عام سڑکوں، گلیوں اور راستوں پر دندناتے پھرتے ہیں۔ ان آوارہ کتوں کے کاٹنے سے کئی افراد ہسپتال بھی پہنچ چکے ہیں۔ آوارہ کتوں کے موٹر سائیکل سواروں کے پیچھے بھاگنے سے کئی افراد حادثات کا شکار بھی ہو چکے ہیں۔

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہروں کو خوبصورت اور کشادہ بنانے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائیں: کمشنر گوجرانوالہ

تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن جاری رکھا جائے اور مشینری کی کمی کو جلد پورا کیا جائے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی واضح ہدایات کی روشنی میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہروں کو خوبصورت اور کشادہ بنانے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائیں، تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن جاری رکھا جائے اور مشینری کی کمی کو جلد پورا کیا جائے اس کے علاوہ اپنے اپنے اضلاع میں شہر کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے یہ بات انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین کمشنر دفتر میں موجود تھے جبکہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک تھے اس کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اے سی جی فرخ محمود جنجوعہ، ڈی جی پی ایچ اے نعمان حفیظ، ڈی جی جی ڈی اے، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قمر زیشان، سی او جی ڈبلیو ایم سی شاہد عباس جوتہ، میٹرو پولیٹن کارپوریشن حیدر علی چٹھہ، ضلع کونسل خرم محمود، ایم ڈی واسا فیصل شوکت کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران اجلاس میں شرکت تھے کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنرز سے کہا کہ بازاروں میں تجاوزات کے مسئلے کے حل کیلئے ٹریفک پولیس اور بلدیہ کے عملہ کی مستقل ڈیوٹی لگائی جائے اور گورننس میں بہتری کا واضح فرق نظر آنا چاہیے۔

فیصل آباد سیم و تھور سے متاثرہ زمینوں کی بحالی کا کام شروع

خوشپور مسیحوں کا 125 سالہ قدیمی گاؤں ہے جس کا پچاس فیصد سے زیادہ زرعی رقبہ اس وقت ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ہے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) مسیحوں کے تاریخی گاؤں چک نمبر 51 گ ب خوشپور کے موسمیاتی تبدیلیوں خاص کر سیم و تھور سے متاثرہ زمینوں کی بحالی کا کام شروع کر دیا گیا ہے خوشپور مسیحوں کا 125 سالہ قدیمی گاؤں ہے جس کا پچاس فیصد سے زیادہ زرعی رقبہ اس وقت ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ہے یہاں کا بیشتر زرعی رقبہ سیم و تھور کی وجہ سے ناکارہ ہو چکا ہے جس کے باعث مسیحی اپنی زمینیں اونے پونے فروخت کرنے پر مجبور ہیں ان حالات کو دیکھتے ہوئے بشپ آف فیصل آباد ڈاکٹر اندریاس رحمت کی ذاتی دلچسپی سے گاؤں کی بحالی اور متاثرہ زمینوں کو بچانے کے لئے خصوصی پروگرام شروع کیا جا رہا ہے جس کے تحت معروف ریسرچر (محقق) زرعی سائنسدان اور ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے صدارتی ایوارڈ یافتہ سکالرز ڈاکٹر یوسف ریاض اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے حوالے سے ہمہ وقت مصروف سماجی رہنما جارج بوٹا کے ہمراہ کرسچین جرنلسٹس ایسوسی ایشن آف پاکستان (سی جے اے پی) کے عہدیداران (مسیحی صحافیوں) نے گاؤں کا وزٹ کیا اس موقع پر خوشپور کے کاشتکاروں نے بشپ آف فیصل آباد ڈاکٹر اندریاس رحمت کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا جبکہ بعدازاں ڈاکٹر یوسف ریاض نے متاثرہ زمینوں کا دورہ کیا اور مٹی کے سمپلز (نمونہ جات) اکٹھے کئے اس حوالے سے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یوسف ریاض نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے ہنگامی اقدامات کی ضرورت ہے مسیحیوں کے ایک بڑے اور قدیمی گاؤں کی اتنی زیادہ زرعی اراضی کا ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ اور ناکارہ ہونا افسوسناک ہے اس گاؤں کی زرعی زمینوں کو بچانے کے لئے فوری پروگرام شروع کرنے کی ضرورت ہے جس کے تحت چھوٹا سیم نالہ بنانے سمیت واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے پر غور کیا جا رہا ہے تاکہ استعمال شدہ پانی کو قابل استعمال بنا کر کاشتکاری کے لئے استعمال کیا جا سکے انہوں نے بتایا کہ سیم و تھور اور کلر سے متاثرہ زمینوں کو بحال کرنے کے لئے متبادل فصلیں کاشت کرنے کی ضرورت ہے جبکہ روزگار کی فراہمی کے لئے گاؤں میں پراسیسنگ یونٹس لگانے کی ضرورت ہے۔ بعدازاں کرسچین جرنلسٹس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے عہدیداران اور مسیحی صحافیوں کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یوسف ریاض نے کہا ماحولیاتی تبدیلی سے مسیحوں کے دیہاتوں کا متاثر ہونا زرعی اراضی کا فروخت کیا جانا الارمنگ ہے مسیحی صحافی اس حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے لئے بڑا کام کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ وہ صحافیوں کے ساتھ مل کر قومی اور بین الاقوامی سطح پر اس ایشو کو ہائی لائٹ کرنا چاہتے ہیں تاکہ ماحولیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ مسیحی آبادیوں اور دیہات کی بحالی کے کام شروع کیا جا سکے انہوں نے بتایا کہ خوشپور میں متاثرہ اراضی کی بحالی کے لئے پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جا رہا ہے جو دیگر دیہات کے لئے بھی ماڈل ثابت ہوسکتا ہے۔ قبل ازیں بشپ آف فیصل آباد ڈاکٹر اندریاس رحمت نے خوشپور پیرش ہاؤس میں شجرکاری کے سلسلے میں پودا لگایا اس موقع پر انہوں نے اور جارج بوٹا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کاتھولک چرچ مسیحی کی بحالی میں دلچسپی رکھتا ہے اس لئے ڈاکٹر یوسف ریاض اور ان کی ٹیم کو خوشپور بلایا گیا ہے تاکہ وہ مسائل کے حل کے لئے مدد و رہنمائی کریں۔

رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ کا کوٹلی بھٹہ کے دورہ

نکاسی آب کے لیے 15 روز میں ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے نالہ تعمیر کرینگے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) میاں محمد نواز شریف و میاں محمد شہباز شریف کے دیرینہ ساتھی سیالکوٹ سے رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ بزرگ سیاستدان نے کہا ہے کہ کوٹلی بھٹہ میں سیوریج اور بارش کے پانی کے نکاس کے مسئلے کے حل کے لیے ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے 23 سو فٹ طویل نالہ کی تعمیر آئندہ 15 دنوں میں مکمل کر لی جائے گی۔ یہ منصوبہ عید کے فوراً بعد عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ زیر تعمیر نالہ کا جائزہ لینے اور مقامی اہل دیہات سے بات چیت کے دوران انہوں نے بتایا کہ اس نالہ کے مکمل ہونے سے نہ صرف سیوریج کا مسئلہ حل ہو گا بلکہ بارش کے پانی کی نکاسی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ شہر اور اس کے قومی و صوبائی حلقوں میں ترقیاتی کاموں کو تیز رفتاری سے آگے بڑھایا جا رہا ہے، جبکہ تمام منصوبوں کی نگرانی بھی سخت کی جا رہی ہے تاکہ عوام دیرپا فوائد حاصل کر سکیں۔ اس موقع پر سابق یو سی چیئرمین چوہدری سلیم، ایکسین بلال قیصر، سب انجینئر بلال اعظم، سابق ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالحمید قاسم، یاسین بھٹہ اور ممبر شبیر بھٹہ بھی موجود تھے۔ مقامی نمائندوں نے اس اقدام کو عوام کی زندگیاں بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی کا شکریہ ادا کیا۔ رکن اسمبلی نے مزید کہا کہ حکومت کی ترجیح عوامی مسائل کا فوری حل ہے، خاص طور پر بنیادی سہولیات جیسے نکاس آب پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ سیالکوٹ کے ہر حصے میں ترقی کی رفتار برقرار رہے، یہ نالہ کوٹلی بھٹہ کے طویل عرصے درپیش مسئلے کو حل کرے گا، جس کے بعد علاقے میں صفائی اور صحت کے معیار میں بھی بہتری متوقع ہے۔

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول میں کتب عطیہ کرنے کی پروقار تقریب کا انعقاد

تقریب میں منہاج القرآن سینٹرل پنجاب کے سیکرٹری کوآرڈینیٹر سمیت مقامی افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

جلالپور بھٹیاں (روز نامہ قوت۔ رستم علی۔) جلال پور بھٹیاں کے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول میں کتب عطیہ کرنے کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں منہاج القرآن سینٹرل پنجاب کے سیکرٹری کوآرڈینیٹر سمیت مقامی افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی منہاج القران کی طرف سے سکول لائبریری کے لیے ایک ہزار کتب عطیہ کی گئیں۔ جلال پور بھٹیاں کے گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول میں لائبریری کو کتب عطیہ کرنے کی پروقار تقریب کا انعقاد تقریب میں مقامی افراد سمیت اساتذہ اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی منہاج القران سینٹرل پنجاب کے سیکرٹری کوآرڈینیٹر ریاست علی چدھڑ تھے مہمانوں کی آمد پر ان کا والہانہ استقبال کیا گیا تقریب میں اسکول کی لائبریری کے لیے منہاج القرآن کی طرف سے 1 ہزار کتب عطیہ کی گئیں مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کتابوں کی افادیت پر روشنی ڈالی مہمان خصوصی کی جانب سے کتابیں بھی گفٹ کی گئیں۔

فوٹو جرنلسٹس کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے: جنرل سیکرٹری سعید سومی

صحافت میں فوٹو جرنلسٹس کی اہمیت کو کسی صورت بھی جھٹلایا نہیں جا سکتا معاشرے میں مسائل کی نشاندہی کے دوران پریس فوٹو گرافرز کو بھی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) صدر پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن محمد صادق، جنرل سیکرٹری سعید سومی نے کہا ہے کہ فوٹو جرنلسٹس کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔ صحافت میں فوٹو جرنلسٹس کی اہمیت کو کسی صورت بھی جھٹلایا نہیں جا سکتا معاشرے میں مسائل کی نشاندہی کے دوران پریس فوٹوگرافرز کو بھی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مسائل حل کرنے کے لئے ہر پلیٹ فارم سے آواز اٹھائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی طرف سے ممبران میں عید گفٹ دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نیمزید کہا کہ فوٹو جرنلسٹس تمام تر مشکلات کے باوجود اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں لیکن ان کے فرائض کی انجام دہی کے لیے حکومت اور صحافتی اداروں کو بھی اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ فوٹو جرنلسٹس بھی صحافیوں کی طرح معاشرے کا حصہ ہیں اور انھیں درپیش خطرات کی صورتحال ویسی ہی ہے جیسے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والوں کو لاحق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممبران کے لئے ٹریننگ ورکشاپس، ڈیتھ گرانٹ، شادی گرانٹ، وظیفہ کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں جلد انہیں خوشخبری دیں گے۔ سینئر نائب صدر محمد امین، خلیل الرحمان، رفیق چشتی، نائب صدر ندیم شاہ، غلام مصطفےٰ،، جوائنٹ سیکرٹری اکرم وکی، فنانس سیکرٹری شوکت سلطان بٹ، سیکرٹری نشرو اشاعت شہزاد انصاری، آئی ٹی انچارج کاشف جمال ہاشمی اور دیگر اقبال کریمی، چوہدری اشرف، ندیم شاہ محمد راشد، شوکت سلطان بٹ، کاشف جمال شاہ، غلام مصطفےٰ، شہزاد انصاری، آصف غوری، اکرم وکی، فیصل سلطان، راشد مرزا، محمد بابر، محمد آصف، عبدالحق، رانا نعمان اختر، محمد بلال، محمد جاوید، خادم حسین و دیگر جرنلسٹس نے شرکت کی۔

علامہ تقی عباس جوئیہ عمرہ شریف کی سعادت حاصل کرنے پہنچ گئے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) چیئرمین بزم ولایت علی ع جناب محترم علامہ تقی عباس جوئیہ صاحب اللہ کے نبی ص اور آپ کی بیٹی سیدہ فاطمہ زہرہ سلام اللہ کا شکریہ ادا کرتے ایک بار پھر کعبہ اور روضہ رسول ص و جنت البقیع پہنچ گئے یاد رہے نومبر 2024 میں علامہ صاحب کو کعبہ میں ہارٹ اٹیک ہوا تھا۔ اس وقت علامہ صاحب مکہ میں ہیں بہت سارے دوستوں سے مکہ میں مصروفیت کی وجہ سے ملاقات نہ ہوسکی۔ 20 سے لے کر 24 مارچ تک مدینہ میں دوست ملاقات کے لئے تشریف لا سکتے ہیں۔

مصطفی آباد: چوہدری خادم علی طور کی طرف سے دعوت افطار کا اہتمام

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چوہدری خادم علی طور کی طرف سے دعوت افطار کا اہتمام، مسلم لیگ ن کے ایم این اے و ایم پی اے، سابقہ چیئرمینوں، تاجروں، صحافیوں سمیت اہم شخصیات کی شرکت، چوہدری خادم علی طور آف دفتوہ نائب صدر مسلم لیگ ن لاہور ڈویژن کے ڈیرے پر دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا، دعوت افطار میں میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری فنانس و ریونیو، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خاں، نواب حسن علی خاں، میاں عبدالخالق سابقہ چیئرمین میونسپل کمیٹی مصطفی آباد، چوہدری کاشف نیاز سابقہ چیئرمین ابراہیم آباد، باو غلام رسول صدر انجمن تاجران مصطفی آباد، مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، چوہدری فرغام طور چیئرمین زبیدہ اقبال فا×نڈیشن، چوہدری یسین گل ضلعی صدر پولٹری ایسوسی ایشن قصور، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد، حاجی غلام رحمانی خادم شہدا مصطفی آباد، سابقہ ناظم ملک عبدالستار، حاجی محمد ابراہیم، امجد قوی ایس پی رینجر، سردار ہمایوں اقبال سابقہ صدر مسلم لیگ ن تحصیل قصور، مہر اسد منیر، نواب ہمایوں گوہر، مہر شفقت علی کونسلر، مہر خالد کونسلر، راشد ڈوگر کونسلر، راشد علی ٹیپو کونسلر، رانا منیر احمد، میاں خرم شہزاد، ملک ماجد بشیر، عبدالعزیز بھلر، طارق سعید وڈانہ، رانا عرفان نمبر دار، جاوید بھٹی، عامر نیاز خان، چوہدری طارق مشتاق، چوہدری عمران طور، چوہدری عرفان طور، ابرار بھٹی، عمر شاہین سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔

غزوہ بدر نے اسلام کے دوستی اور دشمنی کے معیار کو واضح کر دیا: مولانا اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ غزوہ بدر نے اسلام کے دوستی اور دشمنی کے معیار کو واضح کر دیا۔ جنگ بدر وہ حق و باطل کا معرکہ ہے جس میں عظمت اسلام کا چاند طلوع ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم بدر کے موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر صدیقی، قاری رفیع الرحمان قادری، چوہدری عمر سلیم گجر، مولانا ضیاء المرتضی چشتی اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ میدان بدر میں صحابہ کرام نے غلبہ حق کیلئے اپنی توانائیاں صرف کر دیں اور بے سر و سامانی کے باوجود باطل کے غرور کو خاک میں ملا دیا۔

مہر اے ڈی نسیم سپرا سے ڈی پی او ساہیوال کی علمائے کرام سے ملاقات

رمضان المبارک کے دوران امن و امان کے قیام پر تبادلہ خیال

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمن خان نے رمضان المبارک کے حوالہ سے ضلع بھر کے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقات کی۔ اس دوران ماہ مقدس میں امن و امان کے قیام، بین المذاہب ہم آہنگی اور مساجد و عبادت گاہوں کی سیکیورٹی سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی پی او ساہیوال نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا ساہیوال پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ تمام مکاتب فکر کے علما کرام اس حوالے سے اپنا مثبت کردار ادا کریں تاکہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے علما کرام سے اپیل کی کہ وہ اتحاد بین المسلمین کے فروغ اور سوشل میڈیا پر شر انگیز مواد کے خلاف عوام میں شعور بیدار کریں۔ علما کرام نے قیام امن کے لیے پولیس کے اقدامات کو سراہا اور اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی پی او ساہیوال نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران سیکیورٹی کے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

PTI رہنما چوہدری مستقیم مہار کا حلقہ پی پی 104 کا دورہ، معززین حلقہ سے ملاقاتیں

حلقہ میں بسنے والے عوام میرے اپنے ہیں ان کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا فرض عین سمجھتا ہوں، اب حلقہ پی پی 104 میں وہی ان کا حقیقی نمائندہ ہوگا جو ان کی حقیقی معنوں میں خدمت کریگا، گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری مستقیم مہار کا حلقہ پی پی 104 کا دورہ، معززین حلقہ سے ملاقاتیں، فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیت۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے سینئر رہنما چوہدری مستقیم مہار کی حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہاتوں میں فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیتی ملاقاتیں مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی، بعدازاں معززین حلقہ سے بھی خصوصی ملاقات کی۔ چوہدری مستقیم مہار کا کہنا تھا کہ حلقہ پی پی 104 میرا ذاتی حلقہ ہے اس حلقہ میں بسنے والے عوام میرے اپنے ہیں ان کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا فرض عین سمجھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ پی پی 104 کے عوام کے ہمہ وقت حاضر ہوں مہار ہاؤس کے دروازے حلقہ کے عوام کیلئے دن رات کھلے ہیں، ان شاء اللہ حلقہ پی پی 104 کے عوام کی جانب سے ملنے والی محبت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا جس قدر عزت محبت اور احترام حلقہ کے عوام مجھے دیتے ہیں انشاء اللہ اس محبت کا صلہ ان کی خدمت کر کے اتاروں گا۔ مزید کہا کہ جھوٹے وعدے جعلی دعوؤں اور زبانی جمع خرچ کے ذریعے سے عوام کو بے وقوف بنانے کا وقت گزر چکا، اب حلقہ پی پی 104 میں وہی ان کا حقیقی نمائندہ ہوگا جو ان کی حقیقی معنوں میں خدمت کرے گا۔

ڈی پی او فیصل شہزاد نے ترقی پانے والے آفیسران کو رینک لگائے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفس سیالکوٹ میں نئے ترقی یاب ہونے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب 05 افسران کو رینک لگائے گئے۔ ترجمان ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایت پر ڈی پی او آفس سیالکوٹ میں سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے 05 افسران کے اعزاز میں ایک پروقار سادہ تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈی پی او فیصل شہزاد نے ترقی یاب ہونے والے افسران کے فیملی ممبران کے ہمراہ انہیں نئے عہدے کے رینک لگائے ڈی پی او نے افسران کو مبارکباد دی اور انکے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ پولیس سروس میں محکمانہ پروموشن درحقیقت ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے لہذا پرموٹ ہونے والے افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ کی پاسداری اور بہترین سروس ڈلیوری سے شہریوں کی خدمت اور تحفظ کو شعار بنائیں۔

پنجاب کو شہباز شریف کے بعد ایک ایسی وزیر اعلی ملی ہے: رانا مدثر نذر خاں

کو شہباز شریف کے بعد ایک ایسی وزیر اعلی ملی ہے جس کا دل عوام کیساتھ دھڑکتا ہے جو عوام میں سے ہے اور ان کا درد اور مسائل بارے نہ صرف پورا ادراک رکھتی ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) نائب صدر لائیرز فورم مسلم لیگ (ن) گوجرانوالہ رانا مدثر نذر خاں ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ صد شکر ہے کہ پنجاب کو شہباز شریف کے بعد ایک ایسی وزیر اعلی ملی ہے جس کا دل عوام کیساتھ دھڑکتا ہے جو عوام میں سے ہے اور ان کا درد اور مسائل بارے نہ صرف پورا ادراک رکھتی ہیں بلکہ دن رات ان کے مسائل کے حل کیلئے جی جان سے کوشش بھی کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے مریم نواز نے ایک لاکھ ہنر مند نوجوانوں کی ٹریننگ اور ملازمت کے تعین کا ہدف مقرر کر دیا ہے جو ایک خوش آئند اقدام ہے۔ مریم نواز نے ہنر مند نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر کاروبار کارڈ اور کاروبار فنانس لون دینے کی ہدایت بھی دی ہے۔ تاکہ وہ خود کفیل بن سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہنر مند افرادی قوم کو بیرون ملک بھیجنے کیلئے جامع پلان طلب کیا گیا ہے جو نوجوانوں کے لئے روزگار کے بہتر مواقع پیدا کریگا۔ رانا مدثر ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی لمحہ فکریہ ہے 'بھارت ہمارا ازلی دشمن' پاکستان کی ترقی بھارت برداشت نہیں کر سکتا اسی لیے وہ دانستہ حالات خراب کرنیکی سازش میں مصروف ہے۔ دہشت گردی پاکستان کے خلاف ایک منظم سازش ہے۔ پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا راز امن میں ہے۔ دہشت گردوں کا مکمل خاتمہ کے لئے قوم پرعزم ہے اور افواج پاکستان کیساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی میں ملوث کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

والد محترم کی وفات، ایک نا قابل تلافی نقصان ہے: مون لکھوی ایڈووکیٹ

وہ بطور انسان، بزرگ، باپ اور انسانیت کے ہمدرد ایک عظیم انسان تھے۔ ایک ایسی شاندار شخصیت کے مالک تھے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) معروف قانون دان مون لکھوی ایڈووکیٹ نے کہا کہ والد محترم حکیم ظفر اللہ قمر لکھوی جو کہ طویل علالت کے باعث خالق حقیقی سے جاملے۔ وہ بطور انسان، بزرگ، باپ اور انسانیت کے ہمدرد ایک عظیم انسان تھے۔ ایک ایسی شاندار شخصیت کے مالک تھے، جو خالص، بے لوث خدمت خلق اور فلاح انسانیت کا عملی نمونہ تھے۔ انکی ساری زندگی عوام الناس خصوصاً معاشرے کے ایسے افراد جو کمزور تصور کیے جاتے ہیں، انکی مدد کرتے ہوئے خالصتاً اللہ کی رضا کے حصول کے لئے گزری۔ انہوں نے زندگی کے شب و روز نہایت سادہ مگر باوقار انداز میں گزارے۔ انہیں جب اور جہاں کسی نے مدد کے لئے پکارا یا انکو کوئی ذمہ داری سونپی گئی تو انہوں اپنی صحت، بساط اور دائرہ کار کو پس پشت ڈالتے ہوئے اسے بھرپور انداز سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ انکی معاشرتی اور فلاحی خدمات کی ایک لمبی فہرست ہے، جن کا رحمت الٰہی کا حصول کے علاوہ کوئی نعم البدل نہیں۔ انہوں نے بطور استاد اپنی زندگی کے 28 سال محکمہ تعلیم میں گزارے۔ 1997 میں ریٹائرمنٹ لینے کے بعد جامعہ محمدیہ اوکاڑہ میں بطور ناظم ذمہ داریوں کو سنبھالا۔ اور ساتھ ہی ضلعی امن کمیٹی میں بطور ممبر اپنی خدمات شروع کردی۔ انکی عمدہ کارکردگی کے باعث کچھ ہی عرصہ بعد ڈویژن امن کمیٹی کی ممبرشپ سے بھی نوازدیا گیا۔

"بنو قابل" پروگرام کے ٹیسٹ کے رزلٹ کا اعلان 20 مارچ بروز جمعرات کو کیا جائے گا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام شروع ہونیوالے "بنو قابل" پروگرام کے ٹیسٹ کے رزلٹ کا اعلان 20 مارچ بروز جمعرات کو کیا جائے گا گوجرانوالہ سے 35 ہزار نوجوانوں اور بچیوں نے "بنو قابل" پروگرام کیلئے رجسٹریشن کروائی تھی، انشاءاللہ جتنے طلبا طالبات پاس ہونگے سب کو کورس فری کروایا جائیگا، ان خیالات کا اظہار ضلعی امیر جماعت اسلامی مظہر اقبال رندھاوا اور ڈائریکٹر "بنو قابل" پروگرام انیق حسن رندھاوا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری علی رضا حسنی، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری خرم سلیم کھوکھر بھی انکے ہمراہ تھے۔

گورنمنٹ سکولز میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اور سکول کے سرشار تدریسی عملے کے تعلیمی معماروں کے اعزاز میں تقریب

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول عارف والا کے پرنسپل مرزا محمد خان کی قیادت میں سال 2024 میں ضلع پاکپتن کے گورنمنٹ سکولز میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر اور سکول کے سرشار تدریسی عملے کے تعلیمی معماروں کے اعزاز میں خراج تحسین پیش کرنے کے لیے چیئرمین انفار میٹکس گروپ اف کالجز رانا یاسر سلیم کی جانب سے مقامی نجی ریسٹورنٹ شنواری بوفے قبولہ روڈ عارف والا میں خصوصی افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر چیئرمین ان فارمیٹکس گروپ اف کالجز رانا یاسر سلیم نے کہا کہ ہر سال پوزیشن آنا اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنا تمام اساتذہ اور پرنسپل کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے والدین بھی اپنے بچوں کی بہترین تعلیم و تربیت کے لئے اساتذہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں اچھا استاد ہی بچوں کو تعلیمی میدان میں کامیابیوں سے ہمکنار کر سکتا ہے کیونکہ اساتذہ ہی بہترین تعلیم کے ذریعے ملک و قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں افطار ڈنر کے موقع پر گورنمنٹ ایم سی ہائی اسکول عارفوالا کو ضلع پاکپتن کے تمام سکولوں سے پہلی پوزیشن سے ہمکنار کرنے والے طیب مدثر کے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لئے تحائف دیئے گئے اور ان کو نقد انعام سے بھی نوازا گیا۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں اور دیہات کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں میں جاری صفائی ستھرائی، نئی سڑکوں، گلیوں کی تعمیر کا جائزہ لیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں اور دیہات کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں میں جاری صفائی ستھرائی، نئی سڑکوں، گلیوں کی تعمیر کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے علی ٹاؤن، دھیر نکے لالکے اور دیگر دیہات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو ہدایت کی کہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بھی صفائی ستھرائی کے کاموں میں بہتری نظر آنی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے علی ٹاؤن میں تعمیر ہونے والی نئی گلیوں کا بھی دورہ کیا اور انکے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے دھیر نکے لالکے کا بھی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت دیہی سطح پہ صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نے سیرے تارڑ تا پنڈی والا تعمیر ہونے والی نئی سڑک کا بھی دورہ کیا اور وہاں تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے علی ٹاؤن، جھاریوالہ میں مریم نواز ہیلتھ فیلڈ ہسپتال کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بلوچستان میں دہشتگردی: مشاورت ہی نہیں عملی اقدامات بھی کیے جائیں

وزیر اعظم شہباز شریف نے جعفر ایکسپریس سانحہ کے دو روز بعد بالآخر کوئٹہ کا دورہ کیا، زخمیوں کی عیادت کی اور ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے بعد پریس کانفرنس بھی منعقد کی۔ دہشت گردی کو مسترد کرنے اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ انہوں نے اس المناک سانحہ کے بعد قومی یک جہتی پر زور دیا اور کہا کہ تمام سیاسی قائدین کو عسکری قیادت کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے موجودہ چیلنج کا مقابلہ کرنا چاہیے۔

اس تجویز کے بعد تاہم وزیر اعظم نے یہ وضاحت نہیں کی کہ وہ یہ مقصد کیسے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ کیا کوئی ایسی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے گی جس میں تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی لیڈروں کو مدعو کیا جائے گا بلکہ اس کانفرنس کو حقیقی معنوں میں قومی یک جہتی اور کسی ایک نکتہ پر اتفاق رائے کی علامت بنانے کے لیے کیا حکومت عمران خان کو پیرول پر رہا کر کے اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دے گی؟ تا کہ حقیقی معنوں میں دہشت گردی، انتشار و فساد کے خلاف کوئی ایسا لائحہ عمل بنایا جاسکے جس پر سب لیڈر اور فوجی قیادت متفق ہو۔ البتہ وزیر اعظم نے اس اہم معاملہ پر چند جملے کہنے کے بعد زیادہ وقت دہشت گردوں کو صلواتیں سنانے اور فوجی قیادت کی توصیف میں صرف کیا۔ اس لیے سوال پیدا ہوتا ہے کہ شہباز شریف جسے قومی اتحاد کہہ رہے ہیں، کیا وہ محض سیاسی چال ہے یا حکومت حقیقی معنوں میں کسی قومی اتفاق رائے کی طرف بڑھنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

کوئٹہ سے پشاور جانے والی گاڑی پر حملہ اور اس کے مسافروں کو 36 گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھنے کا واقعہ پوری قوم کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی تھا۔ اس کے بعد قومی اسمبلی میں اس بارے میں سرکاری بیان جمع کرایا جاسکتا تھا اور ان وجوہات پر روشنی ڈالی جاسکتی تھی جن کی وجہ سے یہ سانحہ رونما ہوا۔ اور ایسے رہنما اصول بیان کیے جاتے جن کی بنیاد پر حکومت مستقبل میں ایسے کسی سانحہ کی روک تھام کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاہم دیکھا جاسکتا ہے کہ وزیر داخلہ جو درحقیقت اس ساری صورت حال میں بنیادی ذمہ داری کے حامل تھے، اس موقع پر قومی اسمبلی میں تشریف ہی نہیں لائے۔ البتہ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے اس موضوع پر بات کرتے ہوئے اسے انٹیلی جنس کی ناکامی قرار دیا۔ اور حکومت کی نااہلی سے معنون کیا۔ دوسری طرف تحریک انصاف کی تنقید کو مسترد کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے تحریک انصاف کے بیانات کو بھارتی میڈیا سے مماثل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف اس معاملہ کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے۔ پوری دنیا اس موقع پر پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے لیکن صرف تحریک انصاف مخالفت کر رہی ہے۔ یہ وقت ملک کے پچیس کروڑ لوگوں کی سلامتی اور حفاظت پر غور کرنے کا تقاضا کرتا ہے لیکن تحریک انصاف کا سوشل میڈیا اس وقوعہ کو پریشان کن طریقے سے پیش کر رہا ہے۔

ایسے ماحول میں جب پارلیمنٹ میں اپوزیشن اور حکومتی نمائندے ایک دوسرے کی نیک نیتی پر سوال اٹھا رہے ہیں، وزیر اعظم نے تمام سیاسی لیڈروں اور عسکری قیادت کے درمیان ملاقات کا عندیہ دیا ہے۔ یا شاید یہ کسی نوعیت کی آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا ارادہ ہو جس میں دہشت گردی کے خلاف متفقہ فیصلہ کرنے پر اتفاق کیا جائے۔ اس معاملہ میں تاہم مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکی ہیں، اس لیے سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا وزیر اعظم بھی اس موقع سے فائدہ اٹھا کر سیاسی چال چلنے اور کوئی ایسا بیانیہ بنانے کی کوشش تو نہیں کر رہے جس کے ذریعے اس سانحہ کو حکومت پر اعتماد بحال کرنے کا ذریعہ بنایا جاسکے۔ یہ شبہ اس لیے بھی پیدا ہوتا ہے کہ حکومتی نمائندے عام طور سے تحریک انصاف کے بارے میں کسی خوش گمانی کا مظاہرہ نہیں کرتے اور نہ ہی تحریک انصاف کسی ایسے معاملہ میں کوئی نرمی دکھانے یا قومی مقصد کی خاطر متوازن اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔

جعفر ایکسپریس پر حملہ ناگہانی، افسوسناک اور حیرت انگیز تھا۔ انتہائی دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں کوئٹہ سے پشاور جانے والی ٹرین کو دھماکے سے روکا گیا۔ پھر بندوقوں کے زور پر مسافروں کو ٹرین سے اتار کر خودکش بمبار حملہ آوروں کے ساتھ بٹھا دیا گیا تا کہ کوئی بھی بھاگنے کی کوشش نہ کرے۔ متعدد ذرائع اس بارے میں انٹیلی جنس کی ناکامی کے بارے میں سوال اٹھا رہے ہیں۔ یہی سوال بجا طور سے عمر ایوب نے بھی قومی اسمبلی میں اٹھایا ہے لیکن جیسے ڈاکٹر کے نشتر اور ڈاکو کے خنجر میں فرق ہوتا ہے، ویسے ہی قومی ہمدردی سے اٹھائے جانے والے سوال اور سیاسی مقاصد سے حکومت کو مطعون کرنے کے لیے الفاظ کے چناؤ میں بھی فرق ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا پر تحریک انصاف کے ہمدردوں کی طرف سے اس واقعہ کو ریاست پاکستان کی ناکامی سے محمول کرتے ہوئے حکومت کو اس کا ذمہ دار قرار دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن اس تنقید کا براہ راست نشانہ سیکیورٹی فورسز کو بنایا گیا ہے جن کے بارے میں تحریک انصاف کا خیال ہے کہ وہ موجودہ حکومت کی سرپرست ہیں اور تحریک انصاف کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرنے پر آمادہ نہیں ہیں۔

بلوچستان میں ٹرین پر ہونے والے حملے اور مسافروں کو یرغمال بنانے کے لیے طویل منصوبہ بندی، مہارت اور تفصیلی خاکہ تیار کرنے کی ضرورت تھی۔ یہ کام کسی اچانک سوچ کا نتیجہ نہیں ہو سکتا تھا۔ بلکہ دہشت گردوں نے بہت سوچ سمجھ کر اس کی پلاننگ کی اور اپنا بیانیہ عام کرنے کے لیے اس حملہ کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کی کوشش کی۔ بھارتی میڈیا نے اس بارے میں بھرپور طریقے سے ان کا ساتھ دیا۔ یہ خبریں سامنے آچکی ہیں کہ فوج کا آپریشن شروع ہونے سے پہلے جب تک دہشت گرد ٹرین اور مسافروں کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے تھے، وہ نہ صرف افغانستان میں اپنے منصوبہ سازوں سے ہدایات لے رہے تھے بلکہ بھارتی میڈیا کو بھی وقوعہ سے براہ راست فوٹیج اور خبریں ارسال کی جا رہی تھیں۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ نے پہلے ٹی وی انٹرویو میں اور اب ایک پریس کانفرنس میں واضح کیا ہے کہ اس دوران بھارتی میڈیا جعلی تصاویر اور مصنوعی ذہانت سے تیار کیے ہوئے خاکوں و نقشوں کی مدد سے صورت حال کی یک طرفہ تصویر دکھانے میں مصروف رہا۔ اس واقعہ کو پاکستان کے ساتھ دشمنی نکالنے کے موقع کے طور پر استعمال کیا گیا۔ حالانکہ ایک ذمہ دار ہمسایہ کے طور پر نئی دہلی حکومت کو دہشت گردی کا شکار ہونے پر پاکستان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنا چاہیے تھا۔ بھارت عام طور سے پوری دنیا میں پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام لگانے اور خود کو معصوم ثابت کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ تاہم اس موقع پر جھوٹی خبریں پھیلا کر اور پاکستان میں معصوم مسافروں کو تشدد و دہشت کا نشانہ بنانے والوں کا پروپیگنڈا عام کر کے بھارتی حکومت و میڈیا نے واضح کیا ہے کہ اسے دہشت گردی سے زیادہ پاکستان کو نقصان پہنچانے اور کسی بھی طرح وطن عزیز میں انتشار پیدا کرنے سے غرض ہے۔ کیوں کہ اس سے اس کے سیاسی واسٹریٹیجک مفادات پورے ہوتے ہیں۔

اسی حوالے سے اگر پاکستانی انٹیلی جنس نظام کی ناکامی پر سوال اٹھایا جاسکتا ہے تو اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ پاک فوج نے انتہائی مہارت اور دلیری سے نہایت مختصر وقت میں سینکڑوں مسافروں کو رہا کرایا۔ ایک طرف دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا تو دوسری طرف یہ کوشش کی گئی کہ کسی مسافر اور عام شہری کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ پاک فوج اس مقصد میں بڑی حد تک کامیاب ہوئی ہے۔ یہ آپریشن دہشت گردی اور گوریلا جنگ جوئی کا مقابلہ کرنے کی تاریخ میں یادگار اور مثالی مہارت کے ثبوت کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ اس کامیابی پر پاک فوج اور اس مشکل آپریشن میں شریک ہونے والے افسر اور جوان بلاشبہ پوری قوم کی تحسین کے حق دار ہیں۔ اس دہشت گردی کے بارے میں قبل از وقت معلومات فراہم نہ ہونے کا شبہ یا موجودہ حکومت کی سیاسی و منتخب حیثیت کے بارے میں سوالات، پاک فوج کی اس دلیری، جان بازی اور کامیابی کو دھندلا نہیں سکتے۔ دوست و دشمن کو یکساں طور سے اس کا اعتراف کرنا چاہیے۔ پاک فوج نے بلاشبہ قوم کو یقین دلایا ہے کہ مشکل ترین حالات میں بھی وہ شہریوں کی حفاظت کا فرض ادا کرنے کے لیے تیار رہتی ہے۔

سیاسی پارٹیوں کو بھی حکومت کی نااہلی پر سوال اٹھاتے ہوئے یہ دھیان میں رکھنا چاہیے کہ ان نوجوان افسروں اور جوانوں کے حوصلے اور جاں بازی کو فراموش نہ کریں جو جان ہتھیلی پر رکھ کر دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں اغوا کیے گئے سینکڑوں مسافروں کو بازیاب کرانے کے لیے پہنچے اور اس میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ کسی بھی سانحہ کے بعد جائز سوال اٹھانا اور ان کے جواب تلاش کرنا بے حد اہم ہوتا ہے۔ پاک فوج اور حکومت نے اگرچہ اس واقعہ کی ذمہ داری افغانستان اور بھارت پر عائد کی ہے لیکن دہشت گردی کا ایک پیچیدہ منصوبہ محض بیرون ملک تربیت یا مالی و عسکری مدد سے پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔ بلکہ اس کی کامیابی کے لیے ملک کے اندر موجود دہشت گرد نیٹ ورک اور اس کے سہولت کاروں کا کردار بھی اہم ہوتا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے سانحہ کے بعد اب اس نیٹ ورک کو توڑنا اور مستقبل میں ایسے کسی خطرناک حملہ کی روک تھام کے لیے کام کرنا اہم ہے۔ اسی لیے اس واقعہ کی وجوہات کے بارے میں اٹھائے گئے جائز سوالات کو ملک دشمنی قرار دینے کی بجائے، مبنی برحقیقت نشاندہی سمجھنا چاہیے۔

اس حوالے سے اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ ہفتہ عشرہ پہلے پاکستانی فورسز نے امریکی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بلوچستان سے ہی ایک خطرناک دہشت گرد شریف اللہ کو گرفتار کر کے امریکہ کے حوالے کیا تھا۔ اس گرفتاری کے دس دن بعد جعفر ایکسپریس کا سانحہ یہ سوال اٹھاتا ہے کہ کیا کسی دہشت گرد گروہ نے پاکستانی شہریوں اور فوج کو اس کی سزا دینے کی کوشش کی ہے؟ اس کے ساتھ ہی یہ سوال بھی اہم ہے کہ اگر امریکی انٹیلی جنس اپنے فوجیوں کی ہلاکت میں ملوث ایک دہشت گرد کی نشاندہی کے لیے موثر طریقے سے سراغ رسانی کے ذرائع استعمال کر سکتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ وہ یہی سہولت پاکستان میں ہونے والے ایک سنگین وقوعہ کے بارے میں قبل از وقت معلومات فراہم کرنے کے لیے فراہم نہیں کر پائی۔ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ دہشت گردی کے حوالے سے تعاون کرتے ہوئے ملک کے اندر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے بارے میں نگرانی اور معلومات کے تبادلے کی یقین دہانی حاصل کرنی چاہیے۔

اس سانحہ کی ذمہ داری بلوچ لبریشن آرمی نے قبول کی ہے لیکن انہوں نے عورتوں و بچوں سمیت معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، اور سفاکی سے مسافروں کو گولیاں ماریں یا خودکش بمباروں کے ذریعے دہشت زدہ کرنے کی کوشش کی۔ اس رویہ نے بلوچ عوام میں بھی ان شدت پسند عناصر کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔

قومی زوال کے تین غیر ریاستی کردار (4)

وجاہت مسعود

کسی قوم میں تعلیمی صورتحال نہ صرف اس کی معیشت سے جڑی ہے بلکہ سیاسی اور تمدنی ارتقا بھی علمی معیار اور تعلیم کے پھیلاؤ سے متعین ہوتا ہے۔ نو آبادیاتی ہندوستان میں مقامی باشندوں کے لیے جدید تعلیم کی آواز 19 ویں صدی کے ابتدائی برسوں میں راجہ رام موہن رائے نے اٹھائی۔ عین اس وقت جب برطانوی حکومت فورٹ ولیم کالج قائم کر رہی تھی، رام موہن رائے نے قدیم علوم کے احیا کی بجائے جدید علوم بالخصوص سائنس کی تعلیم پر زور دیا۔

سرسید احمد خان نے راجہ صاحب کی سوچ تک پہنچنے میں پچھتر برس لیے اور 1876ء میں علی گڑھ تحریک شروع کی جو جدید اور قدیم کا امتزاج ہونے کے علاوہ مخصوص طبقاتی تشخص بھی رکھتی تھی۔ تاہم سرسید برطانوی ہندوستان کے مسلمانوں میں جدیدیت کی علامت ٹھہرے اور ان کے ردعمل میں قدامت پسندوں کا دھارا نمودار ہوا۔ سرسید کے خیالات سے متاثر ہونے والوں میں ابوالکلام آزاد کا مقام بہت بلند ہے۔ مولانا آزاد صحافی، ادیب اور مذہبی رہنما ہونے کے علاوہ تحریک آزادی کی ہراول سیاسی جماعت کانگرس کی مرکزی قیادت کا حصہ تھے۔

کانگرس کی تاریخ میں مولانا آزاد کا نام گاندھی، نہرو اور پٹیل کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ مولانا 'الہلال' کے زمانے ہی سے تعلیم کے موضوع پر لکھتے چلے آرہے تھے۔ اگرچہ انہوں نے خود مذہبی طریق پر تعلیم پائی تھی لیکن جدید تعلیم کی اہمیت سے پوری طرح آگاہ تھے۔ میدان سیاست میں اترنے کے بعد ان کی صحافت اور علمی اشغال کے لیے وقت کی کمی آڑے آئی تاہم ان کی سوچ مسلسل تعلیم کے سوال پر مرتکز رہی۔ آزاد ہندوستان میں مولانا کو تعلیم کی وزارت دی گئی اور وہ 1958ء میں اپنی وفات تک اس منصب پر فائز رہے۔

مولانا نے آزاد ہندوستان میں تعلیمی پالیسی کے خدوخال مرتب کیے۔ نتیجہ یہ کہ آج عالمی سطح پر خواندگی کی شرح 3.86 فیصد ہے جبکہ ہندوستان میں شرح خواندگی 81 فیصد ہے۔ بھارت میں تعلیمی معیار کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ دنیا کے اہم ترین معاشی اور کاروباری اداروں کے سربراہ ہندوستانی نژاد افراد ہیں۔

اب اپنے ملک کی طرف لوٹتے ہیں۔ 1947ء میں موجودہ پاکستان کی شرح خواندگی 11 فیصد کے لگ بھگ تھی۔ 1960ء کے بعد دنیا بھر میں ہر چار سال بعد شرح خواندگی میں پانچ فیصد اضافہ ہوا ہے لیکن پاکستان میں بالغ شرح خواندگی 60 فیصد ہے۔ گویا کل آبادی میں دس کروڑ بالغ افراد ان پڑھ ہیں اور سکول جانے کی عمر کے دو کروڑ 80 لاکھ بچے سکول سے محروم ہیں۔ تعلیم کے معیار کی صورت یہ ہے کہ پاکستانی تعلیمی اداروں کی اسناد عالمی سطح پر تسلیم نہیں کی جاتیں۔

پاکستان کی اس تعلیمی پسماندگی کی تحقیق کی جائے تو ابتدائی برسوں میں پروفیسر عمر حیات ملک اور ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کے نام سامنے آتے ہیں۔ ہر دو حضرات پارلیمنٹ کا حصہ ہونے کے علاوہ سرکاری ملازم بھی تھے۔ عمر حیات پنجاب یونیورسٹی اور اشتیاق حسین کراچی یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔ دونوں قدامت پسند رجحانات رکھتے تھے۔ عمر حیات تو کھلم کھلا 'مذہبی جمہوریت' (Democratic Theocracy) کا پرچار کرتے تھے جبکہ اشتیاق حسین قریشی نے پاکستان کی سرکاری تاریخ لکھ کر تعلیم یافتہ طبقے میں رائے عامہ کو ایک خاص رخ دیا۔

پاکستان میں تعلیمی پالیسی کے تسلسل کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ دسمبر 1947ء میں قومی تعلیمی کانفرنس میں تعلیمی اصول وضع کیے گئے۔ دسمبر 1958ء میں ایوب خان نے 'تعلیمی کمیشن' کے عنوان سے اپنے مفید مطلب تعلیمی پالیسی عطا کی۔ یحییٰ خان نے 1970ء میں اپنی تعلیمی پالیسی نافذ کی۔ 1972ء میں بھٹو صاحب نے اپنی تعلیمی پالیسی دی۔ ضیا الحق تشریف لائے تو تعلیم کے بچے کھچے سانس ختم کرنے کے لیے اساتذہ کی فہرستیں بنا کر تطہیر کی گئی۔

روشن خیال اساتذہ کو تعلیمی اداروں سے خارج کیا گیا یا دور دراز علاقوں میں بھیج دیا گیا۔ ان تمام عشروں میں پاکستان کا تعلیمی نصاب سرد جنگ میں امریکی نقطہ نظر سے مرتب کیا گیا۔ تعلیم میں تحقیق کی بجائے تلقین کو کلیدی اصول کے طور پر اپنایا گیا چنانچہ یکے بعد دیگرے تمام نسلوں کا تنقیدی شعور ختم ہوگیا۔ 1980ء میں ملک بھر کے مذہبی مدارس کی تعداد تین سو کے لگ بھگ تھی۔ آج پاکستان میں 35 ہزار رجسٹرڈ مذہبی مدارس ہیں۔

80ء کی دہائی میں بیرونی قرضوں کی واپسی کا مرحلہ درپیش ہوا تو تعلیم کو نجی شعبے کے سپرد کر دیا گیا۔ دستور کی شق 25 (الف) حرف غلط ٹھہری۔ آج متوسط طبقہ بھی اپنے بچوں کو معیاری تعلیم دلانے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ تعلیم سے روا رکھی گئی غفلت کا نتیجہ یہ ہے کہ پچیس کروڑ کی آبادی عالمی تعلیمی نقشے پر کہیں نظر نہیں آتی۔ پاکستان میں معدنی وسائل کم ہیں، زرعی شعبے کی پیداوار عالمی معیارات سے پیچھے ہے اور مصنوعات کا شعبہ کل قومی پیداوار کا صرف 18 فیصد ہے۔

ایسے میں خدمات کا شعبہ ہی باقی بچتا ہے اور اس شعبے میں آگے بڑھنے کے لیے درکار انسانی سرمایہ مفقود ہے۔ اس میں شبہ نہیں کہ پاکستان میں خال خال اساتذہ اعلیٰ ذہنی اور پیشہ ورانہ صلاحیت سے متصف رہے ہیں لیکن مجموعی طور پر تعلیمی شعبے نے ملکی پسماندگی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کی واضح دلیل یہ ہے کہ جہاں اعلیٰ صلاحیت کے حامل افراد کی ضرورت پیش آتی ہے وہاں بیرونی ممالک سے تعلیم پانے والے افراد مقرر کیے جاتے ہیں۔ گویا ملک کا اپنا تعلیمی نظام مطلوبہ علمی اور پیشہ ورانہ صلاحیت پیدا کرنے سے عاری ہے۔

2000ء میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ 2015ء تک تعلیم پر جی ڈی پی کا چار فیصد حصہ خرچ کیا جائے گا۔ 2025ء میں تعلیم پر جی ڈی پی کا 56.1 خرچ کیا جا رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تدریس کا معیار نام نہاد نظریاتی مقاصد کے تابع ہے۔ اساتذہ کی اکثریت رجعت پسند ذہنیت کی حامل ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان کی تعلیمی پسماندگی حادثہ نہیں بلکہ مجرمانہ پالیسی ہے جس کا مقصد عوام کو سیاسی اور تمدنی طور پر پسماندہ رکھ کر وسائل پر اختیار کے موجودہ بندوبست کو قائم رکھنا ہے۔

"عوامی گورنرز" پر تبصرہ

محمد کوبس خان

(نوائے وقت مورخہ 12 مارچ 2025 میں مطبوعہ "میاں حبیب" کا کالم "سپیڈ بریکر" اور اس میں "عوامی گورنرز" کی چاپلوسی)

پاکستانی سیاسی تاریخ میں چاپلوسی پر ایک باب تحریر کیا جائے گا تو اس کے مندرجات ساری پاکستانی تاریخ پر بھاری ہوں گے۔ جب جنگ عظیم دوئم کے دوران جرمنی کے آمر کو فیوہرر یعنی قائد کا لقب دیا گیا تو اس کے ساتھ اس کی پرستش کا بھی سلسلہ شروع ہوا جس سے بر صغیر کے سیاسی افق پر خاص طور پر مسلمانوں میں آمرانہ لیڈرشپ نے خوب رواج پایا۔ مذہبی سیاسی لیڈر تو ویسے بھی جمہوریت کو بے کار سے لے کر غیر شرعی طرز حکومت سمجھتے تھے۔ قائد اعظم جنہیں اگرچہ قائد کا لقب دیا گیا لیکن ان کا اپنا رویہ بہت حد تک جمہوریت پسندانہ تھا لیکن ان کی وفات کے بعد قائدین کا سلسلہ پاکستان میں شروع ہوا جن کے اختیارات کی حدود میں اضافہ ہوتا ہی چلا گیا۔ بدقسمتی سے اس اخلاقی ڈھلوان کی طرف سفر میں لیڈروں اور چاپلوسوں میں گٹھ جوڑ ہو چکا ہے اور دونوں اطراف ایک دوسرے کی منافقت سے استفادہ کرتے اور محظوظ ہوتے ہیں۔

ہمارے ایک مرحوم دوست نے چالیس سال پہلے پاکستان ویلفیئر پارٹی جرمنی بنائی اور اس کا ایک جلسہ ہمبرگ میں ایک بڑے ہال میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر سٹیج سیکریٹری نے بانیٔ پارٹی کی تعریف میں کہ وہ "سورج ہیں ہم کرنیں ہیں" وغیرہ قلابے ملائے۔ صدر پارٹی سٹیج پر نمودار ہوئے اور دو ٹوک الفاظ میں کہا۔ "ابھی جو میری تعریفوں کے پل باندھے گئے ہیں یہ سب جھوٹ ہے" وہ اندر کے کھرے انسان تھے۔

آج کے مذکورہ بالا کالم میں گورنر حیدر سلیم کی میاں حبیب صاحب نے جتنی چاپلوسی فرمائی ہے۔ اگر یہ ملک محمود احمد سے دسواں حصہ بھی کھرے ہوں تو اعلان کر دیں کہ یہ چاپلوسی مجھے گوارا نہیں۔ مستزاد یہ کی متضاد چاپلوسی جو سخت مکروہ ہے ان صاحب نے اس سے ذرا دریغ نہیں کیا۔ اور یہ لکھ کر کہ: "اگر بات سیاست کی ہو تو سکہ رائج الوقت سیاست میں تو منافقت عروج پر ہے۔ چکر بازیوں کو ہی سیاست کی معراج تصور کر لیا گیا ہے"

موصوف کی بابت یہ فقرہ لکھ مارا ہے کہ:

"انھوں نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز طلباء سیاست سے کیا، ایم ایس ایف کے صدر رہے۔ لیکن عملی سیاست میں مسلم لیگ نے انھیں نظر انداز کیا تو انھوں نے پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر 1997ء میں ضلع کونسل کا الیکشن لڑا اور ممبر ضلع کونسل بنے۔" (جاری ہے)

بیرون ملک بیٹھے "بیانیہ ساز"

نصرت جاوید

کوئٹہ سے پشاور جاتے ہوئے 450 مسافروں سے بھری "جعفر ایکسپریس" کے وادی بولان کے بلند قامت پہاڑوں پر بچھائی سرنگ کے قریب دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد میں ایک پل بھی چین سے نہیں بیٹھا۔ عرصہ ہوا عملی رپورٹنگ سے ریٹائر ہونے کے باوجود اپنے موبائل فون میں موجود نمبروں میں سے ہر اس نمبر سے رابطہ کیا جو میری دانست میں ہماری تاریخ میں پہلی بار ہوئی ایک انوکھی واردات کے بارے میں کچھ بتا سکتا تھا۔ بے شمار لوگوں سے رابطے اور گفتگو کے باوجود بدھ کی شام تک مجھے کامل یقین تھا کہ شاید بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات ہماری فوج کے خصوصی دستوں کو مغویوں کی بازیابی کے لئے "دھاوا" بولنا ہوگا۔ اس کے نتیجے میں اموات کا جو تخمینہ میرے ذہن میں آرہا تھا اس پر غور کرتے ہوئے ریڑھ کی ہڈی میں درد محسوس ہونا شروع ہوگیا۔ خوف کے مارے سوچنا ہی چھوڑ دیا۔ رات نو بجے سے قبل مگر آئی ایس پی آر کے سربراہ نے بذات خود حتمی آپریشن کامیاب ہونے کی خبر سنادی۔

جس انداز میں حتمی آپریشن میرے تصور سے کہیں زیادہ تیزی کے ساتھ جانی نقصانات کو محدود تر رکھتے ہوئے مکمل ہوا وہ قابل ستائش ہے۔ کاش میں اس کی تفصیلات جان کر آپ کو بیان کر سکتا۔ اپنی لاعلمی کے باوجود یہ کہنے کو مجبور ہوں کہ ٹرین اغواء کرنے والوں پر جس انداز میں قابو پایا گیا وہ کئی حوالوں سے دہشت گردی سے نبرد آزما ہونے کے لئے "نصابی مثال" کی حیثیت اختیار کر سکتا ہے۔

جعفر ایکسپریس کے حوالے سے میری پریشانی ایک صحافی کی پریشانی تھی۔ اغواء ہوئی ٹرین میں میرا کوئی دوست یا قریبی رشتے دار موجود نہیں تھا۔ صحافت کے تقاضوں کے علاوہ انسانی ہمدردی بھی میری پریشانی کے کلیدی اسباب تھے۔ پاکستان میں لیکن ایک منتخب ادارہ ہے۔ نام ہے اس کا قومی اسمبلی۔ وہ "ہمارے نمائندوں" پر مشتمل ادارہ تصور ہوتا ہے۔ خود کو ریاستِ پاکستان کے دیگر اداروں پر "بالادست" ثابت کرنے کو بضد بھی رہتا ہے۔ اصولی طور پر ہونا یہ چاہیے تھا کہ بدھ کے دن قومی اسمبلی کا اجلاس شروع ہوتے ہی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بذاتِ خود اجلاس میں تشریف لاتے۔ تلاوت کلام پاک کے بعد بٹن دبا کر سپیکر سے گفتگو کی اجازت طلب کرتے اور اجازت ملنے کے بعد ایک بیان پڑھتے جسے پارلیمانی قواعد کے مطابق "تحریری بیان" کہا جاتا ہے۔ اس "تحریری بیان" کے ذریعے وہ مختصر ترین الفاظ میں "جعفر ایکسپریس" کے اغواء کے بارے میں "تازہ ترین" سے آگاہ کر دیتے۔ اسمبلی قواعد کے مطابق جب کوئی وفاقی وزیر کسی اہم معاملہ پر "تحریری بیان" پڑھ دے تو اس موضوع پر مزید بحث نہیں ہو سکتی۔ اراکین اسمبلی بھی "تحریری بیان" پڑھے جانے کے بعد متعلقہ وزیر کو سوالات کی بوچھاڑ سے زچ نہیں کر سکتے۔

وفاقی وزیر داخلہ نے مگر "تحریری بیان" تو کیا اسمبلی میں آنے کا تردد ہی نہیں کیا۔ ان کی عدم موجودگی میں کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوتے ہی قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان اپنی نشست پر کھڑے ہوئے۔ پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں ٹرین کے اغواء کو زیر بحث لایا جائے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اس وقت اجلاس کی صدارت نہیں کر رہے تھے۔ ڈپٹی سپیکر بھی ایوان میں موجود نہ تھے۔ ان دونوں کی عدم موجودگی میں پیپلز پارٹی کے عبدالقادر پٹیل اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ پٹیل صاحب نے قائد حزب اختلاف کی تجویز یہ کہتے ہوئے رد کر دی کہ طے شدہ ایجنڈے کے مطابق قومی اسمبلی میں فی الحال فقط وہ تقریر ہی زیر بحث لائی جا سکتی ہے جو صدر پاکستان نے پیر کی سہ پہر پارلیمان کے مشترکہ اجلاس میں کی تھی۔ صدر کے خطاب کو زیر غور لاتے ہوئے "جعفر ایکسپریس" کے اغواء کا معاملہ بھی اٹھایا جا سکتا ہے۔

پارلیمانی روایات سے کامل آگہی کی بنیاد پر لکھنے کو مجبور ہوں کہ پٹیل صاحب کا فیصلہ غلط تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ کی ایوان سے غیر حاضری بھی ناقابل معافی تھی۔ ان دونوں کے رویے نے عوام کے وسیع تر حلقوں کے دل و دماغ میں بیٹھے اس تصور کو تائید فراہم کی کہ ہماری قومی اسمبلی محض ایک نمائشی ادارہ ہے جو عوام کے حقیقی مسائل کا حل ڈھونڈنا تو دور کی بات ہے ان پر تفصیلی بحث کے قابل بھی نہیں۔

ایوان میں وزیر دفاع خواجہ آصف بھی موجود تھے۔ ان سے ہزاروں اختلافات کے باوجود آپ یہ حقیقت جھٹلا نہیں سکتے کہ وہ موجودہ پارلیمان کے تجربہ کار ترین افراد میں شامل ہیں۔ "جعفر ایکسپریس" کو بالآخر اسی ادارے نے اغواء کنندگان سے بازیاب کروایا جو اصولی طور پر وزیر دفاع کے ماتحت کام کرتا ہے۔ نہایت دیانتداری سے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ خواجہ آصف کو ایوان میں کھڑے ہو کر چیئر سے درخواست کرنا چاہیے تھی کہ عمر ایوب خان کی تجویز کے مطابق "جعفر ایکسپریس" کا اغواء زیر بحث لایا جائے۔ مجھے سو فیصد یقین ہے کہ دونوں جانب سے تلخ ترین الزامات کی بھرمار کے باوجود بالآخر اکثریتی رائے یہ ہی ابھرتی کہ بلوچستان میں "سب اچھا نہیں ہے"۔ معاملات سنبھالنے کے لئے لازمی ہے کہ پاکستان کی تمام (جی ہاں تمام) سیاسی جماعتیں باہمی اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے ویسی ہی ایک کل جماعتی کانفرنس بلائیں جیسی اے پی ایس سکول کے سانحے کے بعد بلوائی گئی تھی۔ مذکورہ کانفرنس کے نتیجے میں نیشنل ایکشن پلان بنا۔ اس پر عملدرآمد کو موثر تر بنانے کے لئے آئین میں "عارضی ترمیم" بھی ہوئی۔ اس کی بدولت سنگین دہشت گردی کے جرائم میں ملوث افراد کو تیز تر بنیادوں پر سزائیں دلوانے کے لئے فوجی عدالتوں کے قیام کو بھی "قانونی چھتری" فراہم کر دی گئی۔

مجھے گماں ہے کہ عمر ایوب خان کی تجویز مان کر بلوچستان کے مسائل پر عمومی بحث کے انجام پر بعد ازاں اے پی ایس سانحہ جیسی کل جماعتی کانفرنس کے انعقاد کی گنجائش نکالی جا سکتی تھی۔ تحریک انصاف اس سے دور رہنا افورڈ ہی نہیں کر سکتی تھی۔ پاکستان کی قومی اسمبلی میں تحریک انصاف کی نمائندگی کرنے والے اراکین کو مناسب توقیر دئے بغیر اس جماعت کے بیرون ملک بیٹھے "بیانیہ ساز" من پسند ترجیحات کے فروغ سے اپنی جماعت اور اس کے قائد کے لئے نت نئی مشکلات کھڑی کرتے رہیں گے۔ بیرون ملک بیٹھے "بیانیہ سازوں" سے تحریک انصاف کو واقعتاً آزاد کروانا مقصود ہے تو حکومت کو اس جماعت کی قومی اسمبلی میں نمائندگی کرتے افراد کو واجب عزت و احترام فراہم کرنا ہوگی۔

(بشکریہ نوائے وقت)

ذرائع ابلاغ کے نرالے رنگ ڈھنگ

الطاف حسن قریشی

ایک زمانہ تھا جب ہمیں خبریں اور سیاسی تجزیے صرف اخبارات اور ریڈیو پاکستان سے دستیاب ہوتے تھے۔ اخبارات کے ایڈیٹر چھان پھٹک کر خبریں شائع کرتے اور اِس بات کا خیال رکھتے کہ اخلاق سے گری ہوئی کوئی اسٹوری شائع نہ ہونے پائے۔ ریڈیو پاکستان جو حکومت کی تحویل میں تھا، اُس کا ہر پروگرام بہت نپا تُلا اور معیاری ہوتا۔ تلفظ کا خاص خیال رکھا جاتا۔ ہر مکالمہ تہذیب اور اَخلاق کے دائرے میں ادا کیا جاتا تھا۔ چوٹی کے ادیب، قلم کار اور مشاہیر بصد شوق ریڈیو پر آتے اور اعلیٰ معیار قائم کر جاتے۔ یہ اُصول طے تھا کہ ریڈیو پر جرائم کی رپورٹنگ نہیں کی جائے گی اور سنسنی پھیلانے والی کوئی خبر نشر نہیں ہو گی۔

1965ء میں صدارتی انتخابات کا مرحلہ آیا، تو فیلڈ مارشل ایوب خان اور مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح ایک دوسرے کے مدِمقابل کھڑے دکھائی دیے۔ محترمہ انتخابات میں حصہ لینا نہیں چاہتی تھیں۔ اس وقت کمبائنڈ اپوزیشن پارٹی کے سرپرست سابق وزیرِاعظم جناب خواجہ ناظم الدین تھے۔ وہ محترمہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اُن سے ایوب خان کے خلاف انتخاب لڑنے کی استدعا کی۔ محترمہ اُن کا بےحد احترام کرتی تھیں، اِس لیے اُن کی بات ٹال نہیں سکیں اور اِنتخابی میدان میں اترنے پر رضامند ہو گئیں۔ ایک سال قبل ایوب خان پی ٹی وی قائم کرنے کی پوری تیاری کر چکے تھے تاکہ انتخابات کے دوران لوگوں پر اُن کی شخصیت کی دھاک بٹھائی جا سکے۔ پی ٹی وی نے ریڈیو پاکستان کی کوکھ سے جنم لیا اور آغاز میں زیادہ تر اَفراد ریڈیو پاکستان ہی سے اُس میں گئے تھے۔ اُنہوں نے اُن تمام اقدار اَور وضع داری کا پورا پورا خیال رکھا جو ریڈیو پاکستان کا طرۂ امتیاز تھیں۔

جنرل مشرف نے 12/اکتوبر 1999ء کو برسرِاقتدار آنے کے بعد ذرائع ابلاغ کی توسیع میں غیرمعمولی دلچسپی لی اور پرائیویٹ سیکٹر میں ٹی وی چینلز کی تعداد میں حیرت انگیز اضافہ دیکھنے میں آیا۔ جنرل مشرف کے مزاج میں شوخی اور قدرے بےحجابی پائی جاتی تھی، چنانچہ وہ حصار تیزی سے ٹوٹتا چلا گیا جو پی ٹی وی نے قائم کیا ہوا تھا۔ جب ٹی وی چینلز کو وسعت دینے کا فیصلہ ہوا، تو وفاقی وزارتِ اطلاعات و نشریات نے ابلاغِ عامہ کے ماہرین کا ایک اجلاس طلب کیا۔ اُس میں اِس امر پہ تفصیل سے گفتگو ہوئی کہ ٹی وی چینلز کا دائرۂ کار کہاں تک ہونا چاہیے۔ اُس میں ریڈیو پاکستان سے ایک تجربہ کار پروڈیوسر نے مشورہ دِیا کہ ٹی وی چینلز کو بکثرت کرنٹ افیئرز کے پروگرام کرنے کی اجازت نہ دی جائے، کیونکہ وہ اِس قدر طاقتور ہو جائیں گے کہ حکومت اُنہیں ریگولیٹ نہیں کر سکے گی۔ اُن کی تجویز سے اتفاق کرنے کی بجائے ٹی وی چینلز پر ہر قسم کے پروگرام نشر کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ ہم نے دیکھا کہ اِس کے بعد ایک ایسی تہذیب پروان چڑھنے لگی جس کا ہماری تابندہ رِوایات سے کم ہی تعلق تھا۔

ٹی وی چینلز کا جوں جوں اثر و رسوخ بڑھتا گیا، اُن میں سنجیدہ لوگوں سے زیادہ دَولت مند اشخاص شامل ہوتے گئے جن کا مقصد زیادہ سے زیادہ پیسے کمانا اور مقتدر حلقوں میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانا تھا۔ اُنہوں نے ہر وہ حربہ استعمال کیا جو معاشرے میں زیادہ سے زیادہ سنسنی پھیلا کر چینل کی ریٹنگ میں اضافہ کر سکتا ہو۔ سنجیدہ اور مہذب معاشروں میں ذرائع ابلاغ نوجوانوں کی ذہن سازی کرتے اور شہریوں میں صحت مند افکار کو فروغ دیتے ہیں اور اُن کے اندر بڑی بڑی تبدیلیاں لانے کی استعداد پیدا کرتے ہیں۔ خوش قسمتی سے ہمارے بعض ٹی وی چینلز یہ قومی فریضہ حُسن و خوبی سے ادا کر رہے ہیں اور ہر قسم کے دباؤ کے باوجود اِحتیاط کا دامن ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ جیو ٹی وی جو سب سے زیادہ دَیکھا جاتا ہے، اُس کے بیشتر پروگرام تہذیبی دائرے میں ہوتے ہیں اور اُن میں جدت بھی ہوتی ہے۔ دنیا ٹی وی میں بھی رکھ رکھاؤ نظر آتا ہے۔ ڈان نیوز کے پروگرام بھی اعلیٰ معیار کے ہوتے ہیں۔ اِسی طرح جناب امیر العظیم کا ٹی وی "اسپیشل" زیادہ تر ایسے پروگرام نشر کرتا ہے جو تعلیم اور سنجیدہ مسائل سے تعلق رکھتے ہیں اور ناظرین کے اندر مثبت سوچ کی آبیاری کرتے ہیں۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ دوسرے ٹی وی چینلز بھی یہ بات یاد رَکھیں گے کہ قیامت کے روز اُنہیں اپنے چینل سے نشر ہونے والے ایک ایک جملے کا جواب دینا ہو گا۔ بعض ڈراموں میں عریانی اِس قدر بڑھتی جا رہی ہے کہ اخلاقی اور خاندانی نظام کو بہت زیادہ ضعف پہنچ جانے کا دھڑکا ہر وقت لگا رہتا ہے۔

تہذیب و اَخلاق پر برے اثرات مرتب کرنے کے علاوہ ہمارے بعض ٹی وی چینلز اُردو زبان کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچانے کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ قائدِاعظم نے ڈھاکہ میں ایک بڑے جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے قومی وحدت کو مستحکم کرنے کے لیے اُردو کو قومی زبان قرار دِیا تھا۔ ہم اِس زبان کا حلیہ بگاڑنے میں لگے ہوئے ہیں۔ اردو کے بے ڈھب جملے اور غلط تلفظ عام کرنے کے علاوہ اُس میں انگریزی زبان اِس قدر ٹھونس دی جاتی ہے کہ بات سمجھ ہی نہیں آتی۔ تاہم خوش قسمتی سے ایسے ٹی وی چینلز موجود ہیں جو فیک نیوز سے اجتناب کرتے اور قومی شعور کو پروان چڑھاتے ہیں، مگر سوشل میڈیا نے ایک قیامت ڈھا رکھی ہے کہ خوب اور ناخوب میں تمیز دھندلاتی جا رہی ہے۔ بلاشبہ اُس نے عوامی بیداری میں اہم کردار اَدا کیا ہے اور ہمارے بعض یوٹیوبرز بڑی ذمے داری کا ثبوت بھی دے رہے ہیں، مگر کثرت اُن لوگوں کی ہے جو قوم کا مزاج اور اِمیج بری طرح بگاڑ رہے ہیں۔ کچھ چینلز ایسے بھی ہیں جہاں بھانڈ اینکرز پرسن بن بیٹھے ہیں۔ بعض مالکان اپنی ہیبت جمانے کے لیے بڑے بڑے مشاہروں پر ایسے افراد کی خدمات حاصل کرتے ہیں جو حکومت اور فوج کو بےنقط سنانے میں طاق ہیں۔ جب اُن کی ہرزہ سرائی پر اُوپر سے باز پرس ہوتی ہے، تو وہ چشم زدن میں اُنہیں فارغ کر دیتے ہیں۔ باضمیر اور باشعور صحافیوں کے لیے اسپیس کم ہوتی جا رہی ہے۔ معاشرے کے باشعور طبقوں اور شخصیتوں کو اُن مالکان کو یہ احساس دلانا ہو گا کہ اُن کی دولت اُن کے کسی کام نہیں آئے گی اور وہ مجرم کی حیثیت سے عوام کی عدالت میں کھڑے دکھائی دیں گے۔

* * *

دریاؤں کے لئے کچھ کرنے کا دن

مہناز رحمان

دریاؤں کے لئے کچھ کرنے کا عالمی دن تو 14 مارچ کو منایا جاتا ہے لیکن سندھ میں تو کئی دنوں سے سندھو دریا میں پانی کی کمی کے حوالے سے مظاہرے ہو رہے ہیں۔ اس وقت جب ہم مضامین لکھ رہے ہیں اور سیمینار کر رہے ہیں تو جامشورو کے پاس دریا کے کنارے بیٹھے ہوئے ماہی گیر اس انتظار میں ہیں کہ کوٹری سے نیچے دریا میں زیادہ پانی آئے تو وہ مچھلیاں پکڑ سکیں کیونکہ یہی ان کی روزی کا ذریعہ ہے۔ سندھ کے عوام کو بجا طور پر خدشہ ہے کہ اگر کارپوریٹ فارمنگ پراجیکٹ کے لئے نہریں نکالی گئیں تو دریا کا پانی اور بھی کم ہو جائے گا۔ ہمارے ماہی گیر، ہمارے کسان سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔ دوسری طرف سندھ میں سمندر کی سطح بلند ہونے سے کھارا پانی زمین کے نیچے موجود میٹھے پانی کو بھی کھارا کر رہا ہے۔ سندھ کی زرعی زمینیں خاص طور پر ٹھٹھہ اور کیٹی بندر کے آس پاس بنجر ہوتی چلی جا رہی ہیں۔

یہاں ہم آپ کو یہ بھی بتاتے چلیں دریاؤں کے لئے ایکشن کا دن منانے کا آئیڈیا مارچ 1997 میں برازیل میں ڈیمز سے متاثرہ افراد کی پہلی بین الاقوامی میٹنگ میں پیش کیا گیا۔ پہلے اسے ڈیمز کے خلاف دن کے طور پر منایا جاتا تھا۔ اس دن کا مقصد دریاؤں، پانی اور زندگی کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا اور ڈیمز سے متاثرہ لوگوں کے حقوق کی وکالت کرنا ہے۔ 2025 میں اس عالمی دن کا موضوع ہے، "ہمارے دریا۔ ہمارا مستقبل" اور ہمیں سوچنا ہے دریائے سندھ کے بارے میں جسے بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ یعنی پانی کی کمی، آلودگی، کلائمٹ چینج کے اثرات، اور پانی کے سرحدی جھگڑے۔

ان مسائل کی وجہ سے دریا کے کنارے آباد لوگوں کے روزگار کو بھی خطرہ لاحق ہے۔ جس طرح سے دریائے سندھ کو تباہ کیا گیا ہے، اس طرح دنیا کے کسی بھی دریائی سسٹم کو تباہ نہیں کیا گیا۔ اسے کاٹا گیا، بند کیا گیا، ڈیم بنائے گئے اور اس کا رخ موڑا گیا۔ ہماری حکومتوں نے جو دریائی معاہدے کیے ہیں اور پانی کی تقسیم کا جو نظام بنایا ہے، اس پر نئے سرے سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ نظام کی وجہ سے ہماری صدیوں پرانی ثقافتیں تباہ ہو گئی ہیں، گاؤں بہہ گئے ہیں اور لوگ بے گھر ہو گئے ہیں۔

سندھو دریا کی تباہی کا آغاز انگریزوں کے زمانے میں ہی ہو گیا تھا جب انہوں نے یہاں کینال کالونیاں بنانی شروع کیں۔ یہ سلسلہ آج تک رکا نہیں لیکن کیا ہم اسے اب بھی جاری رکھنا چاہیں گے خواہ یہ ہماری ثقافت اور روزگار کو تباہ کر دے۔

اس وقت ہم سب کے سروں پر پانی کی کمی کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ سندھ میں تھر کے لوگ خاص طور پر اس سے واقف ہیں کہ پیاس کیا ہوتی ہے اور پانی نہ ملے تو ہمارا کیا حال ہوتا ہے۔ ہماری آبادی میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ اس لئے پانی کی خاص طور پر زراعت کے لئے زیادہ ضرورت ہے۔ دریائے سندھ کی آبپاشی کا نظام پرانا اور ناکارہ ہو چکا ہے۔ اس وجہ سے پانی ضائع بہت ہوتا ہے۔ زیادہ آبپاشی اور پانی کے نکاس کے ناقص نظام کی وجہ سے سیم اور تھور کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ اور زمین ناقابل کاشت ہوتی جا رہی ہے۔ کسان ٹیوب ویل کے ذریعے زیر زمین پانی پر زیادہ انحصار کر رہے ہیں جس سے زیر زمین پانی کم ہوتا جا رہا ہے۔ دیگر ممالک کے مقابلے میں ہمارے پاس پانی ذخیرہ کرنے کی استعداد کم ہے جس کی وجہ سے خشک سالی اور سیلاب دونوں سے ہی نمٹنا مشکل ہے۔ کلائمٹ چینج کی وجہ سے بھی پانی کم ہو رہا ہے۔ صنعتی فضلہ اور زراعت میں استعمال ہونے والے کیمیکلز بھی دریا کو آلودہ کر رہے ہیں۔ پلاسٹک کے استعمال سے بھی دریا کو نقصان پہنچا ہے۔

ماحولیاتی ایکٹوسٹ عافیہ سلام کا کہنا ہے کہ آج کل جو دریا میں سے نئی نہریں نکالنے کی بات ہو رہی ہے تو دریا کے آخری سرے پر آباد لوگوں کو اعتماد میں لیے بغیر آپ کوئی نہر نہیں بنا سکتے۔ اب دنیا مسائل کے فطری حل کی طرف بڑھ رہی ہے۔ بڑے ڈیمز اب ماضی کی بات ہو گئے ہیں۔ اب ہمیں دنیا کے ساتھ مل کر چلنا ہو گا۔'

سندھ کو سالوں سے پانی کی کمی کا سامنا ہے۔ کسانوں کو اپنی زمینوں کو پانی دینا مشکل ہو جاتا ہے۔ لوگوں کو پینے کا پانی بھی مشکل سے ملتا ہے۔ سندھ کو اس کا جائز حق نہیں ملتا۔ نئی کینالز بنانا ناانصافی ہے۔ سندھو دریا پر سندھ کا آئینی اور تاریخی حق ہے لیکن اس کے پانی کو دوسرے علاقوں کی طرف موڑ دیا جاتا ہے۔ زیریں سندھ کے کسانوں کو خاص طور پر بدین، ٹھٹھہ اور سجاول میں پانی کی کمی کی وجہ سے سنگین مسائل کا سامنا ہے، پانی نہ ملنے کی وجہ سے ان کی زمینیں بنجر ہوتی جا رہی ہیں۔ ماحول پر برا اثر پڑ رہا ہے۔ غذائی عدم تحفظ بڑھتا جائے گا۔

سندھ کے پانی کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ کارپوریٹ فارمنگ کے لئے نئی نہروں کی تعمیر غیر قانونی ہے، اسے روکا جائے۔ سندھ کو اس کا جائز حق دیا جائے۔ اگر ناانصافی ہوتی رہی تو قدرتی آفات آتی رہیں گی۔ اور تباہی پھیلے گی۔ ابھی وقت ہے کہ انصاف سے سب کو پانی کا حصہ دیا جائے تا کہ ہم آنے والی آفات سے بچ سکیں۔

* * *

غریبِ شہر زمان خان سے گفتگو (قسط 1)

گوہر تاج مشی گن (امریکہ)

اس سال میرا پاکستان دو سال کے بعد آنا ہوا۔ اپنی ملازمت کو خیر آباد کہنا اور کمائی کے چکر سے نکل کر امریکہ سے پاکستان آنے کا ایک مقصد بہت سی ادھوری ملاقاتوں کا قرض چکانا تھا۔ وہ ملاقاتیں جن کے لیے نہ مجھے ادبی میلے ٹھیلوں میں جانے کی ضرورت ہے نہ ہی ہزاروں کا بل بناتے والے نامی گرامی فائیو اسٹارز ریسٹورنٹس میں شہر کے دانشوروں کے ساتھ دعوتیں اڑانے کی۔ اگر قریب کی آنکھ کام کر رہی ہو تو غریبِ شہر آس پاس ہی مل جاتے ہیں۔ بقول شخصے "سماج کے سینے پہ مونگ دلتے، یہ کاہل اور جاہل لوگ" کمیاب کہاں۔ جن کے لیے پروین شاکر نے لکھا ہے۔

جب بھی غریبِ شہر سے کچھ گفتگو ہوئی
لہجے ہوائے شام کے نم ناک ہو گئے

اس شہر بے اماں میں ایسے نایاب لوگ، گھروں میں اپنی آرام کرتی مالکنوں کے لیے گھریلو کام کرتی ماسیاں، کراچی کی ناہموار، اکھڑی سڑکوں پہ کیب اور رکشہ چلاتے نوجوان سے ادھیڑ عمر مرد، اپنی نازک پیٹھ پہ بھاری بوجھ ڈھوتے، اسکول جانے کے بجائے، دھاڑی پہ کام کرتے کم سن بچے۔ سالہا سال سے اپنی قسمتوں کے بدلنے کے منتظر یہ کیڑے مکوڑے، اوہ معاف کیجیے گا میرا مطلب غریب شہر سے ہے، بس ذرا زبان پھسل گئی۔ پیٹ بھرا ہو تو ایسی بھول چوک تو ہو ہی جاتی ہے۔ اپنا سمجھ کے معاف کر دیجیے گا۔ ہاں تو میں کہہ رہی تھی مجھے غریب شہر کو تلاش نہیں کرنا پڑا، بس آنکھ کھولنی پڑی۔

تو جناب آج میں نے اپنی کھلی آنکھوں کے ساتھ، پیپل کے بوڑھے اور تناور درخت کے سائے تلے ادھیڑ عمر زمان خان کو پہلی بار بغور دیکھا، جو سالہا سال سے میری بہن کی اپارٹمنٹ بلڈنگ کی چوکیداری پہ مامور ہے۔ صبح صادق سے شام گئے تک ایک بدہیئت سی کرسی پہ بیٹھا، ہر آنے والی گاڑی کے لیے دوڑ کے مرکزی گیٹ کھولتا، مسکراتے ہوئے ہر آنے جانے والے کو "سلام صاحب" کہتا زمان۔ میں نے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔ اس کی دھنسی ہوئی سیاہ آنکھوں میں امید و بیم کی کیفیت، پچکے گال، خشخشی داڑھی زدہ چہرے کی جھریوں میں سمٹے تجربات۔ میں نے سوچا آج کچھ زمان کی زبانی اس کی کھال میں سمٹے تجربوں اور آنکھوں میں بسے جاں بلب سہی، سپنوں سے بھی کچھ گفتگو ہو جائے، جو من و عن آپ کی نذر ہے۔

گوہر: آپ یہاں کتنے عرصے سے کام کر رہے ہیں؟

زمان: ہم اس بلڈنگ میں تیس پینتیس سال سے چوکیداری کر رہا ہے۔ پہلے اپنے باپ کے ساتھ پھر بیس بائیس سال سے، ان کے مرنے کے بعد ان کا نوکری ہم کو مل گیا۔

گوہر: آپ کا تعلق کہاں سے ہے؟

زمان: ہمارا تعلق ایبٹ آباد، مانسہرہ سے ہے۔ ہم کراچی 1983ء میں آئے۔ ہمارا دو بھائی اور بھی تھا۔ ہم چھوٹا چھوٹا تھا جب ہم نے کراچی ہجرت کیا۔ فلیٹوں والوں نے ہمیں سہارا دیا۔ ابا کے مرنے کے بعد ہم کو اس کی جگہ نوکری دی۔ اللہ کا بہت کرم ہے۔

گوہر: کیا عمر ہے آپ کی؟

زمان: ابھی تو ہماری عمر بہت ہو گئی۔ ہم باون ترپن سال کا ہے۔

گوہر: شادی کی؟ (جاری ہے)

زمان: 1996ء میں شادی کی۔ ہمارے تین بیٹے ہیں۔

گوہر: بچوں کو تعلیم دلائی؟

زمان: ہاں سب کو میٹرک کرایا۔ اب ایک رکشہ چلاتا ہے۔ دوسرا دکان پہ سیلز مین کا کام کرتا ہے۔ تیسرا فوڈ پانڈا پہ کام کرتا ہے۔ یہ سب سے چھوٹا ہے۔ ہم نے اس کی باہر نوکری کرانے کے لیے آپ کی بہن کو اس کا سی وی بھی دی ہے تا کہ وہ اپنے بیٹے زین کو باہر بھجوا دیں۔ شاید ابھی اس کی باہر نوکری ہو جائے تو حالات بدل جائیں۔

گوہر: کتنا کما لیتے ہیں؟

زمان: بیس ہزار تنخواہ ہے۔ پھر ہم کچھ صاحب لوگوں کی گاڑی دھو لیتا ہے اس کا بھی آٹھ نو ہزار روپیہ بن جاتا ہے۔ مگر ابھی مہنگائی بہت ہے یہاں، گزارہ نہیں ہوتا۔ پہلے ہم اکیلا پورا گھر کو کھلاتا تھا اب ہم تین مل کر بھی مشکل سے گھر چلاتا ہے۔ لیکن بس اللہ کا شکر ہے۔ ہم کسی سے مانگتا نہیں۔ روز کھانا کھا لیتا ہے۔

گوہر: اور روزے چل رہے ہیں؟

زمان: جی الحمدللہ روزہ موزہ چل رہا ہے۔ سب گھر والوں کا بھی۔

گوہر: برسات میں گھر ٹھیک رہتا ہے؟

زمان: ہمارا گھر بھٹایا آباد میں ہے۔ والد صاحب نے ادھر زمین پہ قبضہ کیا اور جھونپڑی ڈال دی۔ اب ہم نے اسے پکا کر لیا ہے۔ یہ گھر نالہ کے پاس ہے۔ بارش میں نالہ بھر جاتا ہے۔ بس ہر وقت ڈر لگتا ہے کہ کب سیلاب آ جائے اور کب گھر بہہ جائے۔

گوہر: زمان آپ کے لیے آپ کی ماں کے کیا خواب تھے؟

زمان: وہ ہم کو درزی کا کام سکھانا چاہتی تھی۔ اس زمانے میں اس کام کی بہت مانگ تھی۔ لیکن وہ سانس کی تکلیف میں مر گئی۔ غربت میں اس کا علاج بھی ٹھیک سے نہیں ہو پایا۔ اس کو ہم نے مانسہرہ میں دفن کیا اور کراچی ہجرت کی۔

گوہر: آپ کا خواب خود اپنے لیے کیا تھا؟

زمان: ہم کو اچھا پڑھنے کا شوق تھا مگر حالات ہی ایسے نہیں تھے کہ ہم کچھ پڑھ کے بن سکتا۔ اب ہمارا خواب ہمارے بچوں کے لیے ہے۔ ہم سوچتا ہے جو زندگی ہم نے گزاری وہ نہ گزارے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

gettyimages
Credit: Neil Baynes

فرینکفرٹ ایم مین: جرمنی کی انڈر 17 گرلز اور کوسووا انڈر 17 گرلز کے درمیان فرینکفرٹ ایم مین، جرمنی میں ایکشن میں

حقیقی طور پر آزاد محسوس کر رہے ہیں‘ 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ والے آسٹریلوی نوجوان کی گفتگو

اس نے 20.04 سیکنڈز میں اسی عمر میں یوسین بولٹ کے ریکارڈ کو توڑ دیا

سڈنی (این این آئی) 17 سالہ آسٹریلوی سپرنٹر لنکی گاؤٹ نے اس سال دنیا میں مردوں کی 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ لگائی اور کہا ہے کہ وہ ’حقیقی طور پر آزاد محسوس کر رہے ہیں۔ فرانسیسی نیوز ایجنسی اے ایف پی کے مطابق یہ نوجوان دسمبر میں اس وقت نمایاں ہوا جب اس نے 16 سال کی عمر میں اب تک کی تیز ترین دوڑ لگائی۔ اس نے 20.04 سیکنڈز میں اسی عمر میں یوسین بولٹ کے ریکارڈ کو توڑ دیا، اور پیٹر نارمن کے 1968 کے اولمپکس کے 20.06 کے آسٹریلیائی ریکارڈ کو بھی توڑا۔ گاؤٹ نے اتوار کو کوئینز لینڈ سٹیٹ چیمپئن شپ میں 20.05 کے ساتھ رواں برس تیز ترین دوڑ کا ریکارڈ بنایا۔ اس کے بعد گاؤٹ نے فائنل میں 19.98 سیکنڈز میں 200 میٹر کا فاصلہ طے کیا لیکن اسے غیر قانونی سمجھا گیا۔ انہوں نے فائنل کے بارے میں کہا کہ ’میں نے حقیقی طور پر آزاد محسوس کیا۔ گھڑی کو دیکھ کر میں ایک طرح سے بہت خوش اور حیران تھا، لیکن ایسا محسوس ہوا کہ میرے کندھوں سے بوجھ اتر گیا۔ لنکی گاؤٹ اپنے والدین کے جنوبی سوڈان سے ہجرت کرنے کے بعد آسٹریلیا میں پیدا ہوا تھے۔ انہوں نے آٹھ بار کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ بولٹ سے مقابلہ کیا ہے۔ ورلڈ ایتھلیٹکس کے صدر سیباسٹین کوئے نے حال ہی میں کہا تھا کہ وہ ایک نایاب ٹیلنٹ ہیں لیکن انہیں ’تربیت اور حفاظت‘ کی ضرورت ہے۔ اس سال ٹوکیو میں ہونے والی عالمی ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لیے کوالیفائنگ مارک 20.16 ہے جسے گاؤٹ نے اب دوبار توڑا ہے۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری 35 ویں نیشنل گیمز کراچی کی تیاریوں کے حوالے سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی

فیضان اور سلیم بیگ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے‘ کیش ایوارڈ اور ٹرافیاں تقسیم

لاہور (میاں شہروز سے) ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی جبکہ فیضان اور سلیم بیگ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن اور سیکرٹری جنرل محمد حسین چٹھہ نے کیش ایوارڈ اور ٹرافیاں تقسیم کی۔ گزشتہ شب لیزرسٹی باؤلنگ کلب صفا گولڈ مال، ایف سیون مرکز، اسلام آباد میں کھیلی چیمپئن شپ میں ایاز الرحمٰن نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے اپنے سینئرز کو شکست دے کر 379 پوائنٹس کے ساتھ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ فیضان 341 پوائنٹس کے ساتھ اور سلیم بیگ 301 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ اپنے خطاب میں، صدر اعجاز الرحمان نے کہا، ''پاکستان میں بولنگ کا کھیل بہت مقبولیت حاصل کر رہا ہے، اور ہم اس کھیل کو ملک بھر میں فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔'' انہوں نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے درخواست کی کہ وہ آئی پی سی کی وزارت کو ہدایت کریں کہ وہ ایک جگہ مختص کرے جسے پاکستان سپورٹس بورڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی نے بین الاقوامی باؤلنگ کلب بنانے کے لئے منظور کیا ہوا ہے۔

ورون چکرورتی نے ٹیسٹ کرکٹ میں عدم دلچسپی کی وجہ بتا دی

کراچی (این این آئی) بھارتی اسپنر ورون چکرورتی نے اپنے اسٹائل کو ٹیسٹ کرکٹ کے لیے ناموزوں قرار دے دیا۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں تواتر سے 20 سے 30 اوورز کرانا ہوتے ہیں اور میں ایسا نہیں کر پاؤں گا، میں زیادہ سے زیادہ 10 سے 15 اوورز کروا سکتا ہوں۔ ورون چکرورتی نے کہا کہ اگرچہ مجھے ٹیسٹ کرکٹ میں بھی دلچسپی ہے لیکن میرا بولنگ کا انداز اس فارمیٹ کے لیے موزوں نہیں ہے، میں تقریباً میڈیم پیس پسند کرتا ہوں۔ واضح رہے کہ انہوں نے حالیہ چیمپئنز ٹرافی کی بھارتی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا تھا اور ایونٹ میں 9 وکٹیں لے کر مشترکہ طور پر کامیاب ترین بولر کا اعزاز پایا تھا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 کے فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو دبئی اسٹیڈیم میں 4 وکٹوں سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کر لیا تھا۔ میں زیادہ سے زیادہ 10 سے 15 اوورز کروا سکتا ہوں، بھارتی اسپنر کا انکشاف؛ اور ایونٹ میں 9 وکٹیں لے کر مشترکہ طور پر کامیاب ترین بولر کا اعزاز پایا تھا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 کے فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو دبئی اسٹیڈیم میں 4 وکٹوں سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کر لیا تھا

ایڈیلیڈ میں میچ کے دوران کرکٹر 40 سالہ جنید ظفر خان کا انتقال

ایڈیلیڈ (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر ایڈیلیڈ میں مقامی کلب کرکٹر جنید ظفر خان کرکٹ میچ کے دوران چل بسے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق میچ ہیٹ ویو کے دوران کھیلا جا رہا تھا، 40 سالہ جنید ظفر خان کونکورڈیا کالج اوول میں کھیلے جانے والے میچ کے دوران گرے اور اٹھ نہ سکے۔ میچ کے وقت درجہ حرارت 41.7 ڈگری سنٹی گریڈ تھا، اولڈ کونکورڈیا کرکٹ کلب کے کھلاڑی نے پہلے 40 اوورز فیلڈنگ کی پھر 7 اوورز بیٹنگ کی تھی۔ گراؤنڈ میں گرتے ہی ایمبولینس کو طلب کیا گیا جس کے بعد طبی عملے نے سی پی آر کیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکے۔ آسٹریلوی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے دوست نے کہا کہ جنید ظفر خان روزے رکھ رہے تھے لیکن میچ کے دن وہ پانی پیتے دکھائی دیے۔ کرکٹ کلب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کلب کے کھلاڑی انتقال پر بہت افسردہ ہیں، پیرا میڈکس نے بہترین کوشش کی لیکن افسوس کہ وہ جانبر نہ ہوسکے۔ ایڈیلیڈ ٹرف کرکٹ ایسوسی ایشن کے قوانین کے مطابق اگر درجہ حرارت 42 سینٹی گریڈ سے اوپر ہو تو میچ منسوخ کر دیا جاتا ہے اور درجہ حرارت اگر 40 سے اوپر ہو تو خصوصی احتیاطی تدابیر کے ساتھ میچز کھیلے جاتے ہیں۔

روسی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں بیلا روس کی عالمی نمبر ایک ٹینس سٹار آرینا سبالینکا کو شکست دی

کیلیفورنیا (این این آئی) روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 17 سالہ روسی ٹینس کھلاڑی نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں بیلا روس کی عالمی نمبر ایک ٹینس سٹار آرینا سبالینکا کو شکست دی۔ انڈین ویلز کے دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے امریکی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ پیر کو خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے بیلا روس کی ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا کو پہلے سیٹ میں 6-2 کی شکست کے باوجود اگلے دونوں سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 3-6 سے ہرا کر نہ صرف ٹورنامنٹ جیت لیا بلکہ اپنے کیریئر کا تیسرا ڈبلیو ٹی اے ویمنز سنگلز کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فروری کے آخر میں دبئی میں فتح کے بعد یہ اس کا لگاتار دوسرا ٹائٹل ہے۔ میرا اینڈریوا اس سطح پر ڈبلیو ٹی اے کی تاریخ کی سب سے کم عمر چیمپئن ہیں جنہوں نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیتا ہے۔ اس فتح کے بعد میرا اینڈریوا ویمنز سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں کیریئر کی اعلیٰ ترین چھٹے نمبر پر پہنچ گئی ہیں۔

اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس‘ انگلینڈ کے جیک الیگزینڈر ڈریپر نے مینز سنگلز ٹائٹل جیت لیا


gettyimages
Credit: Matt Thomas/San Diego Padres

پیوریا اسٹیڈیم میں ملواکی بریورز کے خلاف موسم بہار کے تربیتی کھیل مظاہرہ کر رہے ہیں

حریف ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 2-6 سے مات دے دی

کیلیفورنیا (این این آئی) انگلینڈ کے نامور ٹینس سٹار جیک الیگزینڈر ڈریپر نے اپنی فتوحات کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 23 سالہ برطانوی ٹینس کھلاڑی جیک الیگزینڈر ڈریپر نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے کو شکست دے کر اپنے کیریئر کا سب سے بڑا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ امریکا کی مشہور ریاست کیلیفورنیا کے انڈین ویلز ٹینس گارڈن میں جاری اے ٹی پی ایونٹ میں سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں انگلینڈ کے ٹینس کھلاڑی جیک الیگزینڈر ڈریپر انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف ڈنمارک کے ٹینس سٹار ہولگر رونے کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 2-6 سے مات دے کر اپنے کیریئر کا سب سے بڑا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ اس فتح کے ساتھ ہی جیک الیگزینڈر ڈریپر کے اے ٹی پی ٹائٹلز کی تعداد تین ہوگئی ہے۔ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں سپین کے دفاعی چیمپئن کارلوس الکاراز کو شکست دینے کے بعد جیک الیگزینڈر ڈریپر کو پہلے مردوں کے سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں ٹاپ 10 میں پہلی بار پہنچنے کی ضمانت مل گئی تھی اور اس فتح کے بعد وہ مردوں کے سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں 7 درجے ترقی پا کر 14 ویں سے ساتویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں

gettyimages
Credit: Marcelo Endelli

ارجنٹائن: بوکا جونیئرز کے ملٹن گیمبز کے درمیان میچ کا منظر

CUNY STUDENTS SAY: FREE MAHMOUD KHALIL NOW!
HUNTER COMMITTEE TO DEFEND IMMIGRANTS

11 مارچ 2025 کو نیویارک شہر کے واشنگٹن سکوائر پارک میں طلبا نے فلسطینیوں کے حق میں مظاہرہ (اے ایف پی)

ممکنہ روسی حملہ، یورپی ممالک کا جنگ کیلئے لازمی فوجی سروس کی بحالی پر غور

روسی فوج آج فروری 2024 کے مقابلے میں بہت بڑی اور بہتر ہوگئی ہے، الیگزنڈر برلکوف

برسلز (این این آئی) یورپی ممالک ممکنہ روسی حملے کے خلاف اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے لازمی فوجی سروس کی بحالی پر غور کر رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ہائیڈلبرک یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف پولیٹیکل سائنس کے ریسرچر الیگزنڈر برلکوف نے کہا کہ روسی فوج آج فروری 2024 کے مقابلے میں بہت بڑی اور بہتر ہوگئی ہے، روسیوں کے بالٹک ریاستوں اور یورپی یونین کے مشرقی ممالک کے خلاف جارحانہ عزائم ہیں۔ برسلز سے تعلق رکھنے والے بریگل تھنک ٹینک کے لیے ایک تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ روس کے ممکنہ حملے کو روکنے کے لیے یورپ کو 3 لاکھ اضافی فوجی درکار ہوں گے۔ یوگو نامی سروے کے مطابق فرانس میں 68 فیصد اور جرمنی میں 58 فیصد اکثریت نوجوانوں کے لیے لازمی فوجی خدمات کی حمایت کرتی ہے، جبکہ برطانیہ، اٹلی اور اسپین میں اس حوالے سے رائے تقسیم ہے۔ بیشتر یورپی ممالک نے لازمی فوجی سروس کے حوالے سے قوانین ختم کر دیے تھے تاہم یونان، قبرص، آسٹریا، سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، ناروے اور ترکیہ میں لازمی فوجی سروس ابھی بھی برقرار ہے۔ پولینڈ نے 2008 میں فوجی بھرتی کو ختم کر دیا تھا، تاہم اس نے 2027 میں 1 لاکھ شہریوں کو فوجی تربیت فراہم کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔

talkpo
NDER

بارسلونا میں EnergyThunder اور Talkpool کے درمیان مفاہمت کی یادداشت (MOU) پر دستخط کی تقریب پر لیا گیا گروپ فوٹو

غزہ کی تعمیر نو کے منصوبے کے حوالے سے مصر اور امریکہ کی بات چیت

ایک اسرائیلی وفد اس وقت مصر کا دورہ کر رہا ہے، اسرائیلی وزیراعظم دفتر کا بیان

قاہرہ (این این آئی) مصری اور امریکی ذمے داران کے بیچ غزہ کی تعمیر نو کے منصوبے کے حوالے سے وسیع پیمانے پر بات چیت جاری ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ ذرائع کے مطابق واشنگٹن دو طرفہ اجلاسوں کے بعد تعمیر نو کے منصوبے میں چند نکات کے اضافے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ذرائع نے واضح کیا کہ واشنگٹن نے ان ناموں کی تفصیل طلب کی ہے جو مستقبل میں غزہ کی پٹی کو چلائیں گے۔ ساتھ زور دیا گیا ہے کہ وہ اس حوالے سے حماس سے متعلق کوئی بھی نام دور رکھا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ جانبین کے بیچ بات چیت کے بعد امریکہ رواں ماہ کے آخر میں مصری منصوبے پر مکمل تفصیل پیش کرے گا۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دفتر کے مطابق ایک اسرائیلی وفد اس وقت مصر کا دورہ کر رہا ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ ذرائع کے مطابق واشنگٹن دو طرفہ اجلاسوں کے بعد تعمیر نو کے منصوبے میں چند نکات کے اضافے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ذرائع نے واضح کیا کہ واشنگٹن نے ان ناموں کی تفصیل طلب کی ہے جو مستقبل میں غزہ کی پٹی کو چلائیں گے۔ ساتھ زور دیا گیا ہے

نیتن یاہو کا داخلی سیکورٹی کے ادارے کا سربراہ برطرف کرنے کا فیصلہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ انھوں نے داخلی امن کے ادارے شاباک (شین بیت) کے سربراہ کو آگاہ کر دیا ہے کہ وہ حکومت سے انھیں برطرف کرنے کی درخواست کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جاری بیان میں نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ عدم اعتماد کا سلسلہ جاری رہنے کے سبب میں نے فیصلہ کیا ہے کہ حکومت کو تجویز پیش کروں کہ وہ شاباک کے سربراہ رونین بار کو ان کی ذمے داریوں سے سبک دوش کر دیں وزیر اعظم اور شین بیت کے سربراہ کے درمیان ہر وقت اعتماد قائم رہنا چاہیے۔

9 ماہ سے خلا میں پھنسے خلا بازوں کا واپسی کا سفر شروع، تاریخ بھی سامنے آگئی

نیویارک (این این آئی) ناسا نے تصدیق کی ہے کہ گزشتہ برس جون سے خلا میں پھنسے ہوئے خلا بازوں کو ریسکیو کر لیا گیا ہے، اب ان کی واپسی کا سفر شروع ہوگیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسپیس ایکس کا ڈریگن کیپسول جو ناسا کے کریو 10 - مشن کو انجام دے رہا ہے، 15 مارچ کو لانچ ہونے کے بعد 29 گھنٹوں کا سفر مکمل کر کے گزشتہ روز پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) پہنچ گیا ہے۔ ناسا کے کریو 10- مشن کے تحت 4 خلا بازوں کو آئی ایس ایس بھیجا گیا ہے جو خلا میں پھنسے 58 سالہ سنیتا ولیمز اور 62 سالہ بوچ ولمور کو بحفاظت واپس زمین پر لائیں گے۔ کریو 10- مشن کے تحت جن 4 خلا بازوں کو آئی ایس ایس بھیجا گیا ہے ان میں ناسا کے این میک کلین اور نکول آئرس، جاپان کے تاکویا اونیشی اور روس کے کریل پیسکوف شامل ہیں۔ ناسا نے تصدیق کی ہے کہ اسپیس ایکس کا ڈریگن کیپسول خلا میں پھنسے ہوئے خلا بازوں سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور کو 19 مارچ کو زمین پر واپس لے کر آئے گا، جو اسٹار لائنر خلائی جہاز میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے گزشتہ ساڑھے 9 ماہ سے خلا میں پھنسے ہوئے ہیں۔

براؤن یونیورسٹی کی ڈاکٹر امریکی جج کے حکم کے باوجود لبنان ملک بدر

واشنگٹن (این این آئی) رہوڈ آئی لینڈ کی ایک ڈاکٹر جو بران یونیورسٹی کے میڈیکل سکول میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں، کو لبنان ملک بدر کر دیا گیا ہے حالانکہ عدالتی کاغذات کے مطابق ایک جج نے امریکی ویزا کی حامل کو ملک سے فوراً نکالنے کا حکم روک دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چونتیس سالہ ڈاکٹر راشا علویہ کی بے دخلی پیر کو بوسٹن میں ایک وفاقی جج کے سامنے ہونے والی سماعت کا مرکز ہے جنہوں نے اس بارے میں معلومات کا مطالبہ کیا کہ آیا امریکی کسٹمز اور بارڈر پروٹیکشن نے دانستہ ان کے حکم کی نافرمانی کی۔

چوہدری انوار الحق سے وزیر حکومت چوہدری اظہر صادق کی قیادت میں ڈڈیال کے وفد کی ملاقات

مجھے عام طرز زندگی پسند، آرام و عیش کی زندگی چھوڑ کر کٹھن راہ کا انتخاب کیا، صرف اپنے لوگوں کیلئے کام کرنا چاہتا ہوں، وزیر اعظم آزاد کشمیر

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اعظم چوہدری انوار الحق سے وزیر حکومت چوہدری اظہر صادق کی قیادت میں ڈڈیال کے وفد نے جموں کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم چوہدری انوار الحق نے کہا کہ مجھے عام طرز زندگی پسند ہے آرام و عیش کی زندگی چھوڑ کر اس کٹھن راہ کا انتخاب کیا ہے اب صرف اپنے لوگوں کیلئے کام کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان کی وجہ سے بجلی تین روپے یونٹ اور آٹا دو ہزار روپے من ہے اس لئے ریاست پاکستان مخالف بیانیے کی اجازت نہیں دی جائے گی، سبز ہلالی پرچم ہماری امنگوں اور عظمتوں کا نشان ہے اس کی سربلندی میں ہی ہماری بلندی ہے۔ ریاست کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرنے کیلئے اصلاحات کا عمل جاری ہے جس کا مقصد عام آدمی کی فلاح و بہبود ہے، ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ کار پسماندہ علاقوں تک پھیلایا جا رہا ہے تاکہ ریاست کے ایسے حصوں کو ترقی دی جا سکے جو اس عمل میں شامل نہیں ہو سکے ہیں۔ آپ لوگ بھی اپنے اپنے علاقے میں ہونے والے ترقیاتی عمل پر نظر رکھیں اور ترقیاتی کام کی نگرانی کریں۔

شہزادہ محمد بن سلمان کا الجوف میں السعیدان مسجد کی بحالی کا منصوبہ

تاریخی بنیادوں پر تعمیر 620ھ میں تعمیر کی جانے والی شہر کی سب سے قدیم مسجد ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں تاریخی مساجد کی بحالی اور تعمیر نو کے شہزادہ محمد بن سلمان پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے میں الجوف خطے کی مساجد کی حفاظت کو فروغ دینے کے ساتھ اور فنکارانہ، ڈیزائن اور معلوماتی اقدار کے امتزاج کے ذریعے انہیں نقصان اور بگاڑ سے بچانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اردگرد کے حالات اور ممکنہ خطرات پر احتیاط سے غور کیا جانا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ضمن میں السعیدان مسجد جو اس وقت الراجحین کے پڑوس میں زیر تعمیر ہے ایک اہم ترین تاریخی مسجد ہے۔ یہ مسجد قدیم تاریخی بنیادوں پر تعمیر کی گئی ہے اور یہ 620ھ میں تعمیر کی جانے والی شہر کی سب سے قدیم مسجد ہے۔ مسجد میں جمعہ اور پانچ وقت کی باجماعت نماز کے اہتمام کیساتھ اس سے ملحقہ ایک عدالت خانہ، جہاں تنازعات کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ یہ مسجد السعیدان گروپ کی طرف سے تعمیر کی گئی تھی۔ سعودی عرب شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمان کے دور میں عطا اللہ السعیدان کو الجوف میں امام اور قاضی مقرر کیا گیا تھا۔ یہ مسجد قرآن کریم کا ایک درس گاہ تھی، جس کے قرآنی حلقے دوشنبوں میں کام کرتے تھے۔ یہ مسجد قدیم کنویں میں سے ایک کے قریب ہے جسے ابوالجبل کنواں کہا جاتا ہے، اس میں وضو کے لیے پانی کے راستے میں اترنے کے لیے استعمال ہونے والی ایک سیڑھی ہے، جس میں وضو خانے پہلے 7 مربع میٹر کا اضافہ ہوا تھا۔

اس تصویر میں وائس آف امریکہ کے عملے کی خاتون ویسٹ پام بیچ پر رپورٹنگ کرتے ہوئے (اے ایف پی)

لاس اینجلس میں کیلیفورنیا یونیورسٹی کے کیمپس میں پولیس افسران کو فلسطینی حامی احتجاجی کیمپ کے باہر کھڑا دیکھا جا سکتا ہے (رائٹرز)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کے نزول کا مہینہ ہے

افطار ڈنر میں جہلم پریس کلب کے عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی

جہلم (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کے نزول کا مہینہ ہے، جو ہمیں صبر، تقویٰ، ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے ان خیالات کا اظہار چیرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود نے صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس کی طرف سے دیے گئے افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا افطار ڈنر میں جہلم پریس کلب کے عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب کے صدر مہر محمد الیاس کی طرف سے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر سابق صدر جہلم پریس کلب ملک وسیم اختر نے آنے والے مہمانوں کا استقبال کیا افطار ڈنر میں شرکت کرنے والے صحافیوں میں چوہدری ظفر نور مرزا قدیر بیگ شیخ ذوالفقار علی کاشف سید مستفیض اقبال بخاری عامر کیانی راجہ جہانزیب خان عبدالرحمن قادری شہریار علی راجہ چوہدری تصور حسین مرزا راحیل بیگ چوہدری عابد محمود سید ناصر محمود چوہدری مہربان حسین غلام قادر مخلص وسیم قریشی فضل خان انیس الرحمن بٹ عبدالغفار دانیال عابد سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک عبادت وریاضت میں اضافہ وسبقت کا مہینہ ہے بلاشبہ رمضان المبارک روزہ داروں کو بھوک اور پیاس برداشت کر کے عملی طور پر صبر کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ انسان پیش آنے والی مشکلات اور مصائب پر صبر و استقامت سے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرے تو لا تعداد فیوضات وانعامات کا مستحق ٹھہرتا ہے سابق صدر ملک وسیم اختر نے کہا کہ رمضان المبارک میں عبادت کوئی رسمی سرگرمی نہیں بلکہ ان معمولات عبادات پر قائم رہنے میں ہی کامیابی ہے یہی استقامت انسانی کردار میں صحیح معنوں میں مثبت تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے افطار ڈنر میں شرکت کرنے والے صحافیوں نے مہر محمد الیاس کی میزبانی اور بہترین انتظامات کی تعریف کی

اوکاڑہ غیر قانونی پٹرول اور غیر قانونی جنسیاں کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کا کریک ڈاؤن

محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے

دیپالپور (زاہد عمران خان جنجوعہ) اوکاڑہ غیر قانونی پٹرول اور غیر قانونی جنسیاں کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کا کریک ڈاؤن، 4 پٹرول پمپ سیل، 80 ہزار جرمانہ، ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین اور ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات کے مطابق محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر سمیت دیگر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ متعدد مقامات پر پیٹرول پمپس کی انسپکشنز کیں اور کاغذات مکمل مہیا نہ کرنے پر چار غیر قانونی پیٹرول پمپس اثار پیٹرولیم سروس 6/4L اوکاڑا پپلی روڈ، سپرا پیٹرولیم سروس 44/2L اوکاڑا پپلی روڈ، اسلم پٹرولیم سروس پپلی روڈ غیاث چوک تحصیل دیپالپور اور قاسم علی سیال لکڑ والا غیر قانونی جنسی 20 سال سے چل رہی تھی پپلی روڈ تحصیل دیپالپور کو موقع پر سیل کر دیا اور ملزم اگرا خان ولد نور احمد قوم آرائیں مالک محمد احمد پیٹرولیم سروس جندراکہ روڈ اور عبدالرحمن ولد حاجی عیش محمد قوم راجپوت مالک حاجی عیش محمد پیٹرولیم سروس جندراکہ تحصیل اوکاڑہ کو نامکمل کاغذات پر چالیس، چالیس ہزار روپے کے جرمانے عائد کر دیے، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا کہ غیر قانونی پیٹرول پمپس کو ہرگز کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف قانون چلائے جانے والے پٹرول پمپس کو بھاری جرمانے کیے جائیں گے۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

سرکاری ہسپتالوں میں تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں اور مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد، اس موقع پر تینوں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو میتلو، ایس این اے افضال حسین، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت محکمہ ہیلتھ کے دیگر افسران بھی موجود تھے، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ اور ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی، دونوں افسران نے ہسپتال میں مریضوں کو دستیاب طبی ادویات بارے بھی اجلاس کو آگاہ کیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو صحت عامہ کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے وسیع تر اقدامات کر رہی ہے، عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں سرکاری ہسپتالوں میں تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں اور مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

تیز رفتاری کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کی تحصیل پسرور چونڈہ پھاٹک کے قریب حادثہ میں تیز رفتاری کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا۔ موقع پر موجود شہریوں کے مطابق موٹر سائیکل سوار سیالکوٹ سے پسرور کی طرف جا رہا تھا کہ مخالف سمت سے آنے والی بس اور ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا کر موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ ابتدائی طور پر جاں بحق 26 سالہ نوجوان کی شناخت عامر کے نام سے ہوئی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 اہلکاروں نے ضروری کاروائی کے بعد لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ دریں اثناء بھاگوال روڈ پر دو مخالف سمت سے آنے والے تیز رفتار موٹر سائیکل سواروں کے درمیان تصادم کے نتیجہ میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کے نام 20 سالہ سجاد 22 سالہ حامد اور 22 سالہ ابوبکر سے ہوئی جن کو اطلاع ملنے کے بعد فوری طور پر ریسکیو 1122 نے جائے حادثہ سے اٹھا کر ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا۔

انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں، ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں، ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی خصوصی کاوش سے پولیس افسران و جوانوں کے بچوں کی بہتر تعلیم کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ الائیڈ سکول اور پنجاب گروپ آف کالجز کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا۔ ایم او یو پر دستخط کرنے کیلئے ڈی پی او دفتر میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد، الائیڈ سکول، پنجاب گروپ آف کالجز کے نمائندے نے ایم او یو پر دستخط کیے۔ ایم او یو کے تحت شہدائے پولیس کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی۔ ایم او یو کے تحت غازیوں کے بچوں کو 60 فیصد اور حاضر سروس پولیس اہلکاروں کے بچوں کی فیس میں پچاس فیصد رعایت دی جائے گی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس کی ویلفیئر، بچوں کی بہتر تعلیم کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر سے متعلق دیگر اداروں کیساتھ بھی ایم او یو کیے جا رہے ہیں۔

قائد محمد خالد وسیم کے اقدامات بہترین ہیں: ڈائیریکٹر سوسائٹی یونس مغل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ڈائریکٹر محمد یونس مغل نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن پارک کو آرٹ کا نمونہ اور جاذب نظر بنانے کے لیے صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے جو اقدام کیے ہیں ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں پارک کو خوبصورت بنانے کے لیے دن رات کام جاری ہے جھولے، آرٹیفیشل اینیملز، جھولے، الیکٹرک پنگوڑے، پینگیں اور بچوں کے لیے دیگر چیزوں کو نہایت خوبصورتی سے تیار کیا جا رہا ہے قابل تعریف بات یہ ہے کہ ہریالی نے ہر سو ماحول میں اپنائیت پیدا کر دی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈائریکٹران حاجی فیصل سہیل، محمد عظیم بٹ، اور سابق ڈائریکٹر محمد بوٹا گجر کے ہمراہ پارک کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے کیا محمد یونس مغل نے مزید کہا کہ پارک کی خوبصورتی میں اس قدر اضافہ ہو چکا ہے کہ درختوں کے تنوں پر خوبصورت آرٹ کے نمونے اس بات کی گواہی دے رہے ہیں کہ پورے ضلع سیالکوٹ میں اس طرح کا کوئی پارک نہیں جہاں پر بچوں کیلئے کھیل کے میدان آباد ہونے کے ساتھ ساتھ بچوں کی ذہنی نشوونما کے لیے بھی بہت کچھ حاصل ہو سکے ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے لیے یہ پارک ایک مثالی پارک بن رہا ہے عید الفطر کے موقع پر اس کو ممبران کے لیے کھول دیا جائے گا اور یقیناً بچے انجوائے کریں گے

جامع مسجد خضراء میں امسال بھی افطاری کا اہتمام کیا گیا

رمضان المبارک صبر، ایثار اور عبادت کا مہینہ ہے: علامہ نوید اقبال چشتی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ شہر کی جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں میں ہر سال کی طرح اس رمضان المبارک میں بھی روزہ داروں کے لیے اجتماعی افطاری کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس موقع پر مسجد انتظامیہ کی جانب سے روزانہ افطاری کا وسیع انتظام کیا جا رہا ہے، جہاں روزے داروں کو روحانی اور جسمانی سکون میسر آتا ہے۔ افطاری کے دوران معروف عالم دین خطیب مسجد ہذا علامہ نوید اقبال چشتی نے خصوصی بیان دیتے ہوئے کہا کہ ”رمضان المبارک صبر، ایثار اور عبادت کا مہینہ ہے۔ اجتماعی افطاری کا اہتمام نہ صرف روزے داروں کے لیے آسانی پیدا کرتا ہے بلکہ مسلمانوں کے درمیان اخوت اور بھائی چارے کو بھی فروغ دیتا ہے۔ رمضان المبارک میں مستحق افراد کے ساتھ حسن سلوک اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنا اللہ کی رضا حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس دوران روزہ داروں نے بھی مسجد انتظامیہ کی طرف سے اس اجتماعی افطاری کے انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ عمل اسلامی اقدار کو زندہ رکھنے کی ایک بہترین مثال ہے۔

شہر میں ڈاکو بے لگام ہو گئے ہیں: شہری پریشان

مریدکے (نمائندہ خصوصی) شہر میں ڈاکو بے لگام ہو گئے ہیں دن رات نان سٹاپ ڈکیتیوں سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں ڈاکوؤں کیلئے مریدکے شہر فیورٹ بن گیا محلہ مبارک آباد کے رہائشی نوجوان حقیقی بھائی منور اور ابوبکر 35 لاکھ روپے کیش لے کر پٹرول پمپ سے نکلے تو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے کالا کوداوکے کے قریب گھیر لیا اور مزاحمت پر فائرنگ کر دی جس سے منور شدید زخمی ہو گیا جو اسپتال میں علاج کے دوران دم توڑ گیا تفصیل کے مطابق واردات کے دوران دوسرا بھائی ابوبکر معجزاتی طور پر محفوظ رہا ڈاکوؤں کی جانب سے گولیاں لگنے سے جاں بحق منور کی نعش کرالا ہور سے ٹی ایچ کیو اسپتال مردہ خانہ پوسٹ مارٹم کیلئے منتقل کیا گیا مریدکے سٹی پولیس ڈاکو گرفتار کرنے میں مکمل ناکام دکھائی دینے لگی ڈاکو دندناتے پھرنے لگے تاجروں و شہریوں نے آئی جی پولیس پنجاب آر پی او ریجن شیخوپورہ ڈی پی او سے مریدکے کے شہر کی بگڑتی صورتحال کا نوٹس لیتے امن و امان قائم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

پٹرول پمپ مافیا بے لگام: شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) کیمبر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے پٹرول پمپ مالکان کم پیمانے کے ساتھ ڈیزل اور پٹرول سیل کر کے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے متعلقہ محکموں نے رسم دنیا نبھا کر خاموشی کی چادر اوڑھ لی وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی ملی بھگت سے کیمبر قادرآباد نور شاہ یوسف والا اور بگڑی پل اور اس کے گرد و نواح میں پٹرول پمپ مالکان میر منٹ میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے اور شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے جس کی وجہ سے کیمبر قادرآباد کی عوام شدید پریشان لیکن بد قسمتی سے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں نے رسم دنیا نبھا کر خاموشی کی چادر اوڑھ لی اور فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنا شروع کر دی پیمانے میں کمی کر کے ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے والے پٹرول پمپ مالکان کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں کیمبر قادرآباد کی عوام ضلعی انتظامی اور متعلقہ محکموں پر شدید برہم ہیں۔

حافظ آباد میں گاڑیوں پر نیلی بتیوں، سبز نمبر پلیٹس اور اسلحہ کی نمائش معمول بن گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں گاڑیوں پر نیلی بتیوں، سبز نمبر پلیٹس اور اسلحہ کی نمائش معمول بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے پرائیویٹ گاڑیوں پر نیلی بتیوں سبز نمبر پلیٹس اور اسلحہ کی نمائش پر پابندی عائد کر رکھی ہے لیکن ضلع بھر میں ویگو ڈالوں میں موجود افراد نہ صرف اسلحہ لئے پھرتے ہیں بلکہ بعض افراد پرائیویٹ گاڑیوں پر سبز نمبر پلیٹس اور نیلی بتیاں لگا کر سادہ لوح عوام کو چکمہ دیتے نظر آتے ہیں۔ عوامی سماجی حلقوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں اسلحہ کی نمائش کرنے والوں اور پرائیویٹ گاڑیوں پر سبز نمبر پلیٹس اور نیلی بتیاں لگانے والوں کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائی جائے۔

تیز رفتار ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر پچیس سالہ نوجوان شدید زخمی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر پچیس سالہ نوجوان شدید زخمی تفصیلات کے مطابق جھمرہ روڈ کوٹ خدایار کے قریب ڈمپر نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل پر سوار پچیس سالہ صابر علی شدید زخمی ہو گیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور زخمی کو فوری طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

اوکاڑہ کے نواح میں اوباش شخص نے کمسن بچے کو بدفعلی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباش شخص نے کمسن بچے کو بدفعلی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ موضع اسلام پورہ کے رہائشی ابوسفیان کا ساڑھے چھ سالہ بیٹا محمد عبداللہ گلی میں کھیل رہا تھا کہ اچانک اوباش محمد اویس پیسے دینے کا لالچ دیکر اپنے چچا کے گھر لے گیا جہاں زبردستی اسے بدفعلی کا نشانہ بنا دیا بچے کی چیخ و پکار پر اہل محلہ آ گئے ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا پولیس تھانہ چوچک نے بچے کی والدہ فرزانہ بی بی کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔

تھانہ کسیسے کی حدود میں درندہ صفت شخص کی تین سالہ بچی سے مبینہ زیادتی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ کسیسے کی حدود میں درندہ صفت شخص کی تین سالہ بچی سے مبینہ زیادتی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تین سالہ منابل کے والدین خانقاہ ڈوگراں گئے ہوئے تھے۔ انکی عدم موجودگی میں ملزم خالق شیر نے منابل کے گھر داخل ہو کر اس سے مبینہ طور پر زیادتی کی اور بچی کو حالت غیر میں چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ بعد ازاں پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے گرفتار کر لیا۔

قومی سیاسی قیادت کی کردار کشی پی ٹی آئی کا وطیرہ ہے: رانا ممتاز محمود

یہ انتشار برپا کر کے ملک کو سیاسی و معاشی طور پر عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما و امیدوار این اے 115 رانا ممتاز محمود مون خاں نے کہا ہے کہ قومی سیاسی قیادت کی کردار کشی پی ٹی آئی کا وطیرہ ہے الزام تراشی کے سہارے عوام دوست قیادت کو بدنام کرنے کی کوششیں کرنے والے جمہوریت پسند نہیں یہ انتشار برپا کر کے ملک کو سیاسی و معاشی طور پر عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں، پنجاب میں جاری ترقی تحریک انصاف کو برداشت نہیں ہو رہی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی سوشل میڈیا پر کردار کشی کر کے انکی مقبولیت کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے جو کامیاب نہیں ہو گی، ان اوچھے ہتھکنڈوں سے پی ٹی آئی نے اپنی سیاسی قبر خود کھود دی ہے عوام انہیں سیاسی عمل کا حصہ دیکھنا نہیں چاہتے، پی ٹی آئی کی قیادت نے بدزبانی کی بدترین مثال قائم کر کے جمہوری اقدار کو شدید نقصان پہنچایا اور عوام کو تقسیم کرنے کی سازش رچی وقت آ گیا ہے کہ قومی مفادات کو نقصان پہنچانے والے اس ٹولے کا کڑا محاسبہ کیا جائے، سیاست شریفانہ عمل ہے جس میں بدزبانی الزام تراشی اور کردار کشی کی کوئی گنجائش نہیں سیاستدان قوم کا چہرہ ہوتے ہیں مگر پی ٹی آئی نے قومی تشخص اور جمہوری عمل کو سبوتاژ کرنے کی ٹھان رکھی ہے (ن) لیگی قیادت کی خوش اخلاقی اور بانی پی ٹی آئی کا لب و لہجہ پاکستانی قوم سے سامنے ہے سیاست میں مقابلہ گالی گلوچ سے نہیں کارکردگی کی بناء پر کیا جاتا ہے اور پی ٹی آئی کے پاس عوامی خدمت کے حوالے سے کوئی کریڈٹ نہیں، مہنگائی کا خاتمہ، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، زراعت، تعلیم، صحت سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات اور عوام کو بنیادی حقوق انکی دہلیز پر فراہم کرنا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کریڈٹ ہے جسے جتنا سراہا جائے کم ہے، محسن پاکستان میاں محمد نواز شریف کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے پنجاب حکومت کے اٹھائے گئے اقدامات کے ثمرات صوبہ بھر کی عوام کو میسر ہیں اور پنجاب ترقی کی رفتار میں سب کو پیچھے چھوڑ گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا

یوم علی، جمعۃ الوداع، عید الفطر اور عرس کمیر کے موقع پر ضلعی سطح پر کیے جانے والے سیکیورٹی اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت منٹگمری ہال میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں یوم علی، جمعۃ الوداع، عید الفطر اور عرس کمیر کے موقع پر ضلعی سطح پر کیے جانے والے سیکیورٹی اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اسامہ مجید چیمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی وحید حسن گوندل اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام محکموں کو اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ کرتے ہوئے ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ ان ایام کے دوران فول پروف سیکیورٹی اور شہریوں کی سہولت کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کریں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، میونسپل کارپوریشن، ہیلتھ اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت دی کہ وہ اپنے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کو یقینی بنائیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہیں۔

پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز منیجمنٹ سلمیٰ بٹ نے ضلع چنیوٹ کا دورہ کیا

میونسپل کمیٹی آفس میں موجود بینیفشریز میں نگہبان رمضان پیکج کے تحت 10/10 ہزار روپے کے پے آرڈرز تقسیم کیے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز منیجمنٹ سلمیٰ بٹ نے ضلع چنیوٹ کا دورہ کیا اور میونسپل کمیٹی آفس میں موجود بینیفشریز میں نگہبان رمضان پیکج کے تحت 10/10 ہزار روپے کے پے آرڈرز تقسیم کیے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ معاون خصوصی نے خواتین و مرد حضرات سے ملاقات بھی کی اور رمضان پیکج کے پے آرڈرز ملنے کے حوالے سے دریافت کیا۔ بینیفشریز نے 10/10 ہزار روپے کے رمضان گفٹ پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ معاون خصوصی نے تحصیل چوک میں قائم ماڈل/سہولت بازار کا دورہ کر کے اشیاء کی دستیابی، معیار اور قیمتوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے بزرگ خریداروں سے انتظامات اور قیمتوں بارے دریافت بھی کیا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

سرکاری ہسپتالوں میں سروس ڈیلیوری بہتری کی پالیسی پر عملدرآمد تیز کر دیا

الائیڈ ہسپتال ٹو کا اچانک دورہ کر کے ایمرجنسی، وارڈز میں طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صحت مند پنجاب ویژن کے تحت ضلعی انتظامیہ فیصل آباد نے سرکاری ہسپتالوں میں سروس ڈیلیوری بہتری کی پالیسی پر عملدرآمد تیز کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اس سلسلہ میں الائیڈ ہسپتال ٹو کا اچانک دورہ کر کے ایمرجنسی، وارڈز میں طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے فارمیسی میں ادویات کے سٹاک کی بھی جانچ پڑتال کی اور وارڈ میں جا کر مریضوں سے ملاقات، ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹرز کے رویہ بارے استفسار کیا۔ ڈپٹی کمشنر کا اس موقع پر کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں سروس ڈیلیوری کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ مریضوں کے علاج معالجہ میں غفلت پر کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ایم ایس ڈاکٹر ظفر نے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔

مبینہ پولیس مقابلہ میں 46 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ چور زخمی حالت میں گرفتار

جھنگ (بیورو رپورٹ) مبینہ پولیس مقابلہ میں 46 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ چور زخمی حالت میں گرفتار زیر حراست زخمی ملزم کی شناخت جلال آباد کے رہائشی امانت علی کے نام سے ہوئی ہے پولیس کے مطابق تھانہ کوتوالی کے علاقہ علی آباد بائی پاس کے قریب پولیس اہلکار ناکہ پر موجود تھے کہ تین موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے پولیس ناکے پر چیکنگ سے بچ نکلنے کے لیے اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں ایک ملزم اپنے ہمراہی ساتھیوں کی اندھا دھند فائرنگ کی زد میں آ کر زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا زیر حراست زخمی ملزم کی شناخت امانت علی ولد احمد علی سکنہ جلال آباد جھنگ کے نام سے ہوئی ہے جو موٹر سائیکل چوری سمیت 46 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ نکلا ہے۔

چیف وارڈن طاہر مجید کپور کی کمانڈ میں تنظیم کی کارکردگی قابل قدر ہے۔ شاہد پرویز

ڈویژن وارڈنز کی سول ڈیفنس آفیسر سے ملاقات، ڈیوٹی روسٹر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شاہد پرویز نے بطور سی ڈی او سیالکوٹ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی ہدایت پر ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر اور ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ نے سول ڈیفنس سیالکوٹ ہیڈ کوارٹر میں نئے ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شاہد پرویز کے ساتھ ملاقات کی چیف اسپیکلنگ آفیسر عبداللہ شاکر بھی موجود تھے۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈویژن وارڈنز نے نئے آفیسر کو چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی جانب سے چارج سنبھالنے پر سی ڈی او سیالکوٹ کو مبارکباد دی جنہوں نے شکریہ ادا کرتے ہوئے چیف وارڈن صاحب کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈویژن وارڈنز نے یوم علی و رمضان المبارک ڈیوٹی روسٹر سول ڈیفنس آفیسر سے شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ رمضان المبارک میں یوم علی و رمضان المبارک کے آخری چار روز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی کمانڈ میں تنظیم شہری دفاع کے باوردی وارڈنز ٹریفک پولیس سیالکوٹ کے ہمراہ مختلف مقامات پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں۔

پتوکی گزشتہ دنوں سلنڈر دھماکے سے زخمی باپ بیٹا جاں بحق ہو گئے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی گزشتہ دنوں سلنڈر دھماکے سے زخمی باپ بیٹا جاں بحق ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ دنوں تھانہ صدر پتوکی کی حدود حبیب آباد میں سحری کے وقت سلنڈر پھٹنے سے جھلسنے والے باپ بیٹا ہسپتال میں جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق سلنڈر پھٹنے کا واقعہ جمعرات کے روز پیش آیا تھا جس میں 60 سالہ زخمی باپ اور 19 سالہ بیٹا لاہور کے ہسپتال میں زیر علاج تھے۔ جاں بحق ہونے والے باپ اسحاق اور بیٹے شعیب کو گزشتہ روز حبیب آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

پتوکی 14 سالہ لڑکے کے ساتھ بدفعلی کا واقعہ

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی 14 سالہ لڑکے کے ساتھ بدفعلی کا واقعہ۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی کی حدود حبیب آباد کے رہائشی محمد احسان الحق کے 14 سالہ بیٹے وحید کو اوباش شہزاد نے درندگی کا نشانہ بنا ڈالا پولیس نے مقدمہ درج کر کے وکٹم کا میڈیکل کروانے کے لئے کاروائی کا آغاز کر دیا۔

اوکاڑہ میں گھریلو ناچاقی پر خاوند کے ہاتھوں فائرنگ سے بیوی قتل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں گھریلو ناچاقی پر خاوند کے ہاتھوں فائرنگ سے بیوی قتل، قاتل شوہر نے خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا بھی خاتمہ کر لیا میاں بیوی کی ہلاکت پر علاقہ میں خوف و ہراس، فضا سوگوار پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ میں دل دہلا دینے والا افسوسناک واقعہ سامنے آ گیا گھریلو رنجش، ناچاقی اور تکرار نے دو انسانی جانیں نگل لیں محلہ اسماعیل پورہ حجرہ شاہ مقیم میں 30 سالہ شہزاد نے اپنی بیوی ناہید بی بی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا قاتل شوہر نے بعد ازاں بیوی کی جدائی برداشت نہ کرتے ہوئے خود پر بھی فائر کرتے ہوئے اپنی زندگی کا بھی خاتمہ کر لیا میاں بیوی کی ہلاکت پر علاقہ بھر میں خوف و ہراس پھیل گیا ہر آنکھ اشک بار اور فضا سوگوار ہے دوسری جانب پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا ہے اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

ماہ رمضان المبارک امت مسلمہ کے لیے اپنی نجات کروانے کا ایک موقع ھے

رمضان المبارک صبر، استقامت، اور اتحاد کا درس دیتا ھے: رانا محمد راشد

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) ماہ رمضان المبارک امت مسلمہ کے لیے اپنی نجات کروانے کا ایک موقع ھے۔ ان خیالات کا اظہار رانا محمد راشد نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اخوت اور بھائی چارے کے فروغ سے معاشرتی زندگی کو استحکام ملتا ہے۔ رمضان صبر، استقامت اور اتحاد کا درس دیتا ہے۔ دنیا کے بحران کا سب سے اہم سبب انسانی ضمیر کا فقدان اور دینی اخلاق سے دوری ہے۔ اسلام نے باہمی تعلق کو کہیں بھائی کہہ کر بیان فرمایا تو کہیں جسم واحد قرار دیا اور کہیں مضبوط دیوار کی مانند قرار دیا، جس کی ایک اینٹ دوسرے کی تقویت کا باعث بنتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ رمضان صبر اور استقامت کا درس دیتا ہے۔ معاشرتی زندگی میں استحکام کے لیے اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہو کر مستحقین کی مدد کے ساتھ ساتھ بھائی چارے کو فروغ دینا ہو گا۔ دنیا کا ہر مذہب بھائی چارے، ایک دوسرے کا احترام، محبت، امن اور رواداری کے ساتھ زندگی گزارنے کی تعلیم دیتا ہے، کوئی بھی مذہب کسی بھی قسم کے ظلم کی نہ تو اجازت دیتا ہے اور نہ ہی نفرت، بغض اور عداوت کے جذبات کو پروان چڑھانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عظیم تاریخی ترقی کے باوجود بین الاقوامی تصرفات کو کنٹرول کرنے والے اخلاق گر چکے ہیں، ذمہ داری کا احساس اور روحانی قدریں ختم ہو چکی ہیں، جس کی وجہ سے آج ناکامی، دوری اور ناامیدی کا شعور و احساس عام ہے اور اسی وجہ سے بہت سارے لوگ یا تو لادینی اور الحادی دہشت پسندی کے کٹھ پتلی بن گئے ہیں یا اندھے تعصب، شدت پسندی اور دینی دہشت پسندی کے شکار ہو گئے ہیں اور بعض لوگوں نے تو ذات اور جماعت کو تباہ و برباد کرنے کا طریقہ اختیار کر لیا ہے۔ کسی بھی گھر میں بسنے والے جب تک متحد رہتے ہیں محفوظ رہتے ہیں۔

انسپکٹر اخلاق احمد نول کی پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائیاں قابل تحسین ہیں

مرد و خواتین بھکاریوں نے چوکوں، بازاروں اور سڑکوں پر شریف شہریوں کا جینا حرام کر رکھا تھا

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ایچ او تھانہ سٹی جھنگ انسپکٹر اخلاق احمد نول کی پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائیاں قابل تحسین ہیں گزشتہ روز تھانہ سٹی جھنگ کے شہریوں نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائیوں کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا مقدس مہینہ شروع ہوتے ہی پیشہ ور، مرد و خواتین بھکاریوں نے چوکوں، بازاروں اور سڑکوں پر شریف شہریوں کا جینا حرام کر رکھا تھا جس سے نا صرف مستحق افراد حق سے محروم ہو رہے تھے بلکہ پیشہ ور بھکاریوں کی وجہ سے شریف شہریوں کی تضحیک بھی ہو رہی تھی جس پر ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی جھنگ انسپکٹر اخلاق احمد نول نے درجنوں پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کروا دیے ہیں جس سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا ہے

دی سکائی ایگلز اسکول میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

بچوں کی سالانہ تعلیمی قابلیت پر انکو انعامات سے نوازہ گیا تا کہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جاسکے

جلالپور بھٹیاں۔ (روز نامہ قوت۔ رستم علی) دی سکائی ایگلز اسکول جلال پور بھٹیاں میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا تفصیلات کے مطابق دی سکائی ایگلز اسکول میں بچوں کی سالانہ تعلیمی قابلیت پر انکو انعامات سے نوازہ گیا تا کہ طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔ اس تقریب میں اس تقریب شہر کی ایک معزز ہستی ڈاکٹر زاہد جاوید فیملی میڈیسن سپیشلسٹ اور ڈاکٹر فرخ نوید زاہد گائنا کالجسٹ یوسف میموریل ہسپتال کو بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا۔ اور ڈاکٹر صاحب نے والدین کو بچوں کی صحت پر خاص توجہ دینے پر زور دیا اور یہ بھی فرمایا کہ ایک صحت مند بچہ ہی آج کی تعلیمی سرگرمیوں میں بہتر نتائج لا سکتا ہے۔ اس تقریب کے دوسرے مہمان خصوصی سول جج فیصل آباد چوہدری محمد یوسف چدھڑ صاحب نے بھی بچوں کی حوصلہ افزائی کی اور بچوں کو انعامات سے نوازہ۔ اس تقریب میں کثیر تعداد میں طلبہ اور طالبات کے والدین نے بھی شرکت کی اور ان کے تعلیمی سال کی بہترین تکمیل اور شاندار نتائج پر ڈائریکٹر ملک احسان اللہ دانش اور پرنسپلز مسعود و اور تمام اساتذہ کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈائریکٹر ملک احسان اللہ دانش کا کہنا تھا کہ ہمارا ادارہ عرصہ دو سال سے شاندار نتائج کے ساتھ تعلیمی خدمات سرانجام دے رہا ہے ہمارے طلبہ کی پوزیشن میرٹ پر دی جاتی ہے جو کہ ان کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے ہم نے یہ ادارہ صرف کار خیر کے طور پر اور مخلوق خدا کی خدمت کے لیے بنایا ہے۔

ستھرا پنجاب مہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا احسن اقدام ہے

ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سالوں پرانے کوڑا کرکٹ ڈھیر اٹھا رہی ہے

پتوکی (نامہ نگار) ستھرا پنجاب مہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا احسن اقدام ہے ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سالوں پرانے کوڑا کرکٹ ڈھیر اٹھا رہی ہے شہر اور گرد و نواح میں صفائی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابقہ لیگی کونسلرز حاجی شاہد قیوم ٹیپو، مدثر چوہدری، مشتاق چوہدری، سعید احمد طاہر، حامد علی سماجی رہنما سید نسیم شاہ، جاوید پرنس نے میڈیا سے گفتگو میں کرتے ہوئے کیا انکا مزید کہنا تھا کہ ویسٹ مینجمنٹ ٹھیکیدار کی جانب سے شہر اور گرد و نواح میں صفائی مہم جاری ہے بیس بیس سالہ پرانے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر ٹریکٹر ٹرالیوں اور کرین کی مدد سے اٹھا رہے ہیں۔ ستھرا پنجاب مہم سے روز بروز بہتری آ رہی ہے شہر بھر میں خاکروب کام کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ صفائی نظام کی بہتری کیلئے رکشوں اور ہاتھ ریڑھیوں کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اپنے والد میاں نواز شریف کے ویژن کو لیکر آگے بڑھ رہی ہیں۔ میاں نواز شریف ہی واحد لیڈر رہے جو عوام کے مسائل اور تکالیف کو جانتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز میاں نواز شریف کے ویژن کو لیکر چلیں گی تو بہتری آئے گی سابقہ حکومت نے ملک کا بیڑا غرق کر دیا تھا اداروں کا دیوالیہ ہو گیا تھا مسلم لیگ ن کی حکومت کے آتے ہی ملک میں خوشحالی آ رہی ہے۔

چوری کے مقدمہ میں ملوث 02 کس ملزمان پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے 01 کروڑ 63لاکھ روپے کا قیمتی سامان، 01ایپل کی گھڑی اور 2لاکھ 70ہزار روپے نقدی برآمد

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو/نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے جدید سائنٹفک طریقے سے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے چوری کے مقدمہ میں ملوث 02 کس ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 01 کروڑ 63 لاکھ روپے کا قیمتی سامان، 02 لاکھ 70 ہزار روپے نقدی اور 01 ایپل کی گھڑی برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں محمد افضل اور محمد عامر شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے واپڈا لنک روڈ سے ایک شوروم سے الیکٹرک ڈیوائسز چوری کی تھی۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ چور و ڈکیت معاشرے کا ناسور ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گیں۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

جی ٹی روڈ نظام پارک کے قریب پتنگ پکڑتے آٹھ سالہ بچہ کار سے ٹکرا کر جاں بحق ہو گیا

مریدکے (نمائندہ خصوصی) جی ٹی روڈ نظام پارک کے قریب پتنگ پکڑتے آٹھ سالہ بچہ کار سے ٹکرا کر جاں بحق ہو گیا شہر سے پتنگ بازی پولیس نہ رکوا سکی تیز دھاتی ڈور سے موٹر سائیکل سوار پریشان شہریوں کا آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ بتایا جاتا ہے کہ جی ٹی روڈ نظام پارک کے قریب معصوم آٹھ سالہ بچہ کٹی پتنگ کو پکڑنے کیلئے سڑک پر چڑھ گیا اور تیز رفتار کار سے ٹکرا گیا شدید زخمی کو راہگیروں نے ٹی ایچ کیو اسپتال پہنچایا جو اسپتال پہنچ کر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا بچے کا والد چند ماہ قبل وفات پا چکا ہے لیکن ماں کا لخت جگر بھی اپنے والد سے جا ملا والدہ کو اسپتال میں غشی کے دورے پڑتے رہے مریدکے شہر میں لاقانونیت کے بسیرے تو قائم ہیں۔

جہلم موسمی تبدیلی کے ساتھ ہی موسمی بخار، نزلہ زکام چھاتی پر بلغم کے مریضوں میں اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم موسمی تبدیلی کے ساتھ ہی موسمی بخار، نزلہ زکام چھاتی پر بلغم کے مریضوں میں اضافہ، جبکہ بچوں میں موسمی بخار کے ساتھ نمونیا کی شکایات بڑھنے لگیں، چسٹ انفیکشن اور زکام سے متاثرہ لوگ ہجوم میں جانے سے گریز کریں صحت مند غذا کھائیں، ورزش کریں اور جسم کی انرجی نیند پوری کریں، ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال جہلم کے میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر فواد مجید چوہدری نے موجودہ موسمی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی مچھر مکھی کی آمد میں بتدریج اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جاتی ہوئی اس سردی کی معمولی لہر سے لوگوں میں چیسٹ انفیکشن، نزلہ، زکام اور کھانسی کے مریضوں میں اضافہ ہو گیا ہے، جبکہ چھوٹے بچوں میں موسمی بخار اور نمونیا کی شکایات سامنے آئی ہیں، ایسے حالات میں، چسٹ انفیکشن، نزلہ اور زکام سے متاثر لوگ کھانستے اور چھینکتے وقت ٹشو پیپر کا استعمال کریں، ٹشو پیپر نہ ہونے کی صورت میں کلائی کو ٹیڑھا کرتے ہوئے کہنی کا استعمال کریں، ایسے مریض جن میں فلو، نزلہ، زکام اور کھانسی کی علامات پائی جاتی ہیں وہ ہجوم میں جانے سے گریز کریں، متوازن اور صحت مند غذا کا استعمال کریں، اپنے جسم کو متوازن رکھنے کیلیے گرین ٹی اور گھروں میں تیار کردہ مشروبات کا استعمال کریں۔

پولیس نے چھاپہ مار کر ڈکیت گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس نے چھاپہ مار کر ڈکیت گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شاہبور کے ایس ایچ او نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر ڈکیت گینگ کے سرغنہ عاطف عرف عاطی اور کے ساتھی ڈاکوؤں داؤد اور مبشر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 7 لاکھ روپے سے زائد نقدی، موبائل فون اور اسلحہ برآمد کر کے ان کے خلاف مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

غیر رجسٹرڈ منشیات کیئر سینٹر میں تشدد سے نوجوان کی مبینہ ہلاکت

فیروز وٹواں: (نامہ نگار) غیر رجسٹرڈ منشیات کیئر سینٹر میں تشدد سے نوجوان کی مبینہ ہلاکت، مقدمہ درج۔ فیروز والا میں ایک غیر رجسٹرڈ منشیات کیئر سینٹر میں علاج کے لیے لائے گئے تین بچیوں کے باپ کو مبینہ طور پر تشدد کے بعد پھانسی دے دی گئی۔ واقعے کے بعد سینٹر کا عملہ لواحقین کے پہنچنے پر نعش چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ پولیس نے واقعے میں ملوث چار افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ پیراں منڈی مریدکے کے رہائشی محمد امجد نے اپنے 24 سالہ بیٹے محمد شہروز کو، جو نشے کا عادی تھا، علاج کے لیے پرائیویٹ منشیات کیئر سینٹر فیروز والا میں داخل کروایا تھا۔ دو روز بعد جب محمد امجد اپنے دو دوستوں کے ہمراہ بیٹے سے ملاقات کے لیے سینٹر پہنچا تو دروازہ بند پایا اور اندر سے شور کی آوازیں سنائی دیں۔ محمد امجد کے مطابق، دروازہ نہ کھلنے پر انہوں نے جبراً اندر داخل ہو کر دیکھا تو محمد شہروز کو کپڑے کے پھندے سے لٹکایا گیا تھا۔ اس دوران سہیل حسنات نامی شخص نے شہروز کی ٹانگیں پکڑ رکھی تھیں جبکہ دو دیگر افراد اور ایک خاتون اس کے پاؤں کھینچ رہے تھے جس کے نتیجے میں شہروز کی موت واقع ہو گئی۔

اسٹنٹ کمشنر دیپالپور کا احسن اقدام: شہریوں کا اظہار تشکر

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) اسٹنٹ کمشنر دیپال پور کا احسن اقدام شہری کی بذریعہ درخواست نشاندہی پر بلاوجہ بلاک کھیوٹیں کھولیں اور ریونیو افسران کو تحصیلدار آفس میں حاضری یقینی بنائیں اور رجسٹری برانچ میں رجسٹریوں کے اندراج کے احکامات جاری کر دیے عوامی حلقوں کا اسٹنٹ کمشنر کو احسن اقدام پر خراج تحسین،، تفصیلات کے مطابق دیپال پور کے شہری وثیقہ نویس فوجی محمد اسلم نے درخواست گزاری کہ چند ایک ریونیو پٹواریوں کی طرف سے بلاوجہ کھیوٹیں بلاک کر دی گئی ہیں جس کی وجہ سے سائلین کو فردات کے حصول اور انتقالات کے لیے انتہائی دشواری کا سامنا ہے انہوں نے موقف اختیار کیا کہ ریونیو افسران کی عدم دستیابی کی وجہ سے بھی عوام پریشان حال ہے۔ جس پر اسٹنٹ کمشنر دیپال پور نعیم بشیر نے فوری احکامات جاری کرتے ہوئے بلاوجہ بند کھیوٹیں فوری کھولنے اور ریونیو آفسران کو تحصیلدار آفس میں بیٹھ کر کام کرنے اور رجسٹریوں کے رجسٹری برانچ میں درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے انہوں نے رجسٹری برانچ کے کلرکس کو بھی اپنی ڈیوٹی بطریق احسن سر انجام دینے کے احکامات جاری کیے اسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی ہدایت کے مطابق عوامی مشکلات کے حل کے لیے میرے دروازے دن رات کھلے ہیں

کمزروں اور ناداروں کے حقوق ترجیحات میں شامل ہیں: میاں تیمور

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی یوتھ ونگ کے ضلعی صدر میاں تیمور خالد نے کہا ہے کہ پاکستان میں طاقتور طبقات کو کمزوروں اور ناداروں کے حقوق روندنے اور ان کا استحصال کرنے سے روکنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ تمام شہریوں کو یکساں بنیادی حقوق حاصل ہو سکیں قوم کو مایوسی کا شکار کرنے والے خیر خواہ نہیں یہ وقت متحد ہو کر قومی مفادات کے حصول کی خاطر جدوجہد کرنے کا ہے سیاسی جماعتیں معاشی ترقی کے اہداف کی تکمیل کیلئے اپنا کردار ادا کریں پاکستان ہم سب کا وطن ہے جس کی ترقی ہم سب کی یکساں ذمہ داری ہے، اس وقت پاکستان بھی جن مسائل سے دوچار ہے ان کا تقاضا ہے کہ متحد ہو کر معاشی ترقی کیلئے کردار ادا کیا جائے سیاسی مفادات کے حصول کی خاطر قومی مفادات کو داؤ پر لگانا ملک دشمنی ہے محب وطن سیاسی قیادت نے حکومتی اتحادی بن کر ملکی ترقی و عوامی خوشحالی میں کردار ادا کرنے کا اصولی فیصلہ کیا اور وفاق و پنجاب میں تمام حکومتی اتحادی جماعتیں بھرپور خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

سے منہ موڑنے کے مترادف ہے جو قوم کی مقدس امانت ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف سب کو متحد ہو کر آگے بڑھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی حفاظت کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے فوجی جوان اور ان کے اہل خانہ ہماری طرف دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے بے نظیر بھٹو، بلور خاندان اور مفتی نعیمی سمیت سیکڑوں اہم شخصیات کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دسمبر 2014 میں سانحہ آرمی پبلک اسکول کے بعد میرے قائد نواز شریف نے پوری قوم کو متحد کیا۔ پوری قوم نے مل کر دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا۔ افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے ادارے، سکیورٹی ایجنسیز، سیاستدانوں اور پاکستانی شہریوں نے لازوال قربانیوں کی داستان رقم کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران دہشتگردی کی جنگ میں پاکستان کی معیشت کو 150 ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان ہوا۔ قربانیوں کی بدولت پاکستان کا امن بحال ہوا، معیشت سنبھلی اور ملک کی رونقیں بحال ہوئیں۔ 2018 میں قائم ہونے والی نا اہل حکومت نے دہشتگردی کے خلاف جنگ سے حاصل ہونے والے ثمرات کو ضائع کر دیا اور نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد روک دیا۔ شہباز شریف نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم جو آج خمیازہ بھگت رہی ہے وہ اس پالیسی کا نتیجہ ہے۔ پاکستان آج فیصلہ کن موڑ پر کھڑا ہے۔ دہشت گردی کو ایک مرتبہ پھر سے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے ہم سب کو آہنی عزم کا اعادہ کرنا ہوگا۔ دہشت گردوں کا اصل نشانہ عوام کا اتحاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گرد حملے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، فوجی جوانوں وافسران نے پیشہ ورانہ مہارت سے سیکڑوں جانیں بچائیں۔ وزیراعظم نے افواج پاکستان کی قیادت بالخصوص آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

امور اور علاقائی سیکورٹی کی صورت حال پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں دوطرفہ عسکری تعاون کو مزید فروغ دینے کے مواقع پر بھی بات چیت ہوئی۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے مشترکہ سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کی اہمیت کو اجاگر کیا، خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے تعاون میں اضافے کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔ بحرین کے نیشنل گارڈ کمانڈر جنرل شیخ محمد بن عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور پاک فوج کی دہشت گردی کے خلاف کوششوں کی تعریف کی۔ ملاقات کے دوران آرمی چیف نے مشترکہ سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تعاون کی اہمیت پر زور دیا، خطے میں امن اور استحکام کیلئے بھی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بحرین کے کمانڈر نے مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور دہشت گردی کیخلاف مسلح افواج کی کوششوں کو بھی سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 3

کی واضح الفاظ میں مذمت کی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ گہری یکجہتی کا اظہار کیا۔ کمیٹی نے انسداد دہشت گردی آپریشنز کے انعقاد میں سیکورٹی فورسز و قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے دہشت گردی کو اس کی تمام شکلوں میں ختم کرنے کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ کمیٹی نے ریاست کی پوری طاقت کے ساتھ اس خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے اسٹریٹجک اور ایک متفقہ سیاسی عزم پر زور دیتے ہوئے انسداد دہشت گردی کے لیے قومی اتفاق کی ضرورت پر زور دیا۔ کمیٹی نے دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو ختم کرنے، لاجسٹک سپورٹ کے انسداد اور دہشت گردی وجرائم کے گٹھ جوڑ کو ختم کرنے کے لیے نیشنل ایکشن پلان اور عزم استحکام کی حکمت عملی پر فوری عمل درآمد پر زور دیا۔ کمیٹی نے پروپیگنڈا پھیلانے، اپنے پیروکاروں کو بھرتی کرنے اور حملوں کو مربوط کرنے کے لیے دہشت گرد گروپوں کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے غلط استعمال پر تشویش کا اظہار کیا اور اسکی روک تھام کیلئے اقدامات پر زور دیا۔ کمیٹی نے دہشت گردوں کے ڈیجیٹل نیٹ ورکس کے سدباب کے لیے طریقہ کار وضع کرنے پر بھی زور دیا۔ افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کمیٹی نے ان کی قربانیوں اور ملکی دفاع کے عزم کا اعتراف کیا اور کہا قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج، پولیس، فرنٹیئر کانسٹیبلری اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ کمیٹی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ دشمن قوتوں کے ساتھ ملی بھگت سے کام کرنے والے کسی بھی ادارے، فرد یا گروہ کو پاکستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ کمیٹی نے حزب اختلاف کے بعض اراکین کی عدم شرکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اعادہ کیا کہ اس بارے میں مشاورت کا عمل جاری رہے گا۔ قومی اسمبلی کے سپیکر کی زیر صدارت اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف، پارلیمانی کمیٹی کے ارکان، سیاسی قائدین، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، اہم وفاقی وزرا اور فوج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر آرمی چیف آف اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے دعا بھی کروائی۔

بقیہ بقیہ جات 4

گے۔ پہلے مرحلے میں 13 اضلاع "آغوش" پروگرام کے تحت نومولود بچوں کی ماؤں اور حاملہ خواتین کو امدادی رقم ملے گی۔ "آغوش" پروگرام کا آغاز ڈیرہ غازی خان، تونسہ، راجن پور، لیہ، مظفر گڑھ، کوٹ ادو، بہاولپور، رحیم یار خان، بہاولنگر، بھکر، میانوالی، خوشاب اور لودھراں سے کیا جا رہا ہے۔ حاملہ خاتون کی پہلی دفعہ مراکز صحت/ مریم ہیلتھ کلینک میں رجسٹریشن پر 2 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ حاملہ خاتون کو بچے کی پیدائش تک متواتر طبی معائنے کے لئے وزٹ پر امدادی رقم دی جائے گی۔ مراکز صحت سے مفت طبی معائنے کے بعد "آغوش" پروگرام کے کیش ایجنٹ سے امدادی رقم حاصل کی جا سکے گی۔ حاملہ خواتین کو ہر بار مراکز صحت وزٹ پر 1500 روپے ملیں گے جبکہ ٹوٹل 6 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ "آغوش" پروگرام کے تحت مراکز صحت پر بچے کی پیدائش پر 4 ہزار روپے کا تحفہ ملے گا۔ پیدائش کے بعد 15 دن کے اندر پہلے طبی معائنے پر 2 ہزار روپے ملیں گے۔ پیدائشی سرٹیفکیٹ کا مراکز صحت میں اندراج کروانے پر 5 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ "آغوش" پروگرام کے تحت نومولود بچے کو حفاظتی ٹیکے لگوانے پر 4 ہزار روپے ہر بار 2 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر خواتین کی رہنمائی اور معلومات کے لئے خصوصی ٹال فری نمبر 1221 بھی فعال کر دیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ صحت اور علاج ہر ماں اور بچے کا بنیادی حق ہے حکومت اپنا فرض ادا کرے گی۔ ہسپتالوں میں ماؤں اور بچوں کو بیماری کی حالت میں دیکھنا انتہائی تکلیف دہ ہے۔ سرکاری وسائل پر پسماندہ اور دوردراز علاقوں کے عوام کا پورا پورا حق ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت خصوصی توجہ کی متقاضی ہے، صحت مند ماں ہی صحت مند خاندان کی ضامن ہے۔ پسماندہ علاقوں میں طبی سہولیات کے ساتھ خواتین کی مالی معاونت بھی کر رہے ہیں۔ "آغوش" پروگرام سے نہ صرف ماں بلکہ بچہ بھی صحت مند زندگی کا آغاز کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 5

مدد کے لیے ملکی بینکوں سے 12 کھرب 50 ارب روپے قرضہ لینے کی اجازت دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ فیصلہ حال ہی میں پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف حکام کے درمیان پالیسی مذاکرات کے اختتام کے بعد سامنے آیا ہے، کیونکہ اسلام آباد نے اپنے پاور سیکٹر پر 24 کھرب روپے کے گردشی قرضے کا بوجھ کم کرنے کے لیے 6 سالہ روڈ میپ تیار کیا تھا۔ حکومت کا مقصد بینک قرضوں اور سرچارج سے حاصل آمدنی کو استعمال کرتے ہوئے 15 کھرب روپے کا قرضہ واپس کرنا ہے، جبکہ خودمختار پاور پروڈیوسرز کے ساتھ حالیہ مذاکرات کے ذریعے 463 ارب روپے کی بچت کی توقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

سماعت 24 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے اسپیشل پراسیکیوٹر کو دلائل کے لیے طلب کر لیا۔ جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق سلیم شیخ نے بانی پی ٹی آئی کی ضمانتوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اس کیس میں حکومت نے سپیشل پراسیکیوٹر کو تعینات کیا ہے وہ آج پیش نہیں ہوئے۔ عدالتی حکم پر اسپیشل پراسیکیوٹر جنرل فرہاد علی شاہ عدالت پیش ہوئے۔ جسٹس شہباز رضوی نے پراسیکیوٹر جنرل کو مخاطب کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ نو مئی کے آٹھ کیسز ہیں آٹھ مختلف سپیشل پراسیکیوٹرز تعینات ہیں، یہ ایک تکلیف دہ بات ہے کہ ایک بھی اسپیشل پراسیکیوٹر عدالت میں پیش نہیں ہوا، بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ میں گزشتہ دو ماہ سے ان ضمانتوں کا بہت شدت سے انتظار کر رہا تھا، ہماری درخواست ہے کہ اسپیشل پراسیکیوٹرز آج نہیں کل پیش ہو جائیں۔ ہماری استدعا ہے کہ اسی ہفتے سپیشل پراسیکیوٹرز دلائل کے لیے پیش ہوں، عدالت نے اسپیشل پراسیکیوٹرز کو آئندہ سماعت پر طلب کرتے ہوئے سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 7

الٰہی کے گھر پر چھاپے کے دوران گرفتار 15 ملزمان کے خلاف ٹرائل کی کارروائی 15 اپریل تک ملتوی کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ایڈمن جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ ملزمان پر کار سرکار میں مداخلت پولیس پر حملہ اور پیٹرول بم پھینکنے کا الزام ہے۔ ذکر الٰہی سمیت دیگر ملزمان انسداد دہشتگردی عدالت میں پیش ہوئے۔ ملزمان کی جانب سے مختار احمد رانجھا ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ ذکر الٰہی چوہدری پرویز الٰہی کا قریبی رشتہ دار ہے جبکہ دیگر ملزمان میں پرویز الٰہی کے باورچی ڈرائیورز اور سیکورٹی گارڈز شامل ہیں۔ ملزمان کی ٹرائل کے لئے عدالت میں حاضری مکمل کی گئی۔ ملزمان میں غلام محی الدین، ذکر الٰہی، ملک عاشق حسین، محمد صابر، نور خان، محمد بشیر احمد، سمیع اللہ خان، عبدالمجید، عابد محمود، ساقب حسین، منیر احمد، محمود احمد، مسعود احمد، محمد حسین اور ممتاز حسین شامل ہیں۔ پراسیکیوشن نے ملزمان کیخلاف چالان عدالت میں جمع کرا رکھا ہے۔ ملزمان کے خلاف تھانہ غالب مارکیٹ پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ عدالت نے سماعت 15 اپریل تک ملتوی کرتے ہوئے پراسیکیوشن کے گواہان کو شہادت قلمبند کرانے کے لئے طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

بڑھانا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ وفد میں نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار، وفاقی وزراء اور سینئر حکام شامل ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم کی سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان سے ملاقات شیڈول ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق دونوں رہنما تجارت کے فروغ، شراکت داری، اقتصادی تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 9

دشمن قوتوں اور سیاسی تقسیم ہے، بانی پی ٹی آئی نے حکومت میں کہا کہ طالبان ہمارے بھائی ہیں، صوبہ خیبر پختونخوا کو 600 ارب روپے دہشتگردی کیخلاف لڑنے کے لئے دیئے گئے وہ سارا پیسہ کہاں خرچ کیا گیا ان کے لئے اہم یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو مٹن ملا ہے یا نہیں، انہیں اپنے صوبے میں امن وامان سے کوئی غرض نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور پریس کلب کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے صحافیوں میں تحائف تقسیم کیے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پریس کلب میرا ہمیشہ سے گھر رہا ہے اور اس گھر میں آنے کے لئے مجھے دعوت کی ضرورت نہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے تحائف دینے کے لئے آئی ہوں، میں صحافیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے سنجیدہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مسائل کے حل میں میڈیا نے مثبت کردار ادا کیا، عوام کی سہولت کے لیے مریم نواز ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بطور وزیراعظم بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں کے ساتھ نہیں بیٹھتے تھے، بانی پی ٹی آئی شاید خود کو پاکستان سے اوپر سمجھتے ہیں، ایک جماعت ہے جن کا کام ہی بائیکاٹ کرنا ہے، ان کا ایجنڈا پاکستان، ملک کیخلاف ہونے والی سازشیں، ملک دشمن قوتوں اور سیاسی تقسیم ہے۔ وہ وزیراعظم ہوتے ہوئے طالبان کو بھائی کہتے تھے اور ان کی سرپرستی کرتے۔ سانحہ اے پی ایس کے بعد نیشنل ایکشن پلان بنا، آپریشن ضرب عضب ہو یا ردالفساد، تمام دہشت گردوں کو ختم کر دیا گیا جس کی وجہ سے کچھ عرصہ ملک میں امن رہا لیکن ان کے دور میں سزا یافتہ دہشت گردوں کو صدارتی معافی دی گئی۔ یہی صدارتی معافی والے دہشت گرد زمان پارک کی سکیورٹی کرتے نظر آتے رہے۔ آج ملک میں دہشت گردی دوبارہ سر اٹھا چکی ہے، یہ پاک فوج کو ڈی مورالائز کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ ان کی غلط فہمی ہے کیونکہ فوجی شہادت کے جذبے سے وردی پہنتے ہیں، انہوں نے بیرون ملک چندے کے پیسے سے لابی فرمز ہائر کر رکھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج تمام سیاسی جماعتیں ملک وقوم اور ان کے تحفظ اور سرحدوں کی حفاظت کے لئے سر جوڑ کر بیٹھی ہیں، ایک جماعت تحریک بائیکاٹ ان جماعتوں کے ساتھ نہیں بیٹھی ہوئی، ان کو شاید پاکستان اور عوام کے جان ومال سے کوئی غرض نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا کو 600 ارب روپے دہشتگردی کیخلاف لڑنے کے لئے دیئے گئے لیکن وہاں کوئی سی ٹی ڈی نہیں بنا، وہ سارا پیسہ کہاں خرچ کیا گیا، ان کے لئے اہم یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو مٹن ملا ہے یا نہیں، انہیں اپنے صوبے میں امن وامان سے کوئی غرض نہیں۔ یہ مسلسل جھوٹ بولتے ہیں، روزہ نہ رکھنے کا کوئی اور بہانہ ڈھونڈ لیں، سحری نہ ملنے کا بہانہ نہ کریں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بی ایل اے جیسے دہشت گرد گروپ افغانستان سے اپنے ہینڈلرز کے ساتھ رابطے میں تھے لیکن صوبہ خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ افغان مہاجرین کو واپس بھیجنے پر راضی نہیں، ان مہاجرین کی ہم نے بہت میزبانی کی، اب انہیں واپس چلے جانا چاہیے، یہ ہمیشہ پاکستان کے خلاف کھڑے کیوں نظر آتے ہیں، یہ اسلام آباد پر لشکر کشی کرتے نظر آتے ہیں، ملک کو ڈیفالٹ کرنے کے لئے آئی ایم ایف کو خط لکھتے ہیں، ملک کو نقصان پہنچانے والوں کا ایجنڈہ کسی محب وطن پاکستانی کا نہیں ہو سکتا۔ کیا ان کو علم ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے پاکستان کے خلاف کوئی لائن لینی ہے کہ انہوں نے اڈیالہ جا کر قیدی سے رہنمائی لینی ہے، پاکستان کیخلاف ہونے والی سازشوں کی لائن لینا چاہتے ہیں؟ اس کو اڈیالہ سے لے بھی آئیں تو وہ پاکستان کے بھلے کی بات نہیں کر سکتا۔ ان کی جماعت کو بیرون ملک بیٹھے سوشل میڈیا بریگیڈ نے ہائی جیک کر رکھا ہے جو ڈالر کما رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

آزادی صحافت اور آزادی اظہار رائے پر کامل یقین رکھتی ہے، صحافی برادری ملک کا اہم ستون ہے، پریس کلب صحافیوں کی مضبوط آواز ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پریس کلب ایک ایسا ادارہ ہے جو صحافیوں کے حقوق، آزادی اظہار رائے اور پیشہ ورانہ ترقی کیلئے نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ نومنتخب عہدیداران کی کامیابی اس بات کی غماز ہے کہ صحافی برادری نے ان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ امید ہے نئی قیادت صحافیوں کی فلاح و بہبود، آزادی صحافت اور قومی مفاد میں مثبت کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحافیوں کے مسائل کے حل، ان کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور آزادی صحافت کے فروغ کے لئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ دریں اثناء وفاقی سیکریٹری اطلاعات عنبرین جان اور پرنسپل انفارمیشن آفیسر مبشر حسن نے نیشنل پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی۔ سیکریٹری اطلاعات اور پی آئی او نے اظہر جتوئی کو صدر، نیر علی کو سیکریٹری، وقار عباسی کو سیکریٹری خزانہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ سیکرٹری اطلاعات نے کہا کہ نیشنل پریس کلب پاکستان میں صحافتی برادری کے لئے ایک موثر پلیٹ فارم ہے جو آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں نومنتخب قیادت اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے صحافیوں کی فلاح و بہبود اور میڈیا کی ترقی کے لئے موثر اقدامات اٹھائیگی۔ پرنسپل انفارمیشن آفیسر نے کہا کہ جدید دور کے چیلنجز کے پیش نظر آزاد، ذمہ دار اور حقائق پر مبنی صحافت کا فروغ وقت کی ضرورت ہے، ہمیں یقین ہے نیشنل پریس کلب اس حوالے سے اپنی شاندار روایات کو برقرار رکھے گا۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہوئی تو جج طاہر عباس سپرا نے استفسار کیا کہ ریکارڈ انہوں نے پیش نہیں کرنا ایسے ہی ہونا ہے نا؟ پراسیکیوٹر نے بتایا کہ آئی او منڈی بہاالدین ہے واپس نہیں آیا، عدالت کو ان کے خلاف ایکشن لینا چاہیے۔ جج طاہر عباس سپرا نے پراسیکیوٹر سے استفسار کیا کہ مجھے آج تک سمجھ نہیں آئی کہ پراسیکیوشن کی ذمہ داری کیا ہے؟ عدالت میں چالان پیش کرنا آپ کا کام ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ افغانستان سے پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے خلاف کارروائی ترجیحی بنیاد پر کی جائے۔ اس موقع پر سلامتی کونسل میں امدادی مشن برائے افغانستان کے مینڈیٹ میں مزید 1 سال کی توسیع کی قرارداد منظور کر لی گئی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب نے مزید کہا کہ پاکستان میں دہشت گرد حملے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ منیر اکرم نے یہ بھی کہا کہ یہ حملے پاک چین تعاون، سی پیک میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 13

نیپرا میں جمع کروا دی گئی، 7 آئی پی پیز اور سی پی پی اے نے مشترکہ طور پر ٹیرف نظرثانی کیلئے درخواستیں دائر کیں۔ درخواستیں 2002 کی پاور پالیسی کے تحت لگنے والے آئی پی پیز نے دائر کی ہیں، نشاط چونیاں پاور، نشاط پاور، نارووال انرجی لمیٹڈ، لبرٹی پاور ٹیک لمیٹڈ اور اینگرو پاور جن قادر پور لمیٹڈ نے درخواست دائر کی گئی، نیپرا اتھارٹی آئی پی پیز کی درخواست پر 24 مارچ کو سماعت کرے گی۔ سماعت میں روپے اور ڈالر کی قدر کے فرق کے طریق کار پر نظرثانی کے معاملے کا جائزہ لیا جائے گا، سماعت میں ٹیک اینڈ پے سسٹم کے تحت ادائیگیوں کے طریق کار کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 14

بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پھر قومی سلامتی کے معاملے پر سیاست کو ترجیح دی ہے، قومی سلامتی کے امور کو ہمیشہ مقدم رکھنا چاہیے۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی میں شرکت نہ کرنا طالبانائزیشن کی حمایت کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کے پاس موقع تھا کہ وہ قومی اہمیت کے معاملے پر پارلیمنٹ میں یک زبان ہوتی۔ ہمیں اپنے ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو ختم کرنے کے لیے مشترکہ قومی پالیسی اپنانا ہوگی۔ نیئر حسین بخاری نے خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کو پارلیمانی کمیٹی میں دہشت گردی کے خلاف پالیسی میں اپنی رائے دینی چاہیے تھی، قوم کو اس وقت تقسیم کی بجائے یک زبان ہونے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے جعلی ویڈیو کیخلاف وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی درخواست پر سماعت کی، ایف آئی اے کی جانب سے رپورٹ وفاقی حکومت کے وکیل اسد باجوہ نے پیش کی۔ وکیل وفاقی حکومت نے کہا کہ ایف آئی آر درج ہو چکی ہے، دو ملزمان گرفتار ہوئے، دونوں ملزمان کا چالان عدالت میں جمع ہو چکا ہے، اشتہاری ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔ عدالت نے ایف آئی اے کی رپورٹ پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔

بقیہ بقیہ جات 16

پر طلب کر لیا۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ عدالت نے حکم دیا تھا کہ اٹارنی جنرل تمام آئی جیز سے ملاقات کریں۔ آئی جیز کے ساتھ آج تک کوئی ملاقات نہیں کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمٰن نے کہا کہ آئی جیز کے ساتھ اٹارنی جنرل کی ملاقات ہوئی تھی، جس پر وکیل نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے ادارے تو قائم ہیں لیکن کام نہیں ہو رہا۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ جس کا کام ہے اسی نے کرنا ہے۔ ہم ہر کام خود نہیں کر سکتے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے حوالے سے قوانین موجود ہیں۔ اس موقع پر جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ قوانین تو موجود ہیں، لیکن عمل درآمد نہیں ہوتا۔ بعدازاں کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 17

چینی خرید رہی ہیں تو کسی کو کیا تکلیف ہے؟ چینی کی قیمت ساری عمر کے لیے مقرر نہیں ہوئی تھی، چینی کی قیمتوں کا آج کوئی حل نکل آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ چینی برآمد کی مشروط اجازت صرف پچھلے سیزن کے لیے تھی، عام غریب آدمی کو چینی 130 روپے کلو فراہم کی جا رہی ہے۔ ہارون اختر نے مزید کہا کہ چینی کی ایکس مل قیمت 160 اور ہول سیل قیمت 165 روپے کلو ہے، چینی کی 80 فیصد فروخت کمرشل ہے، صرف 20 فیصد نان کمرشل سیل ہے، اس بار گنے کے کاشتکار کو 725 سے 850 روپے ریٹ ملا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ہے کہ روس کے ساتھ امن معاہدہ ہونے کی صورت میں بڑی تعداد میں ملک یوکرین کو امن فوج فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان نے کہا یوکرین کی حمایت کے لیے نام نہاد رضامندوں کے اتحاد میں 30 سے زائد ممالک کی شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ تعاون کی صلاحیتیں مختلف ہوں گی لیکن یہ ایک بڑی طاقت ہوگی جس میں بڑی تعداد میں ممالک فوجیوں کے ساتھ شریک ہوں گے۔ ترجمان نے پریس بریفنگ کے دوران مزید کہا کہ فی الحال اس حوالے سے عملی بات چیت جاری ہے کہ کولیشن آف دی ولنگ کیا فراہم کر سکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کی کامیابی کے لیے امریکی سیکورٹی کی ضمانتیں اب بھی ضروری ہیں۔ یوکرین میں امن فوج کو کہاں تعینات کیا جائے اس پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے کولیشن آف دی ولنگ کے دفاعی رہنما جمعرات کو لندن میں ملاقات کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کم از کم 150 افراد جاں بحق اور سیکڑوں زخمی ہو گئے۔ مرنے والوں میں کئی بچے شامل ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ وہ اس وقت غزہ میں حماس کے ٹھکانوں کے خلاف وسیع حملہ کر رہی ہے۔ اسرائیل کی جانب سے یہ کارروائی مزید قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے بات چیت معطل ہونے کے بعد سامنے آئی ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ حملوں کی وجہ حماس کی جانب سے بارہا اسرائیل کے قیدیوں کی رہائی سے انکار اور امریکی صدارتی ایلچی اور وساطت کاروں کی جانب سے ملنے والی تمام پیشکشوں کو مسترد کرنا ہے۔ اسرائیل کے نئے حملے فائر بندی کے نافذ العمل ہونے کے تقریباً دو ماہ بعد سامنے آئے ہیں۔ اس سے قبل 17 ماہ تک غزہ کی پٹی میں خون ریز جنگ کا سلسلہ جاری رہا۔ فائر بندی کے بعد درجنوں اسرائیلی قیدیوں کو رہا کیا گیا جن کے مقابل تقریباً دو ہزار فلسطینی قیدی آزاد کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 20

پی پی اے نے ٹیرف پر نظرثانی کے لیے مشترکہ درخواستیں دائر کیں۔ یہ درخواستیں 2002ء کی پاور پالیسی کے تحت لگنے والے آئی پی پیز نے دائر کی ہیں۔ نیپرا میں سماعت کے دوران روپے اور ڈالر کی قدر کے فرق کے طریقہ کار پر نظرثانی اور ٹیک اینڈ پے سسٹم کے تحت ادائیگیوں کے طریقہ کار کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 21

کا 100 انڈیکس 643 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 16 ہزار 842 پر آ گیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 16 ہزار 973 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 16 ہزار 199 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 22

کے خلاف درخواست پر کینٹ انتظامیہ کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت عالیہ میں جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس اورنگزیب خان پر مشتمل بینچ نے معاملے کی سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ شناخت کرانے کے باوجود وکلاء کو پشاور چھاؤنی کے علاقے میں داخلے سے روکا جا رہا ہے، درخواست کے بعد ہائی کورٹ بار اور کینٹ انتظامیہ کے درمیان بات چیت ہوئی ہے۔ جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے کہا کہ اچھا ہے کہ بات چیت ہوئی ہے، اس طرح کوئی حل نکل آئے گا۔ درخواست گزار کے وکیل نے ہائی کورٹ سے عبوری ریلیف کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء کو کینٹ میں داخلے کی اجازت دی جائے۔ جسٹس صاحبزادہ اسد نے کہا کہ 4 دن میں کینٹ انتظامیہ سے جواب طلب کرتے ہیں، انہیں بھی سن لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 23

ہے، پیش نہ ہونے کی صورت پر پارٹی قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ محمد اقبال خان محسود این اے 235 کراچی ایسٹ ون سے ایم کیو ایم کے رکن اسمبلی ہیں۔ ہفتہ کی شب ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ محمد اقبال خان اپنی پوزیشن واضح کرنے کے لیے پیش نہ ہوئے تو پارٹی قوانین کے تحت آئین کی رو سے تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 24

گندم اگاؤ پروگرام کے تحت انعقاد ہونے والی تقریب کے لئے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے آئندہ بجٹ میں کسانوں کی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبوں کی تجاویز کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی شرکت کی اس موقع پر وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب زیادہ گندم اگاؤ پروگرام کے تحت 57733 درخواستیں وصول ہوئیں۔ تصدیق کے بعد 21496 درخواست کنندگان کو اہل قرار دیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت 50 ہارس پاور کے ٹریکٹرز 12.5 ایکڑ سے زیادہ گندم کاشت کرنے والوں کو بذریعہ شفاف قرعہ اندازی فراہم کیے جائیں گے۔ قرعہ اندازی کی تقریب وزیر اعلیٰ پنجاب کی سرپرستی میں منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت شعبہ زراعت توسیع نے 5 لاکھ 60 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کی تصدیق کر لی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں۔ اس مقصد کے حصول کیلئے آئندہ دو سالوں میں 35 ارب روپے کی فنانسنگ کی جائے گی۔ کسانوں/سروس پرووائیڈرز کو 5 کروڑ روپے تک کا بلا سود زرعی قرضہ بینکوں کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے تحت چھوٹے سروس پرووائیڈرز مستفید ہوں گے۔ دو سالوں میں ایک ہزار ہائی ٹیک مشینری کیلئے بلاسود زرعی قرضے دیئے جائیں گے۔ یہ مشینری پروگرام گندم، دھان، باغات اور مکئی کی فصل کی پیداوار کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہو گی۔ اس پروگرام کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر لانچ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک نے کہا کہ کسان کارڈ کے پہلے فیز میں اب تک 5 لاکھ 39 ہزار کارڈ کاشتکار مستفید ہو چکے ہیں۔ کسان کارڈ کے دوسرے فیز میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے 25 ایکڑ تک اراضی رکھنے والے کاشتکاروں کو شامل کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کسان کارڈ کے تحت فی ایکڑ قرض کی حد میں اضافہ کر کے 40 ہزار روپے رکھی جائے گی اور پروسیسنگ فیس کو بھی کم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 25

محکمہ صحت خیبر پختونخوا میں ادویات فراہم کیے بغیر فنڈز جاری کیے گئے۔ خیبر پختونخوا میں ادویات اسکینڈل میں 1 ارب 25 کروڑ کی خورد برد کا انکشاف ہوا ہے۔ محکمہ صحت میں ادویات فراہم کیے بغیر فنڈز جاری کیے گئے۔ محکمہ صحت کی جاری کردہ ڈیلیوری چالان بھی جعلی نکلے۔ نیب خیبر پختونخوا نے انکوائری مکمل کر لی، ابتدائی انکوائری میں 2023-24 کے دوران ادویات کی خریداری میں بدعنوانی کی گئی۔ گزشتہ مالی سال کے دوران ادویات خریداری کے 4.4 ارب روپے کے سپلائی آرڈر جاری کیے گئے۔ 2024 کے دوران 50 کمپنیوں کو 4 ارب روپے سے زائد ادائیگی کی گئی۔ ڈاکٹر شوکت علی سابق ڈی جی ہیلتھ کا کہنا ہے کہ زیادہ تر ادائیگی ادویات کی سپلائی سے پہلے کی گئی۔ تمام کمپنیاں معاہدے کے تحت سپلائی کرنے کی پابند تھی۔ سابق ڈی جی ہیلتھ کے مطابق 2025 میں مجھے عہدے سے ہٹایا گیا۔ عدالت نے بھی میرے مؤقف کو تسلیم کیا تھا، جن کمپنیوں کو بلیک لسٹ کرنا چاہیے تھا انہیں 2025-26 میں سپلائی آرڈر جاری کیے گئے۔ ڈاکٹر شوکت نے بتایا کہ ادویات فراہم نہ کرنے والی کمپنیوں کو نوٹسز جاری کیے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 26

اسپتال میں انجکشن سے ہونے والی ہلاکتوں کی انکوائری رپورٹ طلب کرنے کی درخواست کی سماعت ہوئی، عدالت نے محکمہ صحت پنجاب اور پرنسپل میو اسپتال سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے کیس کی سماعت کی، درخواست گزار جوڈیشل ایکٹوازم پینل کے سربراہ اظہر صدیق نے دلائل دیئے۔ درخواست گزار کا موقف اختیار کیا کہ میو اسپتال میں انجکشن سے مریضوں کی ہلاکتوں کا معاملہ انتہائی سنجیدہ ہے، انتظامیہ نے شفاف انکوائری کی بجائے رسمی کارروائی کرتے ہوئے صرف نرسوں کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدالت انکوائری رپورٹ طلب کرتے ہوئے شفاف انکوائری کے احکامات دے۔ گزشتہ روز انکشاف ہوا کہ صوبائی دارالحکومت لاہور کے میو اسپتال میں پھیپھڑوں کے انفیکشن کے علاج کے لیے استعمال ہونے والے انجکشن سے 18 مریضوں کو شدید ری ایکشن ہوا، جس کے نتیجے میں ایک لڑکی سمیت دو افراد جاں بحق اور 18 مریض متاثر ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 27

پوری قوم متحد ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کیخلاف جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ وطن کیلئے جانیں قربان کرنیوالے ہمارا فخر ہیں۔ قوم کو اپنے بہادر بیٹوں پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ حالات کے پیش نظر ملکی سلامتی کے تحفظ کیلئے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ ملک میں صوبائی منافرت پھیلانے کی سازش کی جا رہی ہے۔ دشمن جان لے ان شاء اللہ پاکستان قائم رہنے کیلئے بنا ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک قائم ودائم رہے گا۔ انہوں نے کہا دہشتگردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتا ہوں، ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے عزم میں پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے سکیورٹی فورسز کے جوان اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کرتے ہیں پوری قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

تاہم علی امین گنڈاپور بطور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اس اجلاس میں شریک ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہم اس وقت کسی بھی آپریشن کے حق میں نہیں ہیں، 77 سالوں سے ان حالات کا شکار ہیں اور ان حالات کے حق میں نہیں ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو پےرول پر رہا کیا جائے، ہم نے اس ملک کو ٹھیک کرنا ہے اور فسطائیت کا خاتمہ کرنا ہے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ غیر آئینی وزیراعظم کی دعوت پر قومی سلامتی کے اجلاس میں کیسے جائیں؟ پاکستان انتہائی خطرناک دور سے گزر رہا ہے، دوران الیکشن رات 9 بجے کے بعد جیتی پارٹیوں کو زور پر ہرایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اداروں نے حلف لیا ہوا ہے کہ ہم نے پاکستان کی خدمت کرنی ہے، افسوس ہے اداروں کی مدد سے ہرانے کا کام ہوا، پارلیمنٹ کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 29

برسی منائی گئی۔ بھارتی ہوا بازوں کو سکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم نے چھٹی کا دودھ یاد دلایا تھا، ایئر کموڈور محمد محمود عالم نے 1 منٹ سے بھی کم وقت میں بھارتی فضائیہ کے 5 جیٹ طیاروں کو مار گرایا تھا۔ جنگی ہیرو کو 1965 کی جنگ میں شاندار کارکردگی پر ستارہ جرات سے نوازا گیا۔ ایم ایم عالم 18 مارچ 2013 کو طویل علالت کے بعد 78 برس کی عمر میں دارفانی سے کوچ کر گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 30

سے گفتگو میں علیمہ خان نے کہا کہ 5 اکتوبر والے کیس میں پیش ہو رہے ہیں، 4 اکتوبر کو ہم اسلام آباد میں گرفتار ہوئے تھے، آج تفتیشی افسر پیش ہوئے لیکن دوران سماعت وہ غائب ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ 3 پیشیوں میں پہلے بیانات لے لیے گئے ہیں، ہم ملزم ہیں اسلام آباد سے آئے ہیں، پیش نہ ہوں تو کہتے ہیں گرفتار کریں گے، تفتیشی پیش نہ ہوں تو ان کے خلاف کوئی نوٹس نہیں لیا جاتا۔ علیمہ خان کا یہ بھی کہنا ہے کہ آج بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ میں ملاقات کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

، مدت ختم ہونے پر کسی بھی ادارے میں آپ کی بائیومیٹرک شناختی کارڈ کی تصدیق نہیں ہوگی اور آپ کو کئی مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ ترجمان کے مطابق مدت ختم ہونے پر ایک ماہ کے اندر شناختی کارڈ کی تجدید کرانا قانوناً لازم ہے، شہری اپنی سہولت کے پیش نظر شناختی کارڈ کی مدت ختم ہونے سے کم از کم تین ماہ پہلے اس کی تجدید کرا لیں اور غیر ضروری پریشانی سے دور رہیں۔ میعاد ختم ہونے سے پہلے کسی بھی وقت نادرا پاک آئی ڈینٹٹی موبائل ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن درخواست جمع کرائیں یا قریبی نادرا دفتر تشریف لائیں اور شناختی کارڈ کی تجدید کرائیں، شہری مزید معلومات کے نادرا ہیلپ لائن نمبر 051111786100 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا پھر ویب سائٹ www.nadra.gov.pk پر جا معلومات لے سکتے ہیں، موبائل صارفین 1777 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

پاسنگ آؤٹ پریڈ میں کورس مکمل کرنے والی 23 ریکروٹس نے حلف اٹھایا اور پاکستان رینجرز (پنجاب) کا باقاعدہ حصہ بن گئیں۔ ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز میں لیڈی رینجرز ریکروٹس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی، جس میں 23 ریکروٹس نے حلف اٹھایا، 18 نے جنرل ڈیوٹی کی تربیت حاصل کی، وہ سرحدوں کے ساتھ ساتھ داخلی سلامتی کے محاذوں اور چیک پوسٹس پر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دیں گی جبکہ 5 ریکروٹس نے نرسنگ اسٹاف کی تربیت مکمل کی، وہ رینجرز اسپتال کے ساتھ ساتھ نرسنگ کی فیلڈ میں اپنے فرائض ادا کریں گی۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز پنجاب میجر جنرل محمد عاطف بن اکرم نے انعامات تقسیم کیے۔ لیڈی ریکروٹس اقرا جبین، صبا مصطفیٰ اور مہوش عارف کا کہنا ہے کہ تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملکی ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ پنجاب رینجرز میں شامل ہوئی ہیں، ہمیں سخت تربیت کے بعد کامیابی ملی ہیں، اب ہم ملک کی خدمت کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

دوران سماعت ایف آئی اے کے ڈائریکٹر، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد باجوہ پیش ہوئے، ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد باجوہ نے بتایا کہ نجی کالج واقعہ سے متعلق تحقیقات کا عمل مکمل ہو چکا ہے، کالج میں کسی بچی کے ساتھ نہ تو زیادتی ہوئی اور نہ ہراساں کرنے کا کوئی واقعہ پیش آیا، کالج سے متعلق سوشل میڈیا پر جھوٹا پراپیگنڈہ کیا گیا، جس بچی کو متاثرہ بچی بنا کر پیش کیا جا رہا تھا اس بچی کا اور اس کے والدین کے بیانات قلمبند کیے گئے اور انہوں نے بتایا کہ ایسا کچھ نہیں، بچی سیڑھیوں سے گر گئی، کمر پر چوٹ لگنے کے باعث ہسپتال لیکر گئے تھے۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ کیا آپ نے دیگر طلبہ یا عام شہریوں کے بیانات ریکارڈ کیے، ڈپٹی اٹارنی جنرل اسد باجوہ نے بتایا کہ کالج کے جن بچوں نے سوشل میڈیا پر پیغامات دیئے ان کے بیانات بھی ریکارڈ پر ہیں، تمام بچوں نے ایسے کسی واقعہ کی نشاندہی نہیں کی۔

بقیہ بقیہ جات 34

کہا کہ ملک کی ترقی اور تعمیر کے لیے دہشتگردی کا خاتمہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف لڑائی ہماری لڑائی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ دہشتگردی کی اس جنگ میں نوے ہزار سے زائد پاکستانیوں کا لہو شامل ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ ہم اپنی فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ افسوس کہ پی ٹی آئی نے اس اہم ترین مسئلے پر بریفنگ کا بائیکاٹ کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ ہمیں اپنے ذاتی مفادات اور سیاسی اختلافات سے اوپر اٹھنا ہوگا، ہمیں مل کر دہشتگردی اور انتہاپسندی کو شکست دینی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 35

ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا کہ 13 مارچ کو نوٹیفکیشن میں افسران کو ایڈمن پول میں رکھنے کے لیے پیرامیٹرز طے کیے، جس کے مطابق کسی بھی افسر کو ایڈمن پول میں رکھنے کی مدت 45 دن ہو گی، ایڈمن پول میں کسی افسر کو رکھنے کی مدت میں زیادہ سے زیادہ 90 دن تک توسیع ہو سکتی ہے۔ ایف بی آر نے مؤقف اپنایا کہ درخواست گزار کی ترقی متاثر نہیں ہو گی، اب ہائی پاور سلیکشن بورڈ کو کام سے روکنے کے حکم امتناع برقرار رکھنے کی ضرورت نہیں، ایف بی آر افسر شاہ بانو غزنوی ایڈمن پول میں رکھنے کے باعث پروموشن میں رکاوٹ پر عدالت آئی ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 16 اپریل تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 36

ملزم نے زمین ہتھیانے کے لیے اپنے دوست کے ساتھ مل کر اعظم کو فائرنگ کر کے قتل کیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

گاڑی چلانے پر 29 ہزار 700 سے زائد چالان ٹکٹ جاری کیے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کی پاسداری کا مقصد چالان نہیں بلکہ قیمتی جانوں کا تحفظ ہے، حادثے کی صورت میں ہیلمٹ کا استعمال ہیڈ انجری سے محفوظ رکھتا ہے، گاڑی میں سوار تمام افراد سیٹ بیلٹ کا استعمال لازمی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس شہریوں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ہر دم کوشاں ہے، روڈ سیفٹی مہمات کا سلسلہ پنجاب کے تمام اضلاع سمیت تحصیلوں میں بھی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

سلسلہ شروع ہو گیا ہے، جس سے دریائے جہلم اور ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ محکمہ شاہرات کی مشینری سڑکوں سے برف ہٹانے میں مصروف ہے۔ ایکسین شاہرات نیلم سہیل قیوم قریشی کے مطابق برفانی تودوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے ملبے کو صاف کرنے میں مزید دو سے تین دن لگ سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے لئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں گھروں اور مساجد میں بھی خصوصی تیاریاں کی گئی ہیں۔ ماہ مقدس رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مسلمان اعتکاف کی سعادت حاصل کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی قربت اور لیلۃ القدر کی تلاش میں جہانیاں سمیت پاکستان بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام 20 رمضان المبارک کو اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ فیصل آباد سمیت ملک بھر کے ہر چھوٹے بڑے شہر، قصبوں و دیہاتوں کی مساجد میں لوگ 20 رمضان المبارک کی شام مغرب کی نماز مسجد میں ادا کریں گے اور رات عبادت کے بعد نماز فجر کے بعد متصل خیموں میں داخل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 40

کے جج حافظ رضوان عزیز نے ملزم منشا کے خلاف کیس کی سماعت کرتے ہوئے فیصلہ سنا دیا۔ ملزم کے خلاف کاہنہ پولیس نے 2020ء میں مقدمہ درج کیا تھا۔ پولیس کا ملزم پر الزام تھا کہ اس کے قبضے سے 1 ہزار 70 گرام منشیات برآمد ہوئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 41

ملزمان سے 3 کلاشنکوف، 1400 گرام سونا اور 27 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بازیاب مغویوں کا تعلق سرگودھا سے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

خالق حقیقی سے جا ملے تھے۔ سندھ کے ضلع شکارپور میں 1973 میں آنکھیں کھولنے والے نصیر سومرو نے ابتدائی تعلیم آبائی گاؤں میں ہی حاصل کی اور پھر کراچی منتقل ہوگئے، جہاں انہیں اپنے لمبے قد کے باعث دنیا بھر میں پہچانا جانے لگا۔ نصیر سومرو کا نام ان کے 7 فٹ 9 انچ دراز قد کے باعث گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں بھی شامل کیا گیا، جس پر انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے قومی ایئر لائن میں ملازمت دی گئی۔ مرحوم کے بھائی نے حکومت کی جانب سے مدد نہ ملنے کا شکوہ کرتے ہوئے بتایا کہ دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے نصیر سومرو کافی عرصے سے سانس اور جوڑوں کی بیماری میں مبتلا تھے، اور وہ جان کی بازی ہار گئے۔ نصیر سومرو کے سوگواران میں ایک بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں، نصیر سومرو کے انتقال پر صدر پاکستان آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کے لیے نیا وکیل کیا ہے، بیٹے سے ملنے کی اجازت دی جائے، تاکہ اسے آگاہ کر سکوں۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ اینٹی وائلنٹ کرائم سرکل (اے وی سی سی) پولیس بھی بیٹے سے ملنے کی اجازت نہیں دے رہی، لہٰذا ملاقات کروائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 44

ارکان کو ہلاک کر دیا۔ انہوں نے لبنانی فوج سے ان کی لاشیں حاصل کیں اور پھر کنٹرول نافذ کرنے کے منصوبے کے ذریعے سرحد کو محفوظ بنانے کے لیے فوجی کمک بھیجی۔ انہوں نے بتایا کہ سرحدی مقامات کو حزب اللہ کی طرف سے کسی بھی قسم کی دراندازی کو روکنے کے مقصد سے محفوظ کیا گیا ہے۔ آرمی کے آپریشنز کمانڈر نے بتایا ہے کہ سرحدوں کو کنٹرول کرنے کے مقصد سے لبنانی فوج کے ساتھ ہم آہنگی موجود ہے۔ ماہر زیوانی نے وضاحت کی کہ لبنانی فوج کے ساتھ ایک میکنزم قائم کیا گیا ہے جس کا مقصد مستقبل میں سرحدی خلاف ورزیوں کو روکنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

شریف لاہور سمیت صوبہ بھر کی ترقی کیلئے جو اقدامات اٹھا رہی ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی زیر صدارت اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سرپرست اعلیٰ ظہیر بابر، مرکزی جنرل سیکرٹری محبوب علی سرگی، لاہور کے صدر میاں طارق فیروز، سینئر نائب صدر لاہور شیخ اختر، رفعت سکی، نائب صدر لاہور مرزا اظہر بیگ، چوہدری نوید، جنرل سیکرٹری نعیم بادشاہ، چیئرمین لاہور عطاء جٹ، سینئر وائس چیئرمین ملک ناظم بھی موجود تھے۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ تاریخی ورثے کی بحالی اور محفوظ کرنے کے لئے لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول کا قیام خوش آئند ہے، سابق وزیراعظم نواز شریف کی جانب سے سٹیرنگ کمیٹی کی سربراہی سے یہ امید کی جا سکتی ہے کہ یہ منصوبہ جلد پایہ تکمیل کو پہنچے گا اور لاہور اپنی صورت میں بحال ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 46

بازیاب کروا کر ملزم کو گرفتار کیا۔ مغویہ نے بیان دیا کہ ملزم اس کے ساتھ زنا بالجبر بھی کرتا رہا۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے کہا کہ تفتیش کو ہر پہلو پر میرٹ پر کرتے ہوئے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 47

اسے ذخیرہ کرنے کے لیے ڈیم نہیں ہیں۔ اس سنگین صورتحال کے باعث پاکستان کو ایک تباہ کن بحران کا سامنا ہے، جس کے حل کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت خطرناک حد تک کم ہو کر صرف 30 دن کی ضروریات پوری کرنے کے قابل رہ گئی ہے جبکہ عالمی معیار کے مطابق کم از کم 120 دن کے ذخائر ہونا ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کالا باغ ڈیم کی تعمیر میں مزید تاخیر کی گئی تو ملک کو پانی کی شدید قلت، زرعی پیداوار میں نمایاں کمی اور توانائی بحران جیسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میاں ابوذر شاد اور شاہد نذیر چوہدری نے کہا کہ کالا باغ ڈیم پورے ملک کے لیے انتہائی اہم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا عوام کو ریلیف دلوانے کے بلند و بانگ دعوے دھرے کے دھرے ہی رہ گئے۔

بقیہ بقیہ جات 49

کمرے میں لاکھوں کا سامان جل کر راکھ ہو گیا اور ریسکیو 1122 نے بروقت آپریشن سے آگ پر قابو پا کر عمارت کو بڑے نقصان سے بچا لیا۔

بقیہ بقیہ جات 50

نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

رہے گی۔ ملک محمد احمد خان نے ہنرمندی کے پروگرامز کو سراہتے ہوئے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے تحت جاری مختلف تربیتی پروگرام نے یہاں مقیم بچوں کو خودمختار بنا دیا ہے۔ انہوں نے چائلڈ رائٹس کاکس (Caucus Rights Child) کے قیام کو بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایک انقلابی قدم قرار دیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسی پالیسیاں مرتب کی جائیں گی جو بچوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنائیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی کامیابیوں اور بچوں کی زندگیوں میں آنے والی مثبت تبدیلیوں پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ نہ صرف ایک پناہ گاہ بلکہ ایک ایسی جگہ بن چکا ہے جہاں بچوں کی زندگیوں کو سنوارنے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بعدازاں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے قومی سلامتی کے حالیہ معاملات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسے حساس معاملات پر سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی پر سیاسی پوائنٹ اسکورنگ ملک کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے اور تمام سیاسی جماعتوں کو اس معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو قومی سلامتی اجلاس میں شریک ہونا چاہیے تھا کیونکہ یہ ملک کا اہم ترین معاملہ ہے اور ہر جماعت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس پر متفقہ موقف اپنائے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ کئی مواقع پر وہ خود گواہ رہے ہیں جب قومی سلامتی کے معاملات پر پی ٹی آئی نے شرکت نہیں کی، جبکہ ماضی میں عمران خان بطور وزیراعظم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے اجلاس میں شریک نہیں ہوئے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ آج بھی نیشنل سیکیورٹی کی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں پی ٹی آئی نے شرکت نہیں کی، جو ان کی غیر سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پی ٹی آئی کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کے لیے سوچنا چاہیے اور ایسے مسائل پر سیاست کرنے سے گریز کرنا چاہیے جو قومی وحدت کے متقاضی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

ادا کرتے ہیں۔ یو ایس قونصلیٹ جنرل کرسٹن ہاکنز نے اس موقع پر کہا کہ میرے لیے یہ منفرد تجربہ ہے کہ اس طرح کی منفرد انٹرفیتھ کی تقریب میں شریک ہوں اور یہ دیکھ کر خوشی محسوس ہوئی کہ نولکھا پریسبیٹیرین چرچ میں انٹرفیتھ افطار کا اہتمام ایک شاندار روایت بن چکی ہے جو مذہبی ہم آہنگی اور اتحاد کا بہترین نمونہ پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی اور امن وقت کی اہم ضرورت ہے جبکہ ایسے پروگرامز اس مقصد کو حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر نے اپنی تقریر میں کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور یہاں مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کیا جا رہا ہے۔ ہم سب کو مل کر اس امن اور محبت کے پیغام کو پھیلانا ہوگا تاکہ دنیا میں مذہبی ہم آہنگی قائم ہو سکے۔ چیئرمین کل مسالک علماء بورڈ مولانا محمد عاصم مخدوم نے اس موقع پر کہا کہ چرچ ہو یا مسجد، ہر جگہ محبت وامن کا پیغام دیا جا رہا ہے۔ ہمیں آپس میں اتحاد و بھائی چارہ قائم کرنا ہوگا تاکہ دنیا میں امن قائم ہو سکے۔ دیگر مقررین میں ڈاکٹر جیمز بھٹی، فادر جیمز چنن، سربراہ فیسز پاکستان جاوید ولیم، مفتی عاشق حسین، خطیب داتا صاحب رمضان سیالوی، اور نواب آغا علی قزلباش شامل تھے، جنہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انٹرفیتھ کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر مجید ایبل کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ سب مل کر انٹرفیتھ ہارمنی کے فروغ میں اپنا اپنا کردار ادا کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان میں مذہبی ہم آہنگی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

سزا سنائی گئی۔ جونیئر کلرک محمد ذیشان کو نوکری سے برخاست جبکہ 36 لاکھ، 92 ہزار اور 910 روپے ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ جونیئر کلرک تجمل شاہ نواز کو نوکری سے برخاست جبکہ 34 لاکھ، 32 ہزار اور 627 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ سٹینو گرافر محمد زاہد شریف کو 2 لاکھ، 33 ہزار اور 043 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ اسسٹنٹ عمران ممتاز کو نوکری سے برخاست جبکہ 49 لاکھ، 58 ہزار اور 581 روپے کی سزا سنائی گئی۔ سٹینو گرافر زین العابدین کو نوکری سے برخاست جبکہ 40 لاکھ، 37 ہزار اور 543 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ سابق آفس سپرنٹنڈنٹ گل نواز چیمہ کو نوکری سے برخاست جبکہ 24 لاکھ، 80 ہزار اور 705 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ سابق آفس سپرنٹنڈنٹ محمد سرفراز کو نوکری سے برخاست جبکہ 24 لاکھ، 12 ہزار اور 496 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی اور سابق آفس سپرنٹنڈنٹ زاہد علی کو نوکری سے برخاست جبکہ 22 لاکھ، 85 ہزار اور 353 روپے کی ریکوری کی سزا سنائی گئی۔ انکوائری کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں آئی پی ایچ کے تمام گھوسٹ اور جعلی ترقی پانے والے ملازمین کے خلاف ایکشن لیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

۔ اقوام متحدہ کے صحت سے متعلق ادارے نے اس کی وجہ فنڈز کی کمی بتائی ہے۔ کیونکہ امریکہ نے امدادی رقم میں کٹوتی کر دی ہے۔ فنڈز کی یہی کمی اس کی وجہ ہے۔ کسی ہنگامی مداخلت کے بغیر عالمی ادارہ صحت کی 220 سے زائد سہولتیں جون 2025 تک بند ہو جائیں گی۔ یہ بات عالمی ادارہ صحت نے ایک بیان میں بتائی ہے۔ عالمی ادارہ صحت اس سے پہلے ہی 167 منصوبوں کی بندش کا بتا چکا ہے۔ ان منصوبوں کی بندش کی وجہ بھی فنڈز کی کمی ہی بنی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

435 گ ب کے رہائشی 40 سالہ محمد عامر اپنے عزیزوں 35 سالہ عرفان اور 25 سالہ عبدالعزیز کے ہمراہ کار پر جا رہا تھا کہ جب وہ تاندلیانوالہ کینال روڈ کھوبھیاں شاپ کے قریب پہنچا تو تیز رفتاری کے باعث سامنے سے آنیوالی ٹریکٹر ٹرالی جس کی لائٹس نہ ہونے کی وجہ سے ٹکرا گئے، حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو کار سے نکالا تو 40 سالہ محمد عامر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ چکا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 56

دکھائے گئے انہوں نے کہا کہ ہمیں اس بات پر تو فخر ہے کہ ہم ایٹمی ہتھیاروں سے لیس ہیں لیکن دوسری جانب ہم اقتصادی اور معاشی لحاظ سے اتنے کمزور ہو گئے ہیں کہ سر اٹھا کر بات نہیں کر سکتے قوموں کی تقدیر بدلنے کے لئے ضروری ہے کہ ریاست کے چاروں ستون ہر قسم کی برائی سے پاک ہوں انہوں نے کہا کہ ہر عمل کا رد عمل ہوتا ہے فطرت کے اصولوں سے انحراف نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 57

کر رہی ہے اور غزہ میں قیدیوں کو ایک نامعلوم انجام سے دوچار کر رہی ہے۔ فوج نے چھاپوں کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں لیکن وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے ایک بیان جاری کیا جس میں کہا گیا کہ فوج کو حماس دہشت گرد تنظیم کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے بیان میں مزید کہا کہ یہ حماس کی طرف سے ہمارے قیدیوں کو رہا کرنے سے بار بار انکار اور امریکی صدارتی ایلچی سٹیو وٹ کوف اور ثالثوں کی طرف سے موصول ہونے والی تمام تجاویز کو مسترد کرنے کا رد عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب سے اسرائیل حماس کے خلاف فوجی طاقت میں اضافہ کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 58

۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع ملنے پر پولیس نے کارروائی کر کے مغوی خواتین کو لاہور سے بازیاب کرا کر ملزم طارق کو گرفتار کر لیا۔ ادھر مغوی خاتون ثناء نے الزام عائد کیا کہ ملزم طارق اسے زبردستی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ کا کہنا تھا کہ دوران تفتیش انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

وجہہ اور فضائل اجاگر کیے جائیں گے ملک بھر کے اخبارات یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مناسبت سے سپیشل ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ سرکاری و نجی ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 60

پر فائرنگ کی جس سے کار میں موجود سکیورٹی گارڈ زخمی ہوا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان 25 لاکھ روپے چھین کر فرار ہو گئے جب کہ سکیورٹی گارڈ سر میں گولی لگنے سے بری طرح زخمی ہو گیا جو دوران علاج چل بسا۔

بقیہ بقیہ جات 61

میں رواں سال جنوری میں پٹرولیم مصنوعات کی ملکی درآمدات میں 24.1 ارب روپے یعنی 20 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

، اس واقعے میں فوٹیج میں نظر آنے والی بچی کا بیان قلمبند کیا گیا ہے، طالبہ نے بھی بتایا ہے زیادتی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، اس واقعے کا مقدمہ درج ہو چکا ہے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے بتایا کہ ہم نے اس واقعے پر جے آئی ٹی تشکیل دی تھی، جس نے مکمل اور جامع رپورٹ پیش کی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس میں کہا کہ ملک میں قانون موجود ہے جس پر اداروں نے عملدرآمد کروانا ہے، ایف آئی اے نے اچھا کام کیا، اس پر تعریف بنتی ہے۔ عدالت نے نجی کالج کے واقعے کی حد تک درخواست نمٹاتے ہوئے تعلیمی اداروں میں ہراسانی کے واقعات پر چیف سیکرٹری کی سربراہی میں کمیٹی قائم کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 63

مبتلا شخص کو منتقل کیا ہے۔ یہ ہنگامی ضرورت کے تحت راستے میں بہت کم وقت میں دل کے دورے کا شکار ہونے والے فرد کو طبی سہولت دی جاتی ہے۔ اس مریض کو بھی صرف 56 سیکنڈ میں طبی امداد کی فراہمی ممکن بنا دی گئی۔ ڈاکٹر احمد بن الزہرانی علاقائی برانچ کے ڈائریکٹر ہیں ان کا کہنا ہے میڈیکل ٹرانسفر سنٹر کو 997 نمبر کی ہاٹ لائن پر کال موصول ہوئی کہ ایک 60 سالہ مریض کو مسجد نبوی میں موجودگی کے دوران اس کے سینے میں درد ہوئی۔ اس اطلاع کے فوری بعد ایک ایڈوانس ٹیم کو اس مریض کی مدد کے لیے بھیج دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 64

جو عالی شان محلات میں رہنے اور پروٹوکول کے بغیر ایک عام انسان کی طرح زندگی گزارتی ہو، حکمرانوں کی بے حسی اور اداروں کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے رمضان میں بھی لوگوں کو مہنگائی نے مشکلات میں ڈال رکھا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے دو سال کے دوران ڈیڑھ ارب یونٹس سے زائد کی اوور بلنگ کی گئی جس کی مالیت 46 ارب روپے بنتی ہے۔ عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے اور کوئی پوچھنے والا ہی نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 65

موقع پر ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے صدر زوہیب الرحمٰن زبیری، سینئر نائب صدر عاشق علی رانا، نائب صدور واصف علی شیخ، محمد عثمان، جنرل سیکرٹری سید حسن علی قادری، فنانس سیکرٹری سیف الرحمٰن زبیری، جوائنٹ سیکرٹری عبدالرحمٰن اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران میں بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 66

ایکشن لیا جائے، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ چند سالوں سے رمضان مبارک کا تقدس مجروح کیا جا رہا ہے، ہوٹلز، کیفے، پان شاپس کھلے دکھائی دیتے ہیں، نہ تو ہوٹل مالکان اور نہ ہی روزہ داروں کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے حالانکہ احترام رمضان ایکٹ پر عملدرآمد ہر ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ اشیا خوردونوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، رمضان المبارک رحمت کا مہینہ ہے بدقسمتی سے نااہل حکومت کی پالیسیوں نے اسے زحمت بنا دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

کیلئے دعا کی وہاں ملک کی سلامتی وترقی اور استحکام کیلئے بھی دعا کی، انہوں نے کہا کہ ہر انسان اپنی دنیاوی زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے دن رات انتھک محنت وکوشش میں لگا رہتا ہے لیکن ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ جب انسان اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو وہ صرف اپنے ساتھ اپنے اعمال لے کر جاتا ہے اور جس کے اعمال اچھے ہونگے، رب تعالیٰ کی ذات اسکو اسکا بہتر صلہ دے گی تو ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ دنیاوی معاملات میں ہم جس قدر بھی اپنی زندگی کو بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں وہاں اپنی آخرت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے اعمالوں کا بھی حساب کتاب رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 68

سے زرعی پالیسی کا اعلان کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی زراعت سے وابستہ 70 فیصد آبادی حکومتی عدم توجہی کی وجہ سے بدترین معاشی مشکلات کا شکار ہے اگر ملک کو واقعی ایشین ٹائیگر بنانا ہے تو حکومت کو زراعت اور صنعت کی طرف فوری توجہ دینا ہوگی، آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کے قرضوں سے ملک نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی کٹائی کا وقت آنے والا ہے مگر حکومت کوئی واضح پالیسی کا اعلان نہیں کر سکی۔

بقیہ بقیہ جات 69

نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات پر رمضان المبارک میں صارفین کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلہ میں ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو حکومت پنجاب کے مقرر کردہ نرخوں پر اشیا فروخت کریں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول ایکٹ کے تحت رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

ڈاکٹر عامر نوید اور اے ایم ایس ڈاکٹر رائے حیات بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کا زبردست رش ہے۔ یہ انسٹیٹیوٹ فیصل آباد کے علاوہ اردگرد کے ڈویژنوں کے مریضوں کو بھی طبی سہولتیں مہیا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسٹیٹیوٹ کے بنیادی تعمیراتی ڈھانچے میں اضافے اور بہتری کیلئے بھی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران فراخدلی سے عطیات دیں گے۔

بعدالت جناب ندیم انجم صاحب
سول جج لالیاں

عنوان: برخوردار بنام فلک شیر
دعوی: حصول ڈگری حکم امتناعی دوامی۔۔

اشتہار بنام فلک شیر ولد لالہ قوم جٹ گوندل ساکن موضع دلوکہ تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ کو ہرگاہ مقدمہ بالاعنوان میں متعدد بار طلب کیا گیا۔ لیکن مدعا علیہ عدالت ہذا حاضر نہیں ہوئے۔ لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 20-03-25 کو صبح نو بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا حاضر ہوں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بحکم عدالت ہذا و دستخط مجاز

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 2 جنوبی
متوفیہ نسیم اختر طلاق شدہ زوجہ محمد یار۔
وارثان اکبر علی والد۔ سرداراں بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔
زندہ محمد اسلم۔ محمد نواز برادران آمنہ بی بی ہمشیرہ۔ محمد ایاز سابقہ خاوند طلاق شدہ متوفیہ ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/
ADLR دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت سکینہ بی بی (متوفیہ) زوجہ محمد فخر حیات دختر نیاز احمد ساکن موضع کہل سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع کہل سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ سکینہ بی بی (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکی ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد فخر حیات (خاوند پہلے فوت شد)، روبینہ فخر، شمسہ فرح فخر، علی رضا دختران وپسر متوفیہ سکینہ بی بی ساکنان موضع کہل سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت سکینہ بی بی (متوفیہ) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

کھیل نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت میں ڈالنے کا مؤثر ذریعہ ہیں: ملک محمد احمد خان

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی چیئرپرسن سارہ احمد، افسران اور عملے کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں یہ ادارہ ایک مثالی حیثیت اختیار کر چکا ہے

یہ ادارہ نہ صرف ایک پناہ گاہ بلکہ ایک ایسی جگہ بن چکا ہے جہاں بچوں کی زندگیوں کو سنوارنے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو لاہور کے سالانہ اسپورٹس ڈے کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کیا اور بچوں کے ہمراہ مختلف کھیلوں کے مقابلے دیکھے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی توانائی کو مثبت سمت میں ڈالنے اور قومی ترقی کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں۔ کھیل نہ صرف جسمانی اور ذہنی نشوونما میں مدد دیتے ہیں بلکہ قومی یکجہتی کو بھی فروغ دیتے ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی چیئرپرسن سارہ احمد، افسران اور عملے کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں یہ ادارہ ایک مثالی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے بیورو کے بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ان کی حمایت ہمیشہ ان بچوں اور ادارے کے ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ کی پاسداری کا مقصد چالان نہیں قیمتی جانوں کا تحفظ ہے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران کے احکامات پر بغیر ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق رواں ماہ صوبہ بھر میں ہیلمٹ کی خلاف ورزی پر 19 ہزار 500 سے زائد شہریوں کو چالان ٹکٹ جاری کیے گئے، لاہور میں ہیلمٹ کی خلاف ورزی پر 9 ہزار سے زائد جرمانے کیے گئے، رواں ماہ صوبہ بھر میں بغیر سیٹ بیلٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

سپیکر ملک محمد احمد خان، چیئرپرسن سارہ احمد چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے ہیڈ کوارٹر میں بچوں کے ہمراہ افطار سے قبل دعا کر رہے ہیں

ملک کی ترقی اور تعمیر کیلئے دہشتگردی کا خاتمہ ضروری ہے: شازیہ مری

پارلیمان میں نیشنل سکیورٹی بریفنگ کا خیر مقدم کرتے ہیں، پی پی پی چیئرمین کے شکر گزار ہیں جنہوں نے سکیورٹی بریفنگ پر زور دیا

دہشتگردی کے خلاف لڑائی ہماری لڑائی ہے، دہشتگردی کی اس جنگ میں نوے ہزار سے زائد پاکستانیوں کا لہو شامل ہے: بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی ترجمان شازیہ مری نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی اور تعمیر کیلئے دہشتگردی کا خاتمہ ضروری ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ پارلیمان میں نیشنل سکیورٹی بریفنگ کا خیر مقدم کرتے ہیں، پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے شکر گزار ہیں جنہوں نے سکیورٹی بریفنگ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ امن اور استحکام کی خاطر چیئرمین بلاول نے ہمیشہ اتحاد اور اتفاق پر زور دیا ہے۔ شازیہ مری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

شکارپور: طویل القامت نصیر سومرو آبائی علاقے میں سپرد خاک

شکارپور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں اپنے لمبے قد کے باعث پہچانے جانے والے نصیر سومرو کو شکارپور میں آبائی علاقے میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا، نصیر سومرو گزشتہ روز طویل علالت کے باعث انتقال کر گئے تھے۔ حکومتی امداد کے منتظر اور دنیا میں طویل القامت شخص کا اعزاز رکھنے والے نصیر سومرو طویل علالت کے بعد 55 برس کی عمر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

ماہ رمضان میں غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا

عوام کو ریلیف دلوانے کے بلند و بانگ دعوے دھرے کے دھرے ہی رہ گئے، پوچھنے والا بھی کوئی نہیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب ماہ رمضان میں غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جانے لگا عوام کو ریلیف دلوانے کے بلند و بانگ دعوے دھرے کے دھرے ہی رہ گئے نرخنامے جاری کرنے کے بعد ان پر عملدرآمد کروانے کی تکلیف گوارہ نہیں کی جاتی۔ ننکانہ صاحب میں گراں فروشی عروج پر پہنچ چکی ہے مارکیٹ کمیٹی کے نرخنامے ہوا میں اڑا دیے گئے دوکاندار مرضی کے مطابق سبزیوں اور پھلوں کے ریٹ لے رہے ہیں پرائس کنٹرول کمیٹی بے اثر ہو گئی مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے سبزیوں اور پھلوں کے نرخنامے جاری کرنے کے بعد ان پر عملدرآمد کروانے کی تکلیف گوارہ نہیں کی جاتی غریب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

لیہ: ڈپٹی کمشنر امیر بیدار ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

حکومتی کارکردگی محض اخباری تشہیر تک محدود: جاوید قصوری

آئی پی پیز نے عوام سے زندہ رہنے کا حق چھین لیا، وزیراعظم محض اعلانات کرنے میں مصروف ہیں: امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

حکومتی معاشی پالیسیوں نے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا، موجودہ حکمرانوں نے قوم کو شدید مایوس کیا ہے: بیان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ وفاقی و صوبائی حکومتوں کی کارکردگی محض اخباری تشہیر تک محدود، عوام کے مسائل میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے، عوام کو جھوٹے، کھوکھلے بیانیے دینے اور گمراہ کرنے والے ہی ملک و قوم کو درپیش تمام مسائل کی جڑ ہیں، حکمرانوں 25 کروڑ عوام کا خون نچوڑ رکھا ہے، ان نااہلوں سے خیر کی امید نہیں، ملک و قوم کو محب وطن قیادت کی ضرورت ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

سرگودھا: ایک دکاندار لڑکا اپنی دکان میں بیچنے کیلئے چوڑیاں سجا رہا ہے

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ”قوت“ خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تا کہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870

محکمہ صحت نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے گھوسٹ اور جعلی ترقی پانے والے 10 ملازمین کو نوکری سے نکال دیا ہے

گھر بیٹھے تنخواہیں، دیگر مراعات اور ترقی حاصل کرنیوالے گھوسٹ ملازمین کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (خبر نگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کے گھوسٹ اور جعلی ترقی پانے والے 10 ملازمین کو نوکری سے نکال دیا ہے۔ گھر بیٹھے تنخواہیں، دیگر مراعات اور ترقی حاصل کرنے والے گھوسٹ ملازمین کے خلاف مقدمہ درج جبکہ 3 کروڑ روپے سے زائد کی ریکوری کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ محکمہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب نے تمام گھوسٹ اور جعلی ترقی پانے والے ملازمین کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ عمر بن جاوید کو نوکری سے برخاست جبکہ 46 لاکھ، 46 ہزار اور 365 روپے کی ریکوری کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

INTERFAITH
IFTAR DINNER

لاہور: یو ایس قونصل جنرل کرسٹین ہاکنز کا سینئر پاسٹر کی جانب سے عشائیہ دیئے جانے کے موقع پر گروپ فوٹو

حماس کے نائب وزیر داخلہ میجر جنرل محمود ابو وطفہ اسرائیلی حملے میں جاں بحق

فوج کو حماس دہشت گرد تنظیم کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، اسرائیلی وزیراعظم

غزہ (این این آئی) حماس کے نائب وزیر داخلہ میجر جنرل محمود ابو وطفہ اسرائیلی حملے میں مارے گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے اعلان کیا کہ وہ غزہ میں حماس کے ٹھکانوں پر شدید حملے شروع کر رہی ہے، جب کہ طبی ماہرین نے بتایا کہ 19 جنوری کو جنگ بندی شروع ہونے کے بعد سے ہونے والے سب سے زیادہ پرتشدد فضائی حملوں میں کم از کم 150 افراد مارے گئے۔ حماس کے ایک رہنما نے بتایا کہ اسرائیل یکطرفہ طور پر جنگ بندی کے معاہدے کو ختم کر رہا ہے۔ تحریک نے ایک بیان میں کہا کہ نیتن یاہو اور ان کی انتہا پسند حکومت جنگ بندی کے معاہدے کو ختم کرنے کا فیصلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

لاہور پولیس نے غیر ملکی منشیات اسمگلنگ کا نیٹ ورک پکڑ لیا

تنزانیہ سے تعلق رکھنے والے منشیات فروشوں سے کروڑوں مالیت کی اڑھائی کلو سے زائد ہیروئن برآمد

ملزمان نے منشیات تعلیمی اداروں، ہوسٹلز، کالجز، یونیورسٹیز کے طلبہ کو بیچنے کا اعتراف کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر غیر ملکی منشیات اسمگلنگ کا نیٹ ورک پکڑ لیا، ایس پی ماڈل ٹاؤن ڈویژن کی سربراہی میں ایس ایچ او فیصل ٹاؤن افضال رؤف نے پولیس ٹیم کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر مختلف مقامات سے 2 غیر ملکی منشیات فروشوں کو گرفتار کیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کے مطابق ملزمان عالے عبداللہ اور جمعہ حماسی سے کروڑوں مالیت کی اڑھائی کلو سے زائد ہیروئن برآمد کی گئی، ملزمان تنزانیہ کے رہائشی ہیں جنہوں نے علاقہ غیر سے منشیات منگوا کر تعلیمی اداروں، ہوسٹلز، کالجز، یونیورسٹیز کے اطراف میں نوجوان نسل کو بیچنے کا اعتراف کر لیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے ان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں۔

ایف بی آر کے گریڈ 21، 22 کے افسران کی ترقی پر غور، حکم امتناع ختم

ہائی پاور سلیکشن بورڈ کی کارروائی عارضی معطل تھی، ہائی پاور سلیکشن بورڈ اپنا کام جاری رکھے، تحریری فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایف بی آر ہائی پاور سلیکشن بورڈ کے گریڈ 21، 22 کے افسران کی ترقی پر غور کے لیے حکمِ امتناع ختم کر دیا۔ ہائی پاور سلیکشن بورڈ کیس کے حوالے سے جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے حکمِ امتناع ختم کرنے کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر کے وکیل کی جانب سے دائر درخواست پر حکمِ امتناع ختم کرنے کی استدعا منظور کر لی گئی۔ تحریری فیصلے کے مطابق حکمِ امتناع کی وجہ سے ہائی پاور سلیکشن بورڈ کی کارروائی عارضی معطل تھی، ہائی پاور سلیکشن بورڈ اپنا کام جاری رکھے۔ عدالت نے ہدایت کی ہے کہ ہائی پاور سلیکشن بورڈ 1 ماہ میں کام مکمل کرے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار کی کوشش کے نتیجے میں مثبت پیش رفت ہوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پتوکی، نجی بینک کے ملازم کے اندھے قتل کا ڈراپ سین، سوتیلا بھتیجا قاتل نکلا

ملزم نے زمین ہتھیانے کے لیے اپنے دوست کے ساتھ مل کر اعظم کو فائرنگ کر کے قتل کیا: پولیس

پتوکی (این این آئی) نجی بینک کے ملازم کے اندھے قتل کا ڈراپ سین ہو گیا جس میں قاتل بھتیجا نکلا۔ پولیس کے مطابق پتوکی میں 20 جنوری کو نواحی علاقے ماجرہ گاؤں کے رہائشی محمد اعظم بینک سے ڈیوٹی کے بعد واپس گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا اور واقعہ کو ڈکیتی کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ مقتول کی بہن نازیہ تبسم کی درخواست پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ پولیس نے جدید اور سائنٹیفک بنیادوں پر کام کیا اور پیشہ وارانہ مہارت سے مقتول کے سوتیلے بھتیجے سمیع الرحمان اور اس کے دوست ہارون کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کا بتانا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: قومی سلامتی کمیٹی کے انعقاد کے موقع پر روٹ بند ہونے کی وجہ سے میٹرو بسیں پارک کھڑی ہیں

مصطفیٰ قتل کیس، ملزم ارمغان اور صحافیوں کا اے ٹی سی کمپلیکس میں داخلہ بند

ملزم ارمغان کے والد کامران اصغر قریشی کو بھی عدالت میں داخلے سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس کے رہائشی نوجوان مصطفیٰ عامر کے قتل کے مقدمے کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت (اے ٹی سی) میں سماعت کے موقع پر صحافیوں سمیت ملزم ارمغان کو عدالتی کمپلیکس میں داخلے سے روک دیا گیا۔ کراچی کی انسداد دہشت گردی عدالت میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کی سماعت کے موقع پر صحافیوں کا اے ٹی سی کمپلیکس میں داخلہ بند کر دیا گیا۔ سکیورٹی اہلکار کے مطابق صحافیوں کو داخلے کی اجازت نہیں ہے، ہمیں اعلیٰ افسران نے منع کیا ہے۔ ملزم ارمغان کے والد کامران اصغر قریشی کو بھی عدالت میں داخلے سے روک دیا گیا، جس پر کامران قریشی نے اے ٹی سی میں بیٹے سے ملاقات کی درخواست دائر کر دی۔ درخواست گزار کے مطابق ارمغان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

حزب اللہ سے سرحدی جھڑپیں جاری، شامی فوج کے چھ اہلکار ہلاک

حزب اللہ کے ایک گروپ نے سرحد کی خلاف ورزی کی اور متعدد ارکان کو ہلاک کر دیا، ماہر زیوانی

دمشق (این این آئی) شام اور لبنان کی سرحد پر شامی فوج اور حزب اللہ کے ارکان کے درمیان جھڑپیں جاری ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق شامی فوج کی ہلاکتوں کی تعداد چھ ہو گئی ہے۔ لبنانی فریق نے دو افراد کی ہلاکت کا بتایا۔ شام اور لبنان کی سرحد پر فوجی آپریشنز کے کمانڈر ماہر زیوانی نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ لبنان کی حزب اللہ کے ایک گروپ نے سرحد کی خلاف ورزی کی اور متعدد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

انجمن تاجران کا انڈر گراؤنڈ پارکنگ کے مجوزہ منصوبے کا خیر مقدم

ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی کا فیصلہ بھی خوش آئند ہے، تاجر بھرپور تعاون کرینگے، مرکزی صدر اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی خصوصاً انارکلی سمیت دیگر مقامات پر پارکنگ کے مسائل حل کرنے کیلئے انڈر گراؤنڈ پارکنگ کے مجوزہ منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر برادری اس کیلئے اپنا بھرپور تعاون فراہم کرے گی، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی رہنمائی میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

ہمارا مقصد مختلف مذاہب کے درمیان بھائی چارے اور محبت کو فروغ دینا ہے: ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل

چرچ ہو یا مسجد، ہر جگہ محبت و امن کا پیغام دیا جا رہا ہے، ہمیں آپس میں اتحاد و بھائی چارہ قائم کرنا ہوگا تا کہ دنیا میں امن قائم ہو سکے، مولانا محمد عاصم مخدوم

بین المذاہب ہم آہنگی اور امن وقت کی اہم ضرورت ہے جبکہ ایسے پروگرام اس مقصد کو حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، کرسٹن ہاکنز

لاہور (خبر نگار) رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں نولکھا پریسبیٹیرین چرچ میں بین المذاہب ہم آہنگی کی ایک شاندار مثال قائم کی گئی، جہاں مسلمانوں کے علمائے کرام اور مختلف مسالک کے رہنماؤں کی افطاری کا اہتمام کیا گیا۔ اس منفرد انٹرفیتھ افطار کی میزبانی ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل نے کی جبکہ چیئرمین کل مسالک بورڈ مولانا عاصم مخدوم اور چیئرمین فیسز آف پاکستان جاوید ولیم بھی منتظمین میں شامل تھے۔ انٹرفیتھ افطار میں ایس قونصلیٹ جنرل کرسٹن ہاکنز، پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر، سیکرٹری ایم پی ڈی ڈی ڈاکٹر شعیب اکبر اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل نے تقریب کی میزبانی کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد مختلف مذاہب کے درمیان بھائی چارے اور محبت کو فروغ دینا ہے اور یقینی طور پر ایسے پروگرام اس بین المذاہب ہم آہنگی کو بڑھانے میں اہم کردار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

ALL BROTHERS & SISTERS TO AN
INTERFAITH
IFTAR DINNER

نولکھا پریسبیٹیرین چرچ آف پاکستان میں سالانہ انٹرفیتھ افطار کے موقع پر ریورنڈ ڈاکٹر مجید ایبل اور پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر کا دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ننکانہ صاحب، ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب ان ایکشن

ننکانہ صاحب (این این آئی) ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب ان ایکشن، یکم مارچ سے اب تک 62 ہزار سے زائد چھاپہ مار کارروائیاں کیں اور 11992 خلاف ورزیوں پر 13 لاکھ 69 ہزار روپے کے جرمانے عائد اور 02 مقدمات کا اندراج کروایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

وادی نیلم سمیت بالائی علاقوں میں سردی کی شدت کم

تاؤبٹ، ہلمت، شونٹھر، سرگن سمیت رابطہ سڑکوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا

نیلم (این این آئی) وادی نیلم سمیت بالائی علاقوں میں مطلع صاف اور سردی کی شدت کم ہونا شروع ہو گئی۔ وادی نیلم کے بالائی علاقوں تاؤبٹ، ہلمت، شونٹھر، سرگن سمیت رابطہ سڑکوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا ہے۔ لوگ اشیائے خورونوش کندھوں پر اٹھا کر لے جانے پر مجبور ہیں جبکہ ادویات کی قلت کا بھی سامنا ہے۔ درجہ حرارت بہتر ہونے سے برف پگھلنے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

کراچی: شہری افطار کیلئے ایک دوکان سے روایتی کھانے خرید رہے ہیں

ننکانہ صاحب، احترام رمضان آرڈیننس پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے پنجاب حکومت اور مقامی ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ماہ مقدس رمضان المبارک میں احترام رمضان آرڈیننس پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے، ماہ رمضان المبارک میں ہوٹل، ٹی سٹال، پان شاپ وغیرہ کھولنے والوں کے خلاف سخت ترین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

لاہور چیمبر کا پاکستان میں پانی کے بحران پر شدید تشویش کا اظہار

پانی کے بحران کے حل، کالا باغ ڈیم کی تعمیر اور چولستان کینال کی تکمیل کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائیں: اعلامیہ

سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے سفارتی سطح پر کوششیں تیز کرنی ہوں گی، میاں ابوذر شاد، شاہد نذیر چودھری

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے پاکستان میں پانی کے بڑھتے ہوئے بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا ہے کہ فوری اقدامات اٹھائے جائیں، کالا باغ ڈیم کی تعمیر اور چولستان کینال کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداران نے کہا کہ پاکستان میں ہر سال تقریباً 35 ملین ایکڑ فٹ پانی ضائع ہو کر سمندر میں گر رہا ہے کیونکہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران ٹالن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی اسٹونیا سے آئے ہوئے ماہرین سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

شیخوپورہ سے اغواء کی جانے والی ماں بیٹیاں لاہور سے بازیاب

مغوی خاتون ثناء نے الزام عائد کیا کہ ملزم طارق اسے زبردستی زیادتی کا نشانہ بناتا رہا

شرقپور (این این آئی) شیخوپورہ: نواحی علاقے شرقپور میں پولیس نے اغوا کی جانے والی ماں اور اس کی 2 بیٹیوں کو لاہور سے بحفاظت بازیاب کرا لیا۔ ڈی پی او بلال ظفر کے مطابق شرقپور کے علاقے مہتم شریف سے ملزم طارق نے خاتون ثناء اور اس کی بیٹیوں کو گھر سے اغوا کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 22 مارچ کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بمطابق 22 مارچ کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا یوم شہادت کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کی مساجد میں منعقدہ تقریبات کے دوران علماء و خطیب حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دین اسلام کی آبیاری کیلئے پیش کی گئی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ علاوہ ازیں پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سیرت حضرت علی کرم اللہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

کورنگی میں ڈاکو شہری سے 25 لاکھ لیکر فرار، فائرنگ سے سکیورٹی گارڈ جاں بحق

گزشتہ روز پولٹری کا کاروبار کرنے والا شہری بینک میں رقم جمع کرانے کے لیے نکلا تھا: پولیس

کراچی (این این آئی) کورنگی میں گزشتہ روز ڈاکوؤں نے پولٹری کا کاروبار کرنے والے شہری سے 25 لاکھ روپے لوٹ لیے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پولٹری کا کاروبار کرنے والا شہری بینک میں رقم جمع کرانے کے لیے نکلا تھا، کورنگی نمبر 6 میں بڑے ہتھیاروں سے لیس ڈاکوؤں نے گاڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں جنوری کے دوران 20.10 فیصد اضافہ

مکوآنہ (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات کی قومی درآمدات میں جنوری 2025 کے دوران 20.10 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق اس دوران درآمدات کا حجم 144 ارب روپے تک پہنچ گیا جبکہ جنوری 2024 میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات کی مالیت 119.9 ارب روپے رہی تھی۔ اس طرح جنوری 2024 کے مقابلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

حیدرآباد: عیدالفطر کی تیاریوں کے سلسلے میں خواتین جیولری خرید رہی ہیں

مسجد نبوی ﷺ میں زائرین کی صحت کے لیے دو سمارٹ طبی کیپسول قائم

طبی کیپسولز نامی مصنوعی ذہانت سے مزین دونوں یونٹس یا کیپسولز کو طباہ اور طبابہ کا نام دیا گیا ہے، رپورٹ

مدینہ منورہ (این این آئی) مدینہ میں عامہ کے لیے موجود مرکز مسجد نبوی ﷺ کے شمالی وسطی حصے میں زائرین کی صحت کے لیے دو سمارٹ طبی کیپسول قائم کیے گئے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق ان طبی کیپسولز نامی مصنوعی ذہانت سے مزین دونوں یونٹس یا کیپسولز کو طباہ اور طبابہ کا نام دیا گیا ہے۔ یہ دونوں سمارٹ طبی یونٹ زائرین کا تیز رفتار انداز میں طبی معائنہ کرتے ہیں۔ یہ طبی کیپسولز زائرین کی دیکھ بھال کی سہولتوں کو وسعت دینے کے لیے ہیں۔ یہ سہولیات اینڈومنٹ اور الحرم ہسپتال میں دستیاب ہیں۔ ان میں طبی کیپسولز کو چلانے کے لیے ماہر طبیب تعینات کیے گئے ہیں۔ ہر روز 576 زائرین کا طبی معائنہ کیا جاتا ہے۔ یہ نجی اور سرکاری شعبوں میں تعاون کا مظہر ہیں۔ اسی دوران سعودی ہلال احمر اتھارٹی کی ٹیموں نے مدینہ میں امراض قلب کے لیے ایک دل کے مرض میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور ہائیکورٹ، تعلیمی اداروں میں ہراسانی کے واقعات کی تحقیقات کیلئے اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تعلیمی اداروں میں ہراسانی کے واقعات کی تحقیقات کیلئے اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی بنانے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے تعلیمی اداروں میں طالبات کو ہراساں کرنے سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ نجی تعلیمی ادارے میں ریپ کا واقعہ پیش نہیں آیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

فیصل آباد: ایک موٹر سائیکل سوار سڑک کنارے رکھے مٹی کے برتن دیکھ رہا ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور